★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★
ABC CERTIFIED
DAILY QUWAT LAHORE
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
ایڈیٹر امداداللہ قریشی
جلد نمبر 15 | جمعۃ المبارک 13 رمضان المبارک 1446ھ، 14 مارچ 2025ء، 30 پھاگن 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 138
Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جنڈولہ میں سیکورٹی فورسز نے خودکش حملہ ناکام بنا دیا

10 خوارج جہنم واصل

علاقے میں لڑاکا ہیلی کاپٹر گشت کر رہے ہیں، وقفے وقفے سے فائرنگ کی آوازیں سنائی دے رہی ہیں اور تا حال صورتحال کشیدہ ہے، حملہ خودکش تھا، فورسز کی کارروائی جاری ہے: ذرائع

جنوبی وزیرستان جنڈولہ قلعہ چیک پوسٹ کے باہر گیٹ پر متعدد خوارج کو ٹھکانے لگا دیا گیا ہے، جنوبی گیٹ کے باہر خودکش حملہ آور نے اپنے آپ کو اڑا دیا، دھماکے کے نتیجے میں 2 جوان زخمی ہیں

اسلام آباد (ویب ڈیسک) خیبر پختونخوا کے ضلع جنوبی وزیرستان کے اپر جنڈولہ قلعہ سیکیورٹی چیک پوسٹ پر خودکش دھماکا ناکام بنا دیا گیا جب کہ سیکیورٹی فورسز کی جوابی فائرنگ سے متعدد خوارج ہلاک ہوگئے۔ رپورٹ کے مطابق دہشت گردوں کی جانب سے دھماکے کے بعد شدید فائرنگ کی گئی، ذرائع کا کہنا ہے کہ حملہ خودکش تھا۔ سیکیورٹی ذرائع نے کہا ہے کہ جنوبی وزیرستان جنڈولہ قلعہ چیک پوسٹ کے باہر گیٹ پر متعدد خوارج کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

DIGITAL DEMOCRACY
KNOWLEDGE SHARING CONSUL
BUILDING A SAFE DIGITAL ENVIRONM
DIGITAL DEMOCRACY IN ACTION
13TH MARCH 2025

سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان یواین ڈی پی کے تحت "ڈیجیٹل جمہوریت میں عمل" تربیتی سیشن سے خطاب کر رہے ہیں

ڈیجیٹل پلیٹ فارمز جمہوریت کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں، ملک احمد خان

آزادی اظہار کا تحفظ ہماری اولین ترجیح مگر غلط معلومات کی روک تھام بھی انتہائی ضروری ہے، سپیکر صوبائی اسمبلی کا تقریب سے خطاب

لاہور (خبرنگار) اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام (یو این ڈی پی) کے زیر اہتمام "ڈیجیٹل جمہوریت میں عمل" کے عنوان سے ایک اہم تربیتی سیشن کا کامیاب انعقاد مقامی ہوٹل میں کیا گیا۔ اس سیشن میں پنجاب اسمبلی کے معزز اراکین نے شرکت کی، جبکہ اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

حملہ ٹرین، وزیر دفاع کو ذرا سی بھی شرم ہوتی تو آج استعفیٰ دے دیتے، اسد قیصر

خواجہ آصف نے جعفر ایکسپریس پر ایوان کو اعتماد میں لینے کے بجائے پی ٹی آئی پر الزام لگا دیا، یہ تمام مسائل جعلی مینڈیٹ کی وجہ سے ہیں: رہنما پاکستان تحریک انصاف

پی ٹی آئی ان کے اعصاب پر سوار ہے، تقریر نکال لیں کتنی مرتبہ بلوچستان کو نام لیا، بطور پاکستانی ہم اس حملے کی سخت مذمت کرتے ہیں، قومی اسمبلی میں اظہار خیال

اسلام آباد (ویب ڈیسک) تحریک انصاف کے رہنما اسد قیصر نے کہا ہے کہ وزیر دفاع کو ذرا سی شرم ہوتی تو آج استعفیٰ دے دیتے۔ سانحہ جعفر ایکسپریس کی وجہ سے استعفیٰ سانحہ جعفر ایکسپریس پر قومی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جعفر ایکسپریس سانحہ پر افسوس اور مذمت کرتے ہیں، خواجہ آصف نے جعفر ایکسپریس پر ایوان کو اعتماد میں لینے کے بجائے پی ٹی آئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

ہم سب سے زیادہ دہشت گردی بھگتی، ایک سال کا تھا مجھے اغوا کرنے کی کوشش کی گئی، بلاول

میری ماں نے مجھے لندن میں محفوظ رکھا، آخر کار میری والدہ کو شہید کیا گیا، بے نظیر شہید کے بعد دہشتگردی میں تیزی آئی، ٹرین حادثہ پر فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں

دہشتگردی کا بلوچستان کے پی کے کا الگ الگ تناظر ہے، نواز شریف نے نیشنل ایکشن پلان بنایا، شہباز شریف نیشنل ایکشن پلان کیوں نہیں بنا سکتے، چیئرمین پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ ہماری جماعت نے سب سے زیادہ دہشتگردی نے بھگتی ہے، میں وزیراعظم کا بیٹا تھا، میں ایک سال کا تھا کہ مجھے سے اغوا کرنے کی کوشش کی گئی، میری ماں نے مجھے لندن میں محفوظ رکھا، آخرکار میری والدہ کو شہید کیا گیا، بے نظیر شہید کے بعد دہشتگردی میں تیزی آئی۔ قومی اسمبلی اجلاس میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

جعفر ایکسپریس ٹرین دہشتگردی کے پیچھے بھارت ہے، پاکستان

دہشتگرد افغانستان میں اپنے ساتھیوں سے رابطے میں تھے، ٹریس شدہ کالز میں افغانستان سے رابطوں کا سراغ ملا ہم نے ابھی جعفر ایکسپریس دہشتگردی پر ریسکیو آپریشن مکمل کیا ہے، ترجمان دفتر خارجہ

جعفر ایکسپریس پر حملہ بھی بیرون ملک بیٹھی قیادت نے کروایا' بلوچستان میں حالیہ دہشتگردی میں ملوث دہشتگرد افغانستان میں اپنے ساتھیوں سے رابطے میں تھے، ہفتہ وار بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ جعفر ایکسپریس پر حملہ بھی بیرون ملک بیٹھی قیادت نے کروایا اور اس ٹرین دہشت گردی کے پیچھے بھارت ہے۔ دفتر خارجہ میں ہفتہ وار بریفنگ دیتے ہوئے ترجمان شفقت علی خان نے کہا کہ ہم نے ابھی جعفر ایکسپریس دہشتگردی پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے ازبکستان کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کے عوام کی محرومیوں کو دور کرنا ہوگا: حافظ نعیم الرحمٰن

بلوچستان پر جامع قومی پالیسی تشکیل دینے کے لیے اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کردی

صوبہ کے وسائل پر سب سے پہلا حق صوبے کے عوام کا ہے، امیر جماعت اسلامی

لاہور (خبرنگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے بلوچستان پر جامع قومی پالیسی تشکیل دینے کے لیے اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کردی، کمیٹی کے سربراہ نائب امیر لیاقت بلوچ ہوں گے جب کہ ڈپٹی سیکرٹری جنرل عبدالحق ہاشمی، امیر جماعت اسلامی بلوچستان ہدایت الرحمٰن بلوچ کمیٹی کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

آسٹریلیا اس مشکل وقت میں پاکستان کے ساتھ کھڑا ہے، نیل ہاکنز

آسٹریلیا کے ہائی کمشنر کی جعفر ایکسپریس پر حملے کی شدید مذمت' ایکس پر بیان جاری

اسلام آباد (این این آئی) آسٹریلیا کے ہائی کمشنر برائے پاکستان نیل ہاکنز نے بلوچستان میں جعفر ایکسپریس پر دہشت گردوں کے حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں نیل ہاکنز نے کہا کہ ہم بلوچستان میں جعفر ایکسپریس پر حملے اور اسے یرغمال (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

بلوچستان میں افراتفری پھیلانے کی ہر سازش ناکام ہوگی، عبدالعلیم خان

اسلام آباد (یواین پی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے بلوچستان میں کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اکنامک کوآرڈینیشن کمیٹی میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

عورتوں، بچوں کو ڈھال بنانا بزدلی کی بدترین مثال ہے، مریم نواز

کامیاب آپریشن پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین، آپریشن میں شہید ہونے والے جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتی ہوں

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ بلوچستان میں جعفر ایکسپریس پر حملہ کرنے والے دہشت گرد جہنم واصل اور عبرت کا نشان بن گئے ہیں۔ پنجاب کی وزیراعلیٰ مریم نواز نے بیان میں بلوچستان میں جعفر ایکسپریس پر حملہ آور دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد: وزیراعظم کے نمائندہ خصوصی برائے انڈسٹریز ہارون اختر خان سمیڈا میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈا، علیمہ خان جے آئی ٹی میں دوبارہ طلب

اسلام آباد (این این آئی) سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈا کرنے پر جے آئی ٹی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

ڈاکٹر توقیر شاہ سے ورلڈ بینک کے سینئر مینیجنگ ڈائریکٹر کی ملاقات

اسلام آباد (یواین پی) وزیراعظم کے مشیر ڈاکٹر توقیر شاہ سے ورلڈ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

عمران خان نے ججز ٹرانسفر کا نوٹیفکیشن سپریم کورٹ میں چیلنج کر دیا

ججز کے تبادلے کا نوٹیفکیشن غیر قانونی، غیر آئینی اور کالعدم قرار دیا جائے، درخواست میں استدعا

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں ججز ٹرانسفر کے نوٹیفکیشن کو سپریم کورٹ میں چیلنج کر دیا۔ درخواست آئین کے آرٹیکل 184 (3) کے تحت دائر کی گئی جس میں وفاقی حکومت اور چاروں ہائیکورٹس کو فریق بنایا گیا ہے۔ عمران خان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

دہشتگردوں کے خلاف پوری قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، سلمہ برکات

معصوم شہریوں پر حملہ کرنے والوں کو ہر محاذ پر شکست دینے کے لیے ہماری فوج تیار ہے

اسلام آباد (یواین پی) پیپلز پارٹی اسلام سٹی کی صدر محترمہ سلمہ برکات نے کہا ہے کہ پاک فوج نے دشمن کے مکروہ عزائم کو خاک میں ملا کر ثابت کر دیا کہ پاکستان کا دفاع مضبوط (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

خیبر پختونخوا حکومت کا اوورسیز پاکستانیوں کو صحت کارڈ دینے کا فیصلہ

خیبر پختونخوا پہلا صوبہ ہوگا جو اوورسیز پاکستانیوں کو یہ سہولت دے گا، مشیر صحت احتشام علی

پشاور (یواین پی) خیبر پختونخوا حکومت نے اوورسیز پاکستانیوں کے لیے صحت کارڈ پر کام شروع کر دیا۔ محکمہ صحت کے مطابق حکومت نے اوورسیز ایمپلائمنٹ فاؤنڈیشن سے اوورسیز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد: پاکستان میں آذربائیجان کے سفیر وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی شیزہ فاطمہ سے ملاقات کر رہے ہیں

قومی اسمبلی میں سانحہ جعفر ایکسپریس پر قرارداد منظور

قرارداد میں نیشنل ایکشن پلان پر عمل درآمد کا مطالبہ کیا گیا ہے، ایوان جعفر ایکسپریس واقعے اور تمام دہشت گرد واقعات کی مذمت کرتا ہے

قرارداد پر بلاول، اسد قیصر، راجہ پرویز اشرف، زرتاج گل، وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری اور فاروق ستار سمیت دیگر نے بھی دستخط کئے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) قومی اسمبلی میں جعفر ایکسپریس ہائی جیکنگ کے خلاف مذمتی قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی گئی جس میں نیشنل ایکشن پلان پر عمل درآمد کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے ایوان میں قرارداد پیش کی۔ قرارداد کے متن کے مطابق ایوان جعفر ایکسپریس واقعے اور تمام دہشت گرد واقعات کی مذمت کرتا ہے، ایسے تمام نظریات جو قومی سلامتی کے متصادم ہیں انہیں پھیلنے کی اجازت نہیں دی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

وفاقی وزیرِ صحت کا صوبائی وزراء سے رابطہ، مل کر کام کرنے پر اتفاق

مل کر کام کرنے سے صحت کے شعبے میں درپیش چیلنجز اور مشکلات کو کم کیا جا سکے گا، مصطفیٰ کمال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرِ صحت مصطفیٰ کمال نے پنجاب، سندھ اور بلوچستان کے وزرائے صحت سے ٹیلی فونک رابطہ کیا ہے۔ وفاقی وزیر اور صوبائی وزراء کے درمیان صحت کے شعبے میں مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ ملک بھر میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

اسرائیل کے غزہ پر حملے مزید تیز، بمباری سے بچے سمیت 8 افراد شہید

غزہ (این این آئی) مظلوم فلسطینیوں کی مشکلات کم نہ ہوسکیں، اسرائیل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

یورپی یونین کا امریکی اشیاء پر 28 ارب ڈالر کے جوابی ٹیکس لگانے کا اعلان

برسلز (این این آئی) یورپی یونین نے امریکی اشیاء پر 28 ارب ڈالر کے جوابی ٹیکس لگانے کا اعلان کر دیا۔ ٹیکس کا نفاذ یکم اپریل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

ملک میں وتیل وگیس کی پیداوار میں ہفتہ وار بنیادوں پر اضافہ ریکارڈ

مکوآنہ (این این آئی) ملک میں وتیل وگیس کی پیداوار میں ہفتہ وار بنیادوں پر اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ پی پی آئی ایس اور انڈسٹری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

احتساب عدالت نے پراسیکیوٹر نیب کی استدعا پر آغا سراج درانی کی بریت کا فیصلہ مؤخر کر دیا، سماعت 12 اپریل تک ملتوی

کراچی (این این آئی) کراچی کی احتساب عدالت نے پراسیکیوٹر نیب کی استدعا پر پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما آغا سراج درانی کی بریت کا فیصلہ مؤخر کرتے ہوئے سماعت 12 اپریل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد: وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف سے اسلام آباد چرچ کت بشپ ملاقات کر رہے ہیں

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ غزہ پر قبضے کے بیان سے پیچھے ہٹ گئے

غزہ سے کسی کو نہیں نکالا جا رہا، آئرش وزیراعظم سے ملاقات میں صدر ٹرمپ کی گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ غزہ پر قبضے کے بیان سے پیچھے ہٹ گئے۔ اوول آفس میں آئرش وزیراعظم سے ملاقات میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا غزہ سے کسی کو نہیں نکالا جا رہا اس موقع پر آئرلینڈ کے وزیراعظم کا کہنا تھا کہ فلسطین میں امدادی اشیا کی فراہمی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

حیدرآباد: خواتین عید کی تیاریوں کے سلسلے میں ایک مارکیٹ سے خریداری کر رہی ہیں

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

سانحہ جعفر ایکسپریس: ریلوے پولیس کا شہید اہلکار بہترین کمانڈوز میں شمار ہوتا تھا

شہید کانسٹیبل شمروز خان کے پسماندگان میں ایک بیوی، ایک بیٹا اور 4 بیٹیاں شامل ہیں

کوئٹہ (این این آئی) سانحہ جعفر ایکسپریس میں شہید ہونیوالا ریلوے پولیس کا اہلکار بہترین کمانڈوز میں شمار ہوتا تھا۔ بلوچستان میں جعفر ایکسپریس پر دہشت گردوں کے حملے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

کوالالمپور سے 26 خواتین سمیت 41 پاکستانی بھکاری بیدخل

16 بھکاریوں کا تعلق کشمور، دیگر کا رحیم یار خان، فیصل آباد، صادق آباد اور لاہور سے ہے

کوالالمپور (این این آئی) کوالالمپور سے 26 خواتین سمیت 41 پاکستانی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

سندھ میں ہزاروں من سرکاری گندم کو دیمک لگ گئی، ضائع ہونے کا خدشہ

کراچی (یواین پی) سندھ کے ضلع عمرکوٹ میں سرکاری گوداموں کے باہر رکھی گندم کو دیمک لگ گئی، ہزاروں من اناج (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

لاڑکانہ: رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں ایک بزرگ قرآن مجید کی تلاوت کر رہے ہیں

کینیڈا کے نئے وزیراعظم (آج) عہدے کا حلف اٹھائیں گے

53 سالہ جسٹن ٹروڈو نے 2015 میں کینیڈا کی وزارت عظمیٰ کا منصب سنبھالا تھا

اوٹاوا (این این آئی) کینیڈا کی حکمران جماعت لبرل پارٹی کی جانب سے منتخب کیے جانے والے رہنما مارک کارنے (آج) جمعہ 14 مارچ کو کینیڈا کے نئے وزیراعظم کے عہدے کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

جعفر ایکسپریس حملہ، شہداء کی میتیں اور زخمی مچھ ریلوے اسٹیشن پہنچا دیے گئے

شہدا کی میتوں کو شناخت کے بعد ان کے آبائی علاقوں کو بھجوایا جائے گا، ضلعی انتظامیہ

مچھ (این این آئی) جعفر ایکسپریس حملے کے شہداء کی میتوں اور زخمیوں کو مچھ ریلوے اسٹیشن پہنچا دیا گیا۔ جعفر ایکسپریس پر حملے میں شہید 25 افراد کی میتیں مچھ ریلوے اسٹیشن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

بہادر محافظوں نے بڑے سانحے سے ملک کو بچا لیا، خواجہ آصف

دورانِ آپریشن پی ٹی آئی اور بھارتی میڈیا ملتی جلتی زبان بولتے رہے، افغانستان سے بھی سوشل میڈیا پر ایسی ہی زبان بولی جاتی رہی

بہادر محافظوں نے 33 دہشت گردوں کو جہنم واصل کر کے جعفر ایکسپریس کے تمام یرغمالیوں کو رہا کروا لیا، وزیر دفاع کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرِ دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ بلوچستان میں دورانِ آپریشن پی ٹی آئی اور بھارتی میڈیا ملتی جلتی زبان بولتے رہے۔ ایک بیان میں وزیرِ دفاع نے کہا ہے کہ بہادر محافظوں نے بڑے سانحے سے ملک کو بچا لیا اور 33 دہشت گردوں کو جہنم واصل کر کے جعفر ایکسپریس کے تمام یرغمالیوں کو رہا کروا لیا۔ انہوں نے کہا کہ دورانِ آپریشن پی ٹی آئی اور بھارتی میڈیا ملتی جلتی زبان بولتے رہے، افغانستان سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

جدید نظام آبپاشی کی تنصیب پر 70 فیصد سبسڈی دے رہے ہیں: سیکرٹری زراعت پنجاب

لاہور (این این آئی) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی نے بتایا ہے کہ صوبے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

شراب اور اسلحہ برآمدگی کیس؛ علی امین گنڈاپور کے وارنٹ گرفتاری برقرار

عدالت میں پولیس رپورٹ جمع کروائی جاسکی نہ علی امین گنڈاپور اور وکیل پیش ہوئے

اسلام آباد (این این آئی) شراب اور اسلحہ برآمدگی کیس میں عدالت نے وزیراعلیٰ کے پی کے علی امین گنڈاپور کے وارنٹ گرفتاری برقرار رکھے۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

پاکستان اور ترکیہ کے درمیان سرمایہ کاری و تجارتی تعاون میں نئی پیشرفت

اسلام آباد (این این آئی) ایس آئی ایف سی کے تعاون سے پاکستان اور ترکیہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

کراچی کے صارفین کے لیے بجلی کی قیمت میں بڑی کمی کے لیے نیپرا میں درخواست جمع

کراچی (این این آئی) کراچی کے صارفین کے لیے بجلی کی قیمت میں بڑی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے کامرس جام کمال خان سے عمان کے وزیر ملاقات کر رہے ہیں

فیض حمید کو جیل میں ڈالا اچھا کیا، باجوہ کو بھی ڈالو، شیر افضل مروت

باجوہ کس خوشی میں آزاد پھر رہا ہے، کشمیر کا سودا اس شخص نے کیا، فیض کے ذریعے اس نے آپ کو جیلوں میں ڈلوایا: رکن اسمبلی

بلوچستان واقعے کے بعد آج یہاں تقاریر سنیں، فوجی آپریشن بلوچستان مسئلہ کا حل نہیں، جب صوبوں کو ان کے حقوق نہ دیے جائیں تو دہشتگردی ہوگی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے رکن اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ فیض حمید کو آپ نے جیل میں ڈالا، اچھا کیا، باجوہ کو بھی ڈالو۔ قومی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلوچستان واقعے کے بعد آج یہاں تقاریر سنیں، بینظیر بھٹو کی جس دن شہادت ہوئی اس دن بھی انہوں نے ذکر کیا، انہوں نے کہا کہ فوجی آپریشن بلوچستان مسئلہ کا حل نہیں ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم اس واقعہ کی مذمت کرتے ہیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے کمیونیکیشن عبدالعلیم خان این ایچ اے ممبرز کے ساتھ میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

کاہنہ: منشیات کے سپلائر خاوند اور بیوی گرفتار، مقدمہ درج

لاہور (کرائم رپورٹر) کاہنہ پولیس نے منشیات کے سپلائر خاوند اور بیوی گرفتار کر کے کروڑوں مالیت کی منشیات برآمد کر لی ترجمان کے مطابق کاہنہ پولیس نے میاں بیوی فیصل اور سلمہ بی بی کو پٹرولنگ کے دوران کاہنہ کاچھا انٹرچینج پر مشکوک جان کر روکا تو دوران تلاشی ملزمان سے کروڑوں روپے کی 12 کلو چرس برآمد ہوئی جس پر ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے انہیں انوسٹیگیشن ونگ کے حوالے دیا گیا

شاہدرہ: پولیس نے پتنگ بازی کا سامان فروخت کرنے والا ملزم گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شاہدرہ ٹاؤن پولیس نے پتنگ بازی کا سامان فروخت کرنے والا ملزم گرفتار کرلیا ترجمان کے مطابق شاہدرہ ٹاؤن پولیس نے کاروائی کے دوران پتنگ بازی کا سامان فروخت کرنے والے ملزم سخاوت کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے رنگ برنگی تیار پتنگیں 4 پنے 2 کیمیکل ڈور کی چرخیاں برآمد کر کے مقدمہ درج کرلیا پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم کم مقدار میں لوکل ٹرانسپورٹ کے ذریعے پتنگ بازی کے سامان کی ترسیل کرتا تھا

مصری شاہ پولیس نے کمیٹی کی آڑ میں 60 لاکھ کا چونا لگانے والا نوسرباز گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) مصری شاہ پولیس نے کمیٹی کی آڑ میں 60 لاکھ کا چونا لگانے والا نوسرباز گرفتار کرلیا ترجمان کے مطابق ملزم نوید نے شہری سے کمیٹی کے بہانے نقد رقم لیتا اور بدلے میں چیک دیتا رہا اور بعد میں شہری کی طرف سے اپنی رقم کی ڈیمانڈ کرنے پر ملزم رفوچکر ہوگیا جس کا مقدمہ درج کر کے مصری شاہ پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے گرفتار کرلیا

منشیات کی ترسیل ناکام بنا کر 03 منشیات فروش گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) باغبانپورہ پولیس نے لاہور میں منشیات کی ترسیل ناکام بنا کر 03 منشیات فروش گرفتار کر کے ان کے قبضے سے کروڑوں روپے مالیت کی منشیات برآمد کر لی ترجمان کے مطابق ایس پی کینٹ اویس شفیق کی ہدایت پر منشیات فروشوں کے گرد گھیرا تنگ کرتے ہوئے باغبانپورہ پولیس نے خفیہ اطلاع پر دوران چیکنگ منشیات فروش نعیم، عمران اور سہیل کو منشیات کی سپلائی دیتے ہوئے گرفتار کر کے ان سے کروڑوں مالیت کی 08 کلو سے زائد چرس برامد کر کے مقدمہ درج کرلیا

صوبائی دارالحکومت میں مختلف واقعات کے دوران قیدی سمیت دوافراد جان کی بازی ہار گئے،

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں مختلف واقعات کے دوران قیدی سمیت دو افراد جان کی بازی ہار گئے، پولیس نے لاشیں مردہ خانے منتقل کر کے قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا۔ ایدھی ترجمان کے مطابق کیمپ جیل کا قیدی دوران علاج ہسپتال میں دم توڑ گیا قیدی مزمل طیب کو طبیعت ناساز ہونے پر ہسپتال منتقل کیا گیا تھا مگر جہاں پر نہ ہو سکا، دوسرے واقعہ میں لاری اڈا کے علاقہ سے 35 سالہ شخص کی لاش برآمد ہوئی متوفی بظاہر نشے کا عادی معلوم ہوتا ہے جس کی شناخت نہ ہو سکی ہے متعلقہ تھانوں کی پولیس نے لاشوں کو ایدھی ایمبولینس کے ذریعے مردہ خانے منتقل کر کے قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا

مسافر کا قیمتی سامان چرانے والا 3 رکنی نوسرباز گروہ گرفتار

ڈولفن کے مطابق متاثرہ شہری نے اپنا قیمتی گارمنٹس کا سامان رکشہ میں لوڈ کروایا تھا

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن سکواڈ اور پی آر یو نے کامیاب کارروائی کے دوران ٹھوکر کے قریب مسافر کا قیمتی سامان چرانے والا 3 رکنی نوسرباز گروہ گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان ڈولفن کے مطابق متاثرہ شہری نے اپنا قیمتی گارمنٹس کا سامان رکشہ میں لوڈ کروایا تھا تاہم رکشہ ڈرائیور اپنے دو ساتھیوں کے ہمراہ سامان لے کر فرار ہوگیا۔ شہری نے فوری طور پر 15 پر کال کی اور مدد کی درخواست کی جس پر فوری کاروائی کرتے ہوئے پی آر یو کی ٹیم نے ملزمان کی تفصیلات اور ان کے حلیہ جات کی بنیاد پر ڈاکٹر ہسپتال کے قریب رکشہ سمیت انہیں راؤنڈ اپ کر کے گرفتار ملزمان رشید، عرفان اور فیصل کے قبضے سے چوری شدہ لاکھوں روپے مالیت کا سامان برآمد کر کے انہیں تھانہ جوہر ٹاؤن کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

دہشت گردی، سوشل میڈیا سے جڑے جرائم جنسی استحصال کے واقعات کی روک تھام کیلئے پالیسی میں ترمیم کا فیصلہ کرلیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) دہشت گردی، سوشل میڈیا سے جڑے جرائم، جنسی استحصال کے واقعات کی روک تھام کیلئے پالیسی میں ترمیم کا فیصلہ کر لیا گیا۔ اس حوالے سے 60 ہزار 127 مقدمات کی تفتیش کی تفصیلی رپورٹ پنجاب پولیس نے پنجاب حکومت کو بھجوائی۔ رپورٹ کے مطابق ملزمان قوانین میں سقم ہونے کے باعث بری ہونے لگے ہیں سنگین مقدمات میں نامزد و گرفتار 2388 ملزمان کو بری کر دیا گیا۔ شیڈول ون میں سوشل میڈیا سمیت سنگین جرائم کے 32 ہزار 210 مقدمات کی تفتیش ہوئی۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ تفتیش مکمل ہونے پر صرف 555 افراد کو سزا دلوائی گئی، شیڈول ون کے مقدمات میں ملوث 1342 افراد کو بری کر دیا گیا، شیڈول ٹو میں سنگین دفعات کے تحت 28 ہزار 7 مقدمات کی تفتیش کی گئی۔

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن لاہور میں راولپنڈی میڈیکل یونیورسٹی کے 17 سینڈیکیٹ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صوبائی وزیر صحت کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر میں سینڈیکیٹ اجلاس منعقد

سینڈیکیٹ اجلاس کے دوران سکیل 2 سے سکیل 16 تک کے نان گزیٹڈ ملازمین کے کنٹریکٹ میں توسیع کی منظوری دی گئی

سینڈیکیٹ اجلاس کے دوران 9 گزیٹڈ ملازمین کے کنٹریکٹ میں توسیع کی منظوری بھی دی گئی

پنجاب کی میڈیکل یونیورسٹیز کے مالی معاملات میں سو فیصد شفافیت کو یقینی بنایا جا رہا ہے: خواجہ سلمان رفیق

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن لاہور میں راولپنڈی میڈیکل یونیورسٹی کا 17 واں سینڈیکیٹ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری اشفاق الرحمن، ایڈیشنل سیکرٹری سدرہ سلیم اور ڈپٹی سیکرٹری بجٹ حماد الرب نے شرکت کی۔ وڈیو لنک کے ذریعے پارلیمانی سیکرٹری ضیاء اللہ شاہ، سینڈیکیٹ ممبر ڈاکٹر جمال ناصر، وائس چانسلر راولپنڈی میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر محمد عمر و دیگر سینڈیکیٹ ممبران نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے سینڈیکیٹ اجلاس کے دوران مختلف ایجنڈاز کی منظوری دے دی۔ خواجہ سلمان رفیق نے راولپنڈی میڈیکل یونیورسٹی کی نمایاں کارکردگی پر وائس چانسلر پروفیسر محمد عمر کی کاوشوں کو سراہا۔ سینڈیکیٹ اجلاس کے دوران سکیل 2 سے سکیل 16 تک کے نان گزیٹڈ ملازمین کے کنٹریکٹ میں توسیع کی منظوری دی گئی۔ سینڈیکیٹ اجلاس کے دوران 9 گزیٹڈ ملازمین کے کنٹریکٹ میں توسیع کی منظوری دی گئی۔ سینڈیکیٹ اجلاس کے دوران راولپنڈی میڈیکل یونیورسٹی کے ایڈہاک ملازمین کے کنٹریکٹ کی اگلے چھ ماہ کیلئے تعیناتی کی منظوری دی گئی اور سینڈیکیٹ اجلاس کے دوران ہولی فیملی ہسپتال، بے نظیر بھٹو ہسپتال اور راولپنڈی ٹیچنگ ہسپتال کے بھی مختلف ایجنڈاز کی منظوری دی گئی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پنجاب کی میڈیکل یونیورسٹیز کے مالی معاملات میں سو فیصد شفافیت کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ پنجاب کی طبی درسگاہوں میں جدید ریسرچ کو بھی پروان چڑھایا جا رہا ہے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق عوام تک صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں۔

ہسپتال کے ایم ایس میں ایک لیڈر کی خصوصیات ہونی چاہئیں: خواجہ سلمان رفیق

سرکاری ہسپتالوں میں سہولیات عوام کی امانت ہیں: صوبائی وزیر صحت

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ہیلتھ پروفیشنلز کیلئے ہسپتال مینجمنٹ، پروکیورمنٹ اینڈ انوینٹری کنٹرول، فنانشل اینڈ ریسورس مینجمنٹ، بجٹنگ اینڈ فنانشل پلاننگ، ہیومن ریسورس اینڈ لیڈرشپ، ایتھکس اینڈ لیگل ایسپیکٹس اور کانفلیکٹ مینجمنٹ کے کورسز کا جائزہ لیا گیا۔ ڈین آئی پی ایچ نے اس حوالے سے کورس آؤٹ لائنز سمیت دیگر تجاویز پیش کیں۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ ہسپتال کے ایم ایس میں ایک لیڈر کی خصوصیات ہونی چاہئیں جو پوری ٹیم کو ساتھ لے کر چلے۔ سرکاری ہسپتالوں میں سہولیات عوام کی امانت ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں ہسپتالوں میں آنے والی دکھی انسانیت کی خدمت کرنے کا نادر موقع فراہم کیا ہے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ کو ہیلتھ پروفیشنلز کیلئے جدید کورسز ڈیزائن کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں سپیشل سیکرٹری آپریشنز طارق محمود رحمانی، ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل ڈاکٹر محمد وسیم، ایڈیشنل سیکرٹری سدرہ سلیم، ڈین انسٹی ٹیوٹ پبلک ہیلتھ پروفیسر سائرہ افضل اور ڈپٹی سیکرٹری ایڈمن سارہ نے شرکت کی۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری کا افطار ڈنر کے بعد چیف رپورٹر روزنامہ قوت صابر غوری اور صدر قلم مزدور اتحاد منظور چوہدری کے ہمراہ گروپ فوٹو

یو ایچ ایس مسلسل تیسرے سال دنیا کی صفِ اول کی طبی جامعات میں شامل

کیو ایس کی نئی ورلڈ یونیورسٹی رینکنگ برائے میڈیسن میں 701 سے 850 کی پوزیشن حاصل کرنے میں کامیاب

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز (یو ایچ ایس) نے مسلسل تیسرے سال دنیا کی ایک ہزار بہترین طبی جامعات میں جگہ بنالی ہے۔ یہ اعزاز اسے حالیہ کیو ایس ورلڈ یونیورسٹی رینکنگ برائے سبجیکٹ 2025 میں حاصل ہوا ہے۔ یو ایچ ایس جو 2022 میں ان درجہ بندیوں میں شامل ہونے والی پنجاب کی پہلی میڈیکل یونیورسٹی بنی، اس سال عالمی سطح پر 701 سے 850 کی پوزیشن حاصل کرنے میں کامیاب ہوئی ہے۔ قبل ازیں یہ جامعہ 2012 سے 2015 تک مسلسل ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) پاکستان کی جانب سے ملک کی ٹاپ ٹین جامعات میں شمار کی جاتی رہی ہے۔ یو ایچ ایس کی پرو وائس چانسلر اور کوالٹی انہانسمنٹ سیل (QEC) کی ڈائریکٹر، پروفیسر نادیہ نسیم، جنہوں نے اس درجہ بندی کے حوالے سے کام کیا، نے بتایا کہ یہ رینکنگ کیو ایس درجہ بندی کے اعلیٰ ترین زمرے میں شمار ہوتی ہے جس میں دنیا بھر کی صرف 2 سے 5 فیصد جامعات اور اعلیٰ تعلیمی ادارے ہی شامل ہوتے ہیں۔ یونیورسٹی کی درجہ بندی پانچ بنیادی اشاریوں پر مبنی ہے: تعلیمی ساکھ، ملازمت فراہم کرنے والے اداروں کی رائے، تحقیقی مقالوں کے حوالے، ایچ-انڈیکس (H-Index) جو تحقیق کے اثرات کو ظاہر کرتا ہے اور بین الاقوامی تحقیقی نیٹ ورک۔ اس سال یو ایچ ایس نے تعلیمی ساکھ کے اشاریے میں نمایاں بہتری دکھائی، جہاں اس کا سکور 5.41 سے بڑھ کر 2.44 ہوگیا۔ ملازمت فراہم کرنے والے اداروں کی رائے میں اسے 1.57، تحقیقی حوالہ جات میں سب سے زیادہ 7.51، ایچ-انڈیکس میں 7.40 اور بین الاقوامی تحقیقی نیٹ ورک میں 3.23 سکور حاصل ہوا۔ یو ایچ ایس کے وائس چانسلر پروفیسر احسن وحید راٹھور نے اس کامیابی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جامعہ کی اس شاندار کارکردگی کا سہرا تعلیمی معیار، تحقیق اور معاشرتی ترقی کے لیے اس کے غیر متزلزل عزم کے سر ہے۔

جنرل ہسپتال ایمرجنسی میں بھی سی ایس ایس ڈی کا قیام، پروفیسر الفرید ظفر نے افتتاح کیا

بہترین سہولیات کی فراہمی کے پیش نظر سینٹرل سٹرلائز سروسز ڈیپارٹمنٹ 24 / 7 کام کریگا

لاہور (خبر نگار) جنرل ہسپتال میں مریضوں کو بہترین طبی سہولیات میں مزید اضافے کے پیش نظر جراثیم سے پاک سرجری آلات کی 24 / 7 فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے شعبہ ایمرجنسی میں سینٹرل سٹرلائز سروسز ڈیپارٹمنٹ (CSSD) قائم کر دیا گیا ہے جہاں جدید ترین آٹوکلیو مشین نصب کی گئی ہے تاکہ مریضوں کو جراثیم، وائرس، فنگس، بیکٹیریا و دیگر مائیکرو آرگنزمز سے محفوظ رکھا جا سکے اور طبی آلات کو قلیل وقت میں جراثیم سے پاک کیا جا سکے۔ پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے شعبہ حادثات میں قائم کیے جانے والے سینٹرل سٹرلائز سروسز ڈیپارٹمنٹ (CSSD) کے افتتاح کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایل جی ایچ میں پنجاب بھر سے سب سے زیادہ ٹراما کیسز آتے ہیں اور ہسپتال ریکارڈ کے مطابق شعبہ ایمرجنسی میں روزانہ کی بنیاد پر میجر اور معمولی نوعیت کے 250 سے زائد پروسیجر کیے جا رہے ہیں۔ سی ایس ایس ڈی میں سرجری و جراحی آلات کو مختلف جدید طریقوں سے سٹرلائز کیا جاتا ہے جن میں آٹو کلیو، کیمیائی وگاما ریڈی ایشن، ڈرائے ہیٹ اور الٹرا وائلٹ لائٹ اسٹرلائزیشن شامل ہیں جس سے مختلف متعدی بیماریوں کے پھیلاؤ کو روکا جا سکتا ہے۔ پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ جنرل ہسپتال کے مین آپریشن تھیٹرز کیلئے جراثیم سے پاک جراحی کے آلات آپریشن تھیٹر میں یقینی بنانے کیلئے پہلے ہی یہ شعبہ کام کر رہا ہے تاہم مریضوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر ایمرجنسی وارڈ کیلئے الگ سہولت فراہم کر دی گئی ہے تاکہ مریضوں کو تاخیر کا سامنا نہ کرنا پڑے اور اُن کے آپریشن جراثیم سے پاک آلات سے یقینی بنائے جائیں تاکہ انفیکشن پھیلنے کا کوئی امکان باقی نہ رہے۔ انہوں نے کہا کہ جنرل ہسپتال حکومتی پالیسی کے مطابق پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کے ایس او پیز پر عملدرآمد کر رہا ہے اور اس سلسلے میں ایم ایس ڈی ایس پر مامور سٹاف روزانہ کی بنیاد پر جائزہ لے رہے ہیں۔ اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر فریاد حسین، ڈاکٹر جعفر حسین، ڈاکٹر آمنہ آصف، فضیلت لال، ڈاکٹر جنید، ڈاکٹر عبدالعزیز، ڈاکٹر انعم بتول، رانا پرویز اور نرسز بھی بڑی تعداد میں موجود تھیں۔

یوم القدس، مظلوم فلسطینی عوام کی حمایت کا دن ہے: سید حیدر عباس

لاہور (محمد اسلم سے) یوم القدس، مظلوم فلسطینی عوام کی حمایت اور عالمی استعمار کے خلاف امت مسلمہ کے بیدار ہونے کا دن ہے۔ مجلس وحدت مسلمین لاہور کے ڈپٹی سیکرٹری سیاسیات حیدر عباس نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ حالیہ دنوں میں فلسطینی مجاہدین نے ظلم و جبر کے خلاف بے مثال قربانیاں پیش کی ہیں، اور ان کی جرات مند مزاحمت نے دنیا کے ضمیر کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے۔ یہی وہ راستہ ہے جس پر شہید مقاومت، سید حسن نصر اللہ جیسے عظیم رہنما گامزن رہے، جنہوں نے ظلم کے خلاف سینہ سپر ہو کر قدس کی آزادی کے لیے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا۔ آئیے! اسی عزم اور حوصلے کے ساتھ القدس ریلی میں شریک ہوں، جو بروز جمعۃ الوداع، 27 رمضان المبارک، اسلام پورہ سے اسمبلی ہال تک نکالی جائے گی۔ اپنی شرکت سے ثابت کریں کہ ہم قدس کے محافظ ہیں اور فلسطین کی آزادی تک اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ القدس کی پکار پر لبیک کرتے رہیں گے۔

این ٹی ڈی سی نے 19 کھلاڑیوں کو ریگولر اور 25 کو اگلے گریڈز میں ترقی دیدی

کھلاڑی قوم اور ادارے کا اثاثہ ہیں: ایم ڈی این ٹی ڈی سی انجینئر محمد وسیم یونس کی کھلاڑیوں سے ملاقات میں بات چیت

لاہور (سپورٹس رپورٹر) نیشنل ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی (این ٹی ڈی سی) نے مختلف قومی و بین الاقوامی مقابلوں میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے گریڈ 07 سے 16 تک کے 19 کھلاڑیوں کی ملازمتوں کو مستقل جبکہ 25 کو اگلے گریڈز میں ترقی دیدی۔ ان کھلاڑیوں نے ہاکی، کرکٹ، فٹ بال، والی بال، بیڈمنٹن، ایتھلیٹکس، جیولن تھرو، ویٹ لفٹنگ، باڈی بلڈنگ، باکسنگ، جوڈو، کراٹے، تیراکی، ریسلنگ، مارشل آرٹس، ٹیبل ٹینس، نیٹ بال اور سائیکلنگ سمیت مختلف کھیلوں میں این ٹی ڈی سی اور پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ مینجنگ ڈائریکٹر این ٹی ڈی سی، انجینئر محمد وسیم یونس سے مستقل ہونے والے اور ترقی پانے والے کھلاڑیوں نے واپڈا ہاؤس لاہور میں ملاقات کی۔ انہوں نے کھلاڑیوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ کھلاڑیوں نے قومی و بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا اور کمپنی و ملک کا نام روشن کیا ہے اور ہمیں آپ سب پر فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھلاڑی اپنی کارکردگی میں مزید بہتری لانے کیلئے سخت محنت کریں، این ٹی ڈی سی مینجمنٹ اپنے کھلاڑیوں کو کوچنگ و دیگر سہولیات کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ انجینئر محمد وسیم یونس نے توقع ظاہر کی کہ آپ مستقبل میں ہونے والے مقابلوں میں بھی ایسی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے رہیں گے۔ این ٹی ڈی سی سپورٹس ایسوسی ایشن کے صدر، جنرل منیجر (ڈیزائن اینڈ انجینئرنگ) انجینئر ڈاکٹر خواجہ رفعت حسن نے اس موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کامیابی سخت محنت سے ہی ملتی ہے، کھلاڑی آئندہ نیشنل گیمز میں کامیابیاں حاصل کرنے کیلئے بھرپور ٹریننگ کریں۔ واپڈا اسپورٹس بورڈ اور این ٹی ڈی سی ریگولرائزیشن بورڈ کی سفارشات کی روشنی میں جن کھلاڑیوں کی ملازمت کو مستقل کیا گیا، ان میں محمد یاسر سلطان (جیولن تھرو)، شعیب خان (ایتھلیٹکس)، جہانزیب خان (باکسنگ)، حنظلہ دستگیر بٹ (ویٹ لفٹنگ)، وقاص مقصود، عدنان رئیس، بسم اللہ اور محمد سعد (کرکٹ)، میثم نزاکت (مارشل آرٹس)، دانش رشید اور محسن علی (ریسلنگ)، مراد خان، جان محمد اور عثمان فریاد علی (والی بال)، نیامت اللہ (کراٹے)، محمد علی لاروش (بیڈمنٹن)، علی شیر (سوئمنگ) اور محمد طارق (باڈی بلڈنگ) شامل ہیں۔ جن کھلاڑیوں کو اگلے گریڈ میں ترقی دی گئی۔

ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کا کلین مشن جاری

واھگہ زون کے علاقے پگوان پورہ میں کوڑے اور گندگی کے ڈھیر

لاہور (چیف رپورٹر شہباز احمد بھٹی سے) ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کے کلین مشن کے لیئے ہر تحصیل اور ہر زون کے ھنگامی دورے متعلقہ اسسٹنٹ کمشنر اور ایل ڈبلیو ایم سی حکام کو ستھرا پنجاب پروگرام کے حوالے سے سخت ھدایات لیکن واھگہ زون کے علاقے پگوان پورہ میں کلین مشن کی دھجیاں بکھیر دی گئیں کوڑے اور گندگی کے ڈھیر زیڈ او اور سپروائزر ایل ڈبلیو ایم سی خاموش تماشائی ورکرز غائب۔ ایل ڈبلیو ایم سی کے افسران بالا کو فوری نوٹس لیتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب اور ڈی سی لاہور کے کلین مشن کو عملی جامہ پہنانا چاہیئے

24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 345 وارداتیں رپورٹ

لاہور (کرائم رپورٹر) سخت سیکیورٹی کے باوجود جرائم پیشہ افراد پولیس کے قابو نہ آسکے شہر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 345 وارداتیں رپورٹ۔ نقب زنی کی وارداتوں میں چور شہر کے مختلف علاقوں میں 8 گھروں سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکوؤں نے شہر میں اسلحہ کے زور پر مختلف مقامات پر 13 افراد سے لاکھوں روپے، 2 شہریوں سے موٹر سائیکلیں اور موبائل فونز چھین لیے، جھپٹا مار کاروائیوں میں ڈاکو 18 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر بھر سے 36 موٹر سائیکلیں، 1 دیگر وہیکل، 3 مویشی چوری ہو گئے اور مختلف تھانوں میں متفرق چوری 264 وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔

عالمی رینکنگ میں یو ای ٹی کی نمایاں درجہ بندی کا سلسلہ جاری

گزشتہ 3 برس سے یونیورسٹی کی کیو ایس رینکنگ میں مسلسل بہتری ہو رہی ہے، ڈاکٹر شاہد منیر

لاہور (خبر نگار) عالمی درجہ بندی میں یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ای ٹی) لاہور کی نمایاں ترقی کا سلسلہ جاری ہے، کیو ایس ورلڈ یونیورسٹی رینکنگز کی تازہ ترین فہرست کے مطابق یو ای ٹی رواں سال 760-751 کی حد تک پہنچ گئی ہے، جو کہ 2024 میں 800-791، 2023 میں 1000-801 نمبر پر تھی۔ یو ای ٹی لاہور نے، 1500 عالمی یونیورسٹیوں میں سے، تعلیمی معیارات کو بلند کرنے اور انجینئرنگ و ٹیکنالوجی کے شعبے میں اپنی معروفیت کو مضبوط بنانے کی لگن کے ساتھ قابل ذکر پیشرفت کی ہے۔ یو ای ٹی لاہور نے کیو ایس ورلڈ یونیورسٹی رینکنگز بائے سبجیکٹ میں بھی شاندار کامیابی حاصل کی ہے۔ انجینئرنگ اور ٹیکنالوجی کے میدان میں، یو ای ٹی لاہور نے پاکستان کی 14 سے زائد یونیورسٹیوں میں سرفہرست رہتے ہوئے، 205 ویں پوزیشن حاصل کی ہے، جو کہ پچھلے سال کی 236 ویں پوزیشن سے 31 مقامات کی بہتری ہے۔ وائس چانسلر یو ای ٹی ڈاکٹر شاہد منیر نے اس کامیابی پر فیکلٹی، انتظامیہ اور طلبا کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا XX یہ کامیابی یو ای ٹی کے تمام اسٹیک ہولڈرز کی محنت کا نتیجہ ہے۔ ہمارے اساتذہ، انتظامی آفیسرز اور طلبا نے مل کر اس کامیابی کو ممکن بنایا ہے۔ ہم اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ یو ای ٹی ترقی کی راہوں پر اسی طرح گامزن رہے۔ XX انہوں نے مزید کہا کہ اگلے سال یو ای ٹی کی عالمی رینکنگ میں مزید بہتری اور اونچا مقام حاصل کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔ ہم اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے۔ یو ای ٹی لاہور کی ترقی کی یہ خبریں یقیناً خوش آئند ہیں جو نا صرف پاکستان بلکہ عالمی سطح پر ایک سرکردہ ادارے کے طور پر اس کی ساکھ کو مستحکم کرتا ہے۔ تازہ ترین کیو ایس رینکنگ کے اعداد و شمار کے مطابق، یو ای ٹی نے 2024 کے مقابلے میں اپنے سبجیکٹ کے لحاظ سے عالمی درجہ بندی میں کافی بہتری کی ہے: رواں برس یو ای ٹی الیکٹریکل اور الیکٹرانک انجینئرنگ میں 250-201 نمبر پر ہے اسی طرح مکینیکل انجینئرنگ اور کمپیوٹر سائنس اور انفارمیشن سسٹم میں گزشتہ برس کی طرح 251-300 اور 450-401 نمبر پر ہی رہی۔ یو ای ٹی نے ریاضی کے ڈومینز میں 500-451، بزنس اینڈ مینجمنٹ اسٹڈیز میں 600-551 کی رینکنگ، اور فزکس اور فلکیات میں 675-601 کی رینکنگ رینج کے ساتھ دوسری بار رینکنگ حاصل کی ہے۔

اگلے 2 ماہ میں قائداعظم بزنس پارک شیخوپورہ میں 15 نئی فیکٹریاں لگنے جارہی ہیں: چوہدری شافع حسین

فیڈمک کے زیراہتمام فیصل آباد میں 9 ہزار ایکڑ رقبے پر انڈسٹریل اسٹیٹس کی سیکیورٹی وال کا 90 فیصد کام مکمل ہو چکا۔ وزیر تجارت

DIRECTORATE GENERAL
@GO

لاہور (کامرس رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے کہا ہے کہ اگلے 2 ماہ میں قائد اعظم بزنس پارک شیخوپورہ میں 15 نئی فیکٹریاں لگنے جارہی ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر یہاں گارمنٹ سٹی بن رہا ہے جہاں چین کی ٹیکسٹائل انڈسٹری منتقل ہوگی۔ فیڈمک کے زیر اہتمام فیصل آباد میں 9 ہزار ایکڑ رقبے پر انڈسٹریل اسٹیٹس کی سیکیورٹی وال کا 90 فیصد کام مکمل ہو چکا باقیماندہ کام اگلے 2 ماہ میں مکمل ہو جائے گا۔ ہم نے انڈسٹریل اسٹیٹس میں برسوں سے جاری رئیل اسٹیٹ کے کاروبار کو بند کروا دیا اس لئے اب یہاں تیزی سے کارخانے لگ رہے ہیں۔ پالیسی کے مطابق 2 سال کے اندر کارخانہ نہ لگانے والے کا پلاٹ کینسل کیا جا رہا ہے۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے ڈی جی پی آر آفس میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جعفر ایکسپریس ٹرین میں دہشت گردی کے واقعہ کی شدید مذمت کی اور اسے افسوس ناک واقعہ قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ دشمن پاکستان کو ترقی کرتا ہوا نہیں دیکھنا چاہتا۔ پاکستان کی افواج اور سیکورٹی اداروں نے امن کے دشمنوں کے ناپاک عزائم کو بہادری سے خاک میں ملا دیا۔ دہشت گردوں کا کوئی دین نہیں ہوتا وہ انسانیت کے دشمن ہیں، علما کرام اور پوری قوم کو متحد ہو کر دہشت گردی کے خاتمے کے لئے اپنا کردار ادا کرنا ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب اور میرے دورہ چین کے دوران چین کی متعدد کمپنیوں سے معاہدے ہوئے، چین کی وی وو موبائل فون کمپنی نے انڈسٹریل اسٹیٹ فیصل آباد میں موبائل فون مینوفیکچرنگ کا پلانٹ لگانا شروع کر دیا اور یہ پلانٹ 2 سال میں پیداوار شروع کر دے گا۔ لیتھیم بیٹریاں اور سولر پینلز کی پنجاب میں مینوفیکچرنگ کے پلانٹ لگانے کے حوالے سے بھی چین کی کمپنیوں سے معاہدے ہو چکے ہیں۔ ٹیوٹا کے اداروں کی اپ گریڈیشن کی گئی، کورسز کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا گیا، ٹیوٹا کے اداروں میں چائنیز کے علاوہ جرمن، عربی، کورین اور جیپنیز زبانوں کے کورسز شروع کرائے گئے۔ ٹیوٹا کا گزشتہ 6 سال کا پرفارمنس اور فنانشل آڈٹ کرایا جا رہا ہے۔

سیکرٹری اوقاف کی زیر صدارت ڈیپارٹمنٹل ڈویلپمنٹ سب کمیٹی کا اجلاس

اجلاس میں محکمہ فنانس پنجاب، پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ، محکمہ مواصلات و تعمیرات اور اوقاف کے نمائندگان نے شرکت کی

لاہور (سپیشل رپورٹر) حکومت مذہبی تعمیراتی ورثہ کی حفاظت کے لیے سرگرم عمل ہے، تاریخی مزارات کی تجدید و تزئین کے لیے جامع حکمت عملی وضع کر دی گئی۔ ٹرانسپیرنسی، میرٹ اور کوالٹی کو یقینی بنا دیا۔ ترقیاتی سکیمیں مقررہ وقت میں مکمل ہوں گی۔ ان خیالات کا اظہار سیکرٹری / چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے ایوان اوقاف میں منعقدہ "ڈیپارٹمنٹل ڈویلپمنٹ سب کمیٹی" کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری اوقاف نبیلہ جاوید، ڈائریکٹر پراجیکٹس اوقاف رفیق نور وٹو، اسسٹنٹ چیف پی اینڈ ڈی بورڈ محمد عثمان، نمائندہ محکمہ خزانہ پنجاب خضران علی، ایکسین بلڈنگ قصور غلام عباس مہتلا، ایس ڈی او اوقاف لاہور زون راؤ محمد عمران اور ایس ڈی او اوقاف پاکپتن زون محمد اعجاز و دیگر افسران شریک ہوئے۔ اجلاس میں حکومت پنجاب کے سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت جاری سکیمز دربار حضرت داؤد بندگی شیر گڑھ اوکاڑہ (فیز-II) کے پی سی-I مالیتی 28 ملین اور ترمیمی پی سی-I جاری ترقیاتی سکیم دربار حضرت بابا بلھے شاہ قصور مالیتی 565 ملین کی منظوری دی گئی۔ واضح رہے کہ دربار حضرت داؤد بندگی شیر گڑھ اوکاڑہ پر کنزرویشن / ریسٹوریشن کا فیز-I مالیتی 835.26 ملین تکمیل کے آخری مراحل میں ہے، جس میں دربار شریف کے بیرونی اطراف کی اصل حالت میں بحالی کا کام، دربار بیبیاں کی رینوویشن سمیت صحن کی سنگ مرمر سے فرش بندی اور وضوگاہ و طہارت خانے کے ترقیاتی امور شامل ہیں۔ مزید یہ کہ دربار حضرت بابا بلھے شاہ قصور پر جاری ترقیاتی منصوبے میں مزار شریف کی اپ گریڈیشن اور تزئین و آرائش کا خصوصی ڈیزائن کے مطابق تیاری، پارکنگ، سیمینار ہال، لائبریری، سماع ایریا، ایمفی تھیٹر، ایڈمن بلاک، واش رومز، لیوٹری بلاک، لنگر خانہ، کچن سمیت دیگر ضروریات کے مطابق ڈویلپمنٹ پراجیکٹ کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ سیکرٹری اوقاف نے مزید کہا کہ ویلفیئر سٹیٹ کی تشکیل کے لیے صوفیاء کے نظام فکر و عمل ہی سے راہنمائی ممکن ہے۔ عام آدمی کی فکری اور معاشرتی کفالت اور راہنمائی کے لیے خانقاہ کے تاریخ ساز کردار کو کبھی بھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ خانقاہوں کی اہمیت ہر دور میں مسلمہ اور معتبر رہی ہے۔ جدید دور کے تقاضوں سے عہدہ برآ ہونے کے لیے ضروری ہے کہ ہم خانقاہ کو، ان کے طرزِ تعمیر اور زائرین کی گنجائش کو پیش نظر رکھتے ہوئے خوبصورت دلاویز اور آسودہ بنائیں، تاکہ آنے والا ہر زائر خوشگوار احساس اور روحانی آسودگی سے ہمکنار ہو۔

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

فیصل آباد ناجائز منافع خوروں کیخلاف کریک ڈاؤن

ضلع میں یکم رمضان سے اب تک 995 گرفتار کرکے 1071 دکانیں سربمہر کی گئیں۔ 32 کے خلاف مقدمات کا اندراج کرانے کیساتھ گرانفروشوں کو 25 لاکھ 94 ہزار 500 روپے جرمانہ عائد کیا گیا

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی ہدایت پر ضلع فیصل آباد میں ناجائز منافع خوروں کے خلاف کریک ڈاؤن اور عوام کو ریلیف کے لئے سپیشل پرائس کنٹرول مجسٹریٹس روزانہ کی بنیاد پر کارروائی میں مصروف ہیں۔ اس سلسلہ میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد عثمان کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کی سرگرمیوں کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں انہوں نے ہدایت کی کہ زائد نرخ پر اشیاء خوردونوش فروخت کرنے والوں پر مقدمات کے اندراج کے ساتھ دکان کو بھی سربمہر کیا جائے۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کو بتایا گیا کہ ضلع میں یکم رمضان سے اب تک 995 گرفتار کرکے 1071 دکانیں سربمہر کی گئیں۔ 32 کے خلاف مقدمات کا اندراج کرانے کیساتھ گرانفروشوں کو 25 لاکھ 94 ہزار 500 روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ اے ڈی سی آر نے کہا کہ فیلڈ میں نہ نکلنے والے افسران کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی، مجسٹریٹس کی کارکردگی کو روزانہ کی بنیاد پر مانیٹر کیا جارہا ہے۔

کامیاب طلبہ وطالبات میں لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب

حکومت پنجاب تعلیمی معیار کو بلند کرنے اور طلبہ کو جدید سہولیات فراہم کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کررہی ہے

عارفوالا (نامہ نگار نصراللہ سے) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا خواب پڑھے گا پنجاب" کے مطابق ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق کی خصوصی زیر صدارت سٹیم (سائنس، ٹیکنالوجی، انجینئرنگ، آرٹس، اور میتھمیٹکس) اور جشن سٹیم مقابلوں کے کامیاب طلبہ و طالبات میں لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب گورنمنٹ ہائی سکول میں منعقد ہوئی تقریب میں ایم پی اے چوہدری جاوید احمد نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، اس موقع پر طلباء، والدین، اساتذہ، شہریوں اور میڈیا نمائندگان بھی موجود تھے تقریب کا انعقاد سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ اور پروگرام مانیٹرنگ اینڈ امپلیمنٹیشن یونٹ (PMIU) کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی پاکپتن کے زیر انتظام کیا گیا، تقریب کا مقصد جدید تعلیم کے فروغ اور طلبہ کو ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنے کے حکومتی عزم کو عملی جامہ پہنانا تھا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سٹیم ایجوکیشن جدید دور کا تقاضا ہے، جو ہمارے طلبہ کو تخلیقی، تحقیقی اور تکنیکی میدان میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرے گی، حکومت پنجاب تعلیمی معیار کو بلند کرنے اور طلبہ کو جدید سہولیات فراہم کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کررہی ہے، لیپ ٹاپ کی تقسیم اسی سلسل کی ایک کڑی ہے۔

نعیم حیدر کو ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر حافظ آباد تعینات کر دیا گیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) نعیم حیدر کو ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر حافظ آباد تعینات کر دیا گیا۔ جنہوں نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر فرائض کی ادائیگی شروع کر دی ہے۔ ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر نعیم حیدر کا کہنا تھا کہ دفتر میں میرٹ کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے تمام افسران اور ملازمین کو کام کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ کسی بھی قسم کی کرپشن، سرکاری فرائض میں کوتاہی اور لاپرواہی کو برداشت نہیں کیا جائیگا۔ ہمارا مقصد سرکاری ملازمین کو ہر ممکن طریقے سے ریلیف پہنچانا ہے اور انشاء اللہ انکے تمام کام میرٹ اور ترجیحی بنیادوں پر کیے جائینگے۔

مسجد غوثیہ کے خطیب وامام قاری عابد حسین رضوی کا پریس کلب شیخوپورہ کا دورہ

رمضان دستر خوان میں شرکت کرکے ملکی سلامتی وترقی کی خصوصی دعا کروائی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) متحدہ امن کونسل کے رکن جامعہ مسجد غوثیہ کے خطیب وامام قاری عابد حسین رضوی نے پریس کلب شیخوپورہ کا دورہ کیا اور رمضان دسترخوان میں شرکت کرکے ملکی سلامتی وترقی کی خصوصی دعا کروائی، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے قاری عابد حسین رضوی نے کہا کہ رمضان المبارک میں کی گئی نیکیوں کا اجر بڑھ جاتا ہے ہر مسلمان کو نیکیوں کی کثرت کی خاطر بڑھ چڑھ کر نیک اعمال کی طرف توجہ دینی چاہیے اسی سے ہم رمضان المبارک کی ساعتوں سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہوسکتے ہیں، زکوٰۃ وصدقات کی انجام دہی میں قطعی تاخیر نہ برتی جائے کیونکہ آپ کا راہ خدا میں خرچ کیا گیا مال، بہت سے مساکین وغرباء کی زندگیوں میں آسانیاں لاتا ہے ہمیں اس کارخیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہیے خصوصاً مخیر حضرات اللہ رب العزت کے دیے گئے مال میں سے اس کی راہ میں خرچ کرنا عادت بنائیں اس سے انکے مال میں برکت پیدا ہوگی، ماہ صیام کا درجہ دیگر مہینوں سے افضل قرار دیکر اللہ تعالیٰ نے اس ماہ مبارکہ کی اہمیت ہم پر واضح فرمائی ہے مسلمانوں کو چاہیے کہ اس ماہ مقدس کی برکتوں سے فیضیاب ہونے کیلئے ہر ممکن کوششیں بروئے کار لائیں۔

عیدالفطر قریب آتے ہی بازاروں میں خریداروں کا رش بڑھنے لگا

جہلم (بیورو رپورٹ) عیدالفطر قریب آتے ہی بازاروں میں خریداروں کا رش بڑھنے لگا، کپڑوں، جوتوں، جیولری اور چوڑیوں و دیگر اشیاء کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، خریدار مہنگائی کے ہاتھوں پریشان۔ تفصیلات کے مطابق جوں جوں عیدالفطر قریب آرہی ہے جہلم وگردونواح کے شہریوں نے خریداری کے لیے بازاروں اور مارکیٹوں کا رخ کرلیا ہے، دوسری جانب دوکاندار بھی عید کی شاپنگ کرنے والے خریداروں سے منہ مانگی قیمتیں وصول کرنے لگے ہیں۔ غریب اور متوسط طبقہ کے افراد قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے بغیر خریداری کے خالی ہاتھوں گھروں کو لوٹنے پر مجبور ہیں

شہر بھر میں واقع مختلف بلندوبالا عمارتوں میں لگے فائر فائٹنگ انتظامات کی چیکنگ

پلازہ مالکان کے ہمراہ ہنگامی انخلاء کے نظام کا بھی تفصیل سے معائنہ کیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈائریکٹر سول ڈیفنس پنجاب ضمیر حسین، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر سول ڈیفنس فیصل آباد ریجن فیصل آباد مبشر ربانی کی خصوصی ہدایات کے مطابق محکمہ سول ڈیفنس کے افسران نے عوامی تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے شہر بھر میں واقع مختلف بلندوبالا عمارتوں میں لگے فائر فائٹنگ انتظامات کو چیک کیا مزید براں پلازہ مالکان کے ہمراہ ہنگامی انخلاء کے نظام کا بھی تفصیل سے معائنہ کیا، محکمہ ہذا کی ٹیکنیکل انسپکشن ٹیموں نے بلندوبالا عمارتوں میں نامکمل فائر فائٹنگ انتظامات اور ہنگامی انخلاء کے غیر تسلی بخش انتظامات پر 11 عدد بلڈنگز کو انتہائی نوٹسز جاری کردیئے اور مالکان کو 07 ایام میں انتظامات مکمل کرنے کا وقت دیا، مزید براں سول ڈیفنس آفیسر وقار اکبر نے تمام کاروباری حضرات پر زور دیا کہ انسانی جانوں کو بچانے کیلئے محکمہ سول ڈیفنس کے تجویز کردہ فائر سیفٹی انتظامات اور تربیت کو مکمل رکھیں تاکہ جانی ومالی حادثات سے بچا جاسکے۔

نیشنل بینک میں کروڑوں کا فراڈ، مینیجر غائب، متاثرین سراپا احتجاج

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) نیشنل بینک سیالکوٹ میں ایک بڑا مالیاتی اسکینڈل سامنے آیا ہے جہاں مبینہ طور پر بینک عملے نے مینیجر سرید عارف سے ملی بھگت کرتے ہوئے شہریوں کی کروڑوں روپے کی رقم غائب کر دی گئی۔ متاثرین میں ایک خاتون پروفیسر بھی شامل ہیں، جن کی تین لاکھ روپے کی جمع شدہ رقم بھی فراڈ کی نذر ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق، بینک مینیجر اور دیگر عملہ اس فراڈ میں ملوث پایا جا رہا ہے، جس کے بعد مینیجر سعید عارف غائب ہو چکا ہے۔ متاثرین نے بینک انتظامیہ اور اعلیٰ حکام سے فوری کارروائی کا مطالبہ کرتے ہوئے احتجاج کیا، جس میں شدید غم و غصے کا اظہار کیا گیا۔

پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی متعدد مقامات پر پرائس چیکنگ کے لیے کاروائیاں

شہر کے متعدد مقامات پر متعدد دکانوں میں اشیاء کے ریٹس کی چیکنگ کی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کے ہمراہ شہر کے متعدد مقامات پر پرائس چیکنگ کے لیے کاروائیاں کیں، انہوں نے عوام کو اشیائے خورونوش کی کنٹرول ریٹس پر فراہمی کے سلسلہ میں شہر کے متعدد مقامات پر متعدد دکانوں میں اشیاء کے ریٹس کی چیکنگ کی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب نے کہا کہ رمضان المبارک میں عوام کو ریلیف کی فراہمی کے سلسلہ میں تمام ممکنہ اقدامات کیے جارہے ہیں، دکان داروں کو چاہیے کہ ماہ مقدس میں دھوکہ دہی سے اجتناب کریں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر نے کہا کہ عوام کی مجبوری کا ہرگز فائدہ نہ اٹھایا جائے اور عوام کو کنٹرول ریٹس پر اشیائے خوردونوش کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے، انہوں نے کہا کہ مصنوعی مہنگائی کے مرتکب افراد کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا

صوبے میں فروغ تعلیم کیلئے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے انقلابی فیصلے

80 فیصد سے زائد نمبر لینے والے کو سی ایم ایمی نینس/سٹار کارڈ ملے گا: سکولز کی آؤٹ سورسنگ سے مثبت نتائج برآمد ہوئے ہیں

موجودہ حکومت پنجاب وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے وژن کی روشنی میں ایجوکیشن کے بنیادی اور اہم ترین سماجی شعبہ کی ہر ممکن ترقی اور بحالی کیلئے کوشاں ہے اور اس سلسلہ میں تمام ممکنہ افرادی اور مالی وسائل بروئے کار لا کر صوبہ پنجاب کے طول وعرض میں تعلیمی سہولیات کی فراہمی کیلئے ٹھوس اقدامات شروع کر دیئے گئے ہیں۔ فروغ تعلیم کے لئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے انقلابی فیصلے کیے۔ پنجاب میں سکول ایجوکیشن کے لئے "سی ایم ایجوکیشن کارڈ" متعارف کرانے کا فیصلہ کیا۔ 80 فیصد سے زیادہ نمبر لینے والے طلبہ کو سی ایم ایمی نینس/سٹار کارڈ ملے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت سکول ایجوکیشن سے متعلق خصوصی اجلاس میں بتایا گیا کہ سکولوں کی آؤٹ سورسنگ سے طلبہ کی تعداد میں 52 فیصد، ٹیچرز کی تعداد میں 89 فیصد اضافہ ہوا۔ 5863 پبلک سکول ری آرگنائزیشن پروگرام کے بعد طلبہ کی تعداد 2 لاکھ 42 ہزار بڑھ کر تین لاکھ 68 ہزار سے بڑھ گئی۔ پنجاب بھر پہلے میں آؤٹ سورسنگ کے پہلے فیز بعد ٹیچرز کی تعداد 8037 سے بڑھ کر 15114 ہوگئی۔ آؤٹ سورسنگ کے بعد سکولوں میں اساتذہ کی تنخواہ میں تین گنا تک اضافہ ہوا۔ سکولوں کی آؤٹ سورسنگ کے بعد طلبہ کے لئے کرسیاں اور ڈیسک وغیرہ کی تعداد تین لاکھ 71 ہزار سے پانچ لاکھ 23 ہزار ہوگئی۔ پنجاب میں ایک ہی طرز کے نئے اور جدید سکول آف ایمی نینس قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ پنجاب کی ہر تحصیل میں ایک سکول آف ایمی نینس بنے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے میٹرک ٹیک کے لئے سٹیٹ آف دی آرٹ لیب بنانے کا اعلان کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کلاس فائیو سے ٹیکنیکل ایجوکیشن بطور مضمون شامل کرنے کے لئے اقدامات کی ہدایت کی ہے۔ ٹیکس بک بورڈ کی نصابی کتابوں کے پراجیکٹ میں ایک ارب روپے کی بچت کا ریکارڈ ہوا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سکولوں میں پینے کے پانی، وائٹ واش اور فرنیچر کے لئے 90 دن کی ڈیڈ لائن دے دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہر سال دو ملین بچوں کی انرولمنٹ کا ہدف دے دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے بھکر اور لیہ سمیت دیگر اضلاع میں سکول میل پروگرام کے اجراء کیلئے فوری اقدامات کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ایجوکیشن افسروں اور اساتذہ کارکردگی جانچنے کیلئے کے پی آئی سسٹم نفاذ کرنے کی ہدایت کی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر لاہور کے 338 سکولوں میں انگلش بول چال کی کلاسز کے پائلٹ پراجیکٹ کا اجراء کیا گیا۔ سرکاری سکولوں میں انگلش بول چال کے انٹرنیشنل کورسز کرانے اور سرٹیفکیٹ دینے کی تجویز پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے صوبے بھر میں سکولوں کے سامنے روڈز پر زیبرا کراسنگ بنانے کی ہدایت پر سختی عملدرآمد کا حکم دیا ہے۔ پنجاب میں پہلی مرتبہ مارچ میں تعلیمی سیشن کے آغاز پر کتابوں کی فراہمی کا ہدف کامیابی سے مکمل کیا۔ سرکاری سکولوں کے پانچ اساتذہ برٹش کونسل کے تعاون سے سکاٹ لینڈ کا مطالیاتی دورہ کریں گے۔ مظفرگڑھ، راجن پور اور ڈی جی خان اضلاع میں سکول میل پروگرام کامیابی سے جاری ہے۔

ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل سٹاف کی ایک روزہ ٹریننگ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا

محکمہ صحت حافظ آباد، ڈبلیو ایچ او اور یونیسف کے اشتراک سے بچوں کو مختلف بیماریوں سے بچاؤ اور حفاظتی ٹیکہ جات کی ترغیب

unicef
Training of Secondary & Tertiary Hospitals on
VPD SURVEILLANCE

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) محکمہ صحت حافظ آباد، ڈبلیو ایچ او اور یونیسف کے اشتراک سے بچوں کو مختلف بیماریوں سے بچاؤ اور حفاظتی ٹیکہ جات کے حوالے سے ڈاکٹروں اور پیرا میڈیکل سٹاف کی ایک روزہ ٹریننگ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر ظہیر احمد، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فائق علی تارڑ، ڈبلیو ایچ او کے نمائندہ احمد شفیق اور ڈی ایچ کیو ہسپتال کے چائلڈ اسپیشلسٹ ڈاکٹر عابد بھٹی نے ڈی ایچ کیو ہسپتال کے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل سٹاف اور نرسز کو ایک روزہ ٹریننگ دی۔ سی ای او ہیلتھ اور دیگر ڈاکٹرز کا کہنا تھا کہ محکمہ صحت، یونیسف اور ڈبلیو ایچ او کے زیر اہتمام منعقدہ ٹریننگ ورکشاپ کا مقصد ڈی ایچ کیو ہسپتال کے ڈاکٹرز، پیرا میڈیکل سٹاف اور نرسز کو کم عمر اور نوزائیدہ بچوں کو مختلف بیماریوں سے بچاؤ اور حفاظتی ٹیکہ جات کے تمام کورسز مکمل کروانے کے حوالے سے ضروری آگاہی اور ٹریننگ دینا ہے انکا کہنا تھا کہ کم عمر بچوں کو حفاظتی ٹیکہ جات لگوانے کے حوالہ سے محکمہ صحت کے ڈاکٹرز اور دیگر سٹاف پوری تندہی سے اپنے فرائض سرانجام دے رہا ہے اس ٹریننگ کے بعد محکمہ صحت، ڈبلیو ایچ او اور یونیسف کی خصوصی ٹیمیں اس بارے سرویلنس بھی کریں گی انہوں نے والدین سے بھی اپیل کی کہ اپنے کم عمر بچوں کو مہلک اور متعدی بیماریوں سے بچاؤ کے لیے بروقت حفاظتی ٹیکے لگوائے جائیں تاکہ انکے بچے بیماریوں سے محفوظ صحت مند پرورش پاسکیں۔

ایف ڈی اے ون ونڈو کاؤنٹر پر عوامی ریلیف کی فراہمی جاری

اڑھائی ماہ کے دوران 267 درخواست گزاروں کو مختلف شعبوں سے متعلقہ امور کے بارے میں ریلیف فراہم کیا گیا

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) ایف ڈی اے ون ونڈو کاؤنٹر پر گزشتہ اڑھائی ماہ کے دوران 267 درخواست گزاروں کو مختلف شعبوں سے متعلقہ امور کے بارے میں ریلیف فراہم کیا گیا اس سلسلے میں تیز رفتار محکمانہ کارروائی کو یقینی بنایا گیا ہے۔ یہ بات ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری کی زیر صدارت اجلاس میں بتائی گئی جس میں ون ونڈو کاؤنٹر کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے قیصر عباس رند، ڈائریکٹر آئی ٹی/فنانس یاسر اعجاز چٹھہ، ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ اسماء حسن، ڈائریکٹر اسٹیٹ مینجمنٹ ون جنید حسن منج، ڈپٹی ڈائریکٹر آئی ٹی عبداللہ نور ودیگر افسران اس موقع پر موجود تھے۔ ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے نے شہریوں کی مکمل آگاہی ورہنمائی کیلئے ون ونڈو کاؤنٹر کی نئی ترتیب کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایف ڈی اے کی سروسز کی فراہمی کے بارے میں درخواست گزاروں کو ہر ممکن آسانی اور سہولت ہونی چاہیئے۔ انہوں نے کہا کہ ٹائم لائن کے مطابق درخواست گزاروں کے کام مکمل کئے جائیں اور محکمانہ کارروائی کے بارے میں انہیں بذریعہ ایس ایم ایس اپ ڈیٹ رکھا جائے۔ انہوں نے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل سے کہا کہ وہ سٹاف کی کارکردگی کی مانیٹرنگ کیلئے ون ونڈو کاؤنٹر پر موصول ہونیوالی درخواستوں پر شعبہ جاتی کارروائی کے بارے میں ہفتہ وار رپورٹ حاصل کریں اور کسی بھی فائل کی تکمیل میں بلاجواز تاخیر کا فوری نوٹس لیا جائے۔ اجلاس کے دوران بتایا گیا کہ شعبہ اسٹیٹ مینجمنٹ ون سے متعلقہ 140 درخواستوں، ٹاؤن پلاننگ ون کے بارے میں 100 درخواستوں، ٹاؤن پلاننگ ٹو سے متعلقہ کاموں کے بارے میں 23 اور کچی آبادیوں سے متعلقہ چار درخواستوں پر ریلیف فراہم کیا گیا۔

سیالکوٹ ٹریفک پولیس حکام کی اہم میٹنگ منعقد ہوئی

میٹنگ کے دوران افطار اوقات میں ٹریفک ریگولیشن پر خصوصی اقدامات کا عندیہ

سیالکوٹ (قوت ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈی ایس پی ٹریفک ہیڈکوارٹر سیالکوٹ مدثر صدیق و ڈی ایس پی ٹریفک سٹی مبشر قادر نے ڈی ایس پی ٹریفک صدر عدنان قاسم کے ہمراہ ٹریفک آفس ہیڈکوارٹر میں ٹریفک پولیس کے افسران سے اہم میٹنگ کی۔ میٹنگ کے دوران رمضان المبارک کے حوالے سے ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دی کہ خصوصی طور پر افطاری کے وقت تمام ٹریفک وارڈنز الرٹ ہو کر ڈیوٹی کریں تاکہ تمام شہری بروقت اپنے گھروں کو پہنچ کر اپنی فیملی کیساتھ روزہ افطار کرسکیں۔ حکام کا کہنا تھا کہ سیالکوٹ کے مختلف روٹس چوکوں چورنگیوں پر رمضان المبارک کے دوران عمومی طور پر روٹین میں ٹریفک کا بہاؤ کم ہوتا ہے جبکہ افطار سے کچھ گھنٹے قبل ٹریفک رش بڑھنے سے روڈ بلاک ہوجاتا ہے۔ جس کو کنٹرول کرنے کے لئے موثر میکنزم پر عملدرآمد یقینی بنانا ہے تاکہ شہریوں کو اپنے گھروں ٹھکانوں پر پہنچنے میں دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

ماہ رمضان المبارک میں گروپ انشورنس کی مد میں 11 کروڑ 24 لاکھ 76 ہزار 866 روپے کے چیک جاری

مریم نواز اور لیبر منسٹر پنجاب فیصل ایوب کھوکھر کی جانب 37 ہزار پر عملدرآمد کروانے کا اعلان بھی خوش آئند اقدام ہے

پریس ریلیز (ملک بشیر احمد) عمران غوث معاوضہ کمشنرز فیصل آباد کی عدالت سے ماہ رمضان المبارک میں گروپ انشورنس کی مد میں 11 کروڑ 24 لاکھ 76 ہزار 866 روپے کے چیک جاری اور واجبات کی مد میں 38 لاکھ 62 ہزار 216 روپے کے چیک کی تقسیم لیبر ڈیپارٹمنٹ میں کردی گئی، آج لیبر ڈیپارٹمنٹ فیصل آباد میں معاوضہ کمشنرز ویسٹ عمران غوث نے کلاش پرائیوٹ لمیٹڈ، مسعود ٹیکسٹائل ملز، کریسنٹ ٹیکسٹائل، ملکہ وڈ، جے بی پیکیجز ودیگر فیکٹریوں کے مزدوروں کے لواحقین جن میں بیواؤں، والدین، بچوں کو چیک جاری کرنے کی تقریب ہوئی اس موقعہ پر بابا لطیف انصاری چیئرمین پاکستان لیبر قومی موومنٹ نے کہا کہ پنجاب میں 2025 کے پہلے 2 ماہ 10 دن میں مزدوروں میں چیک کی تقسیم معاوضہ کمشنرز ویسٹ کا احسن اقدام ہے ماہ رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں الکاسب حبیب اللہ محنت کش اللہ کا دوست ہے کے نقش قدم پر چلتے بیواؤں اور والدین اور بچوں اور واجبات کی مد میں چیک کی تقسیم کرکے محنت کشوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی پاکستان لیبر قومی موومنٹ کی جانب سے متعلقہ ملز مالکان کی جانب سے بروقت گروپ انشورنس اور بقایاجات ادا کرکے انڈسٹری کا پہیہ چلے اور مزدور کا چولہا جلے کی پالیسی پر گامزن ہے فیصل آباد کی ٹیکسٹائل انڈسٹری میں لاکھوں محنت کش دن رات محنت کرکے ملکی معیشت میں اہم رول ادا کررہے ہیں معاوضہ کمشنرز ویسٹ فیصل آباد نے لواحقین کو بروقت چیک جاری کرکے مزدوروں میں پائی جانے والی مایوسی اور بے چینی کا خاتمہ کیا اگر پنجاب بھر کے معاوضہ کمشنرز بھی فوری انشورنس اور بقایاجات دلوانا شروع کردیں تو مزدوروں کا عزت نفس بحال ہوگا پاکستان لیبر قومی موومنٹ کا وزیر اعلی پنجاب۔ مریم نواز اور لیبر منسٹر پنجاب فیصل ایوب کھوکھر کی جانب 37 ہزار پر عملدرآمد کروانے کا اعلان بھی خوش آئند اقدام ہے

جہلم شہر اور ملحقہ علاقوں میں آوارہ کتوں کی بھرمار

علی الصبح اور شام ہوتے ہی آوارہ کتے شہریوں کا پیچھا کرنا اور بھونکنا شروع کر دیتے ہیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر اور ملحقہ علاقوں میں آوارہ کتوں کی بھرمار، علی الصبح اور شام ہوتے ہی آوارہ کتے شہریوں کا پیچھا کرنا اور بھونکنا شروع کر دیتے ہیں، شہریوں میں خوف وہراس آوارہ کتوں کو تلف کرنے کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق اندرون شہر سمیت ملحقہ آبادیوں میں آوارہ کتوں کی ٹولیاں گشت کرتی دکھائی دیتی ہیں جس کے باعث شہریوں کو نماز تراویح اور فجر کی نماز کی ادائیگی میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ صبح سویرے اور شام ہوتے ہی آوارہ کتے چوک چوراہوں گلی محلوں میں ٹولیوں کی شکل میں جمع ہونا اور گزرنے والے راہگیروں کو بھونکنا شروع کر دیتے ہیں جبکہ موٹر سائیکل پر آنے جانے والے افراد کے پیچھے بھاگتے اور انہیں کاٹنے کیلئے تیز رفتاری کے ساتھ دوڑتے ہیں جس کے باعث شہری پریشانی میں مبتلا ہیں۔ آوارہ کتوں کی ٹولیوں سے شہریوں خصوصاً خواتین وبچوں میں شدید خوف وہراس ہے شہریوں نے متعلقہ ذمہ داران سے مطالبہ کیا ہے کہ آوارہ کتوں کو تلف کرایا جائے تاکہ شہری اپنے کام کاج ادا کرسکیں۔

ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع چنیوٹ ڈاکٹر شہباز احمد نے ضلع بھر کے سیڈ ڈیلروں سے میٹنگ کی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع چنیوٹ ڈاکٹر شہباز احمد نے ضلع بھر کے سیڈ ڈیلروں سے میٹنگ کی۔ انہوں نے سیڈ ڈیلرز کو بتایا گیا کہ محکمہ زراعت نے پنجاب ایگریکلچر پیسٹی سائیڈ آرڈیننس 1959 اور رولز 1960 کے تحت 20 مئی سے پہلے دھان کی پینری کاشت کرنے پر پابندی عائد کردی ہے۔ پچھلے سال دھان کی اگیتی فصل کاشت کی گئی اور دانہ بنتے وقت درجہ حرارت زیادہ ہونے کی وجہ سے فصل میں دانہ بننے کا عمل متاثر ہوا اور پیداوار میں نمایاں کمی ہوئی اور ہزاروں ایکڑ پر پانی کا ضیاع ہوا۔ انہوں نے بتایا کہ دھان کی فصل سے گیس خارج ہوکر گلوبل وارننگ اور ماحولیاتی آلودگی میں اضافے کا باعث بن رہی ہے ان وجوہات کے باعث سیڈ ڈیلروں کو ہدایات جاری کی گئی ہیں۔

عیدالفطر سے قبل ماڈل ٹاؤن فیملی پارک کی فنشنگ مکمل ہوگی: محمد خالد وسیم

خدمت میں عظمت خدمت ہمارا منشور ہے۔ کنوینئر وصدر اتحاد گروپ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) کنوینئر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی قیادت میں ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کی تعمیر وترقی کا کام تیزی سے جاری ہے الحمدللہ روزوں کے دوران عیدالفطر سے قبل ماڈل فیملی پارک اگوکی فیزون میں بچوں کے کھیل کود کے لیے جھولے لگائے جا رہے ہیں جبکہ آرٹیفیشل اینیملز کو ازسرنو "فنشنگ" کی جارہی ہے بچوں کے کھیل کود اور دلچسپی میں اضافے کے لیے پینٹنگز، جھولے اور دیگر سہولیات فراہم کی جارہی ہیں ان تمام چیزوں کی تیاریاں عروج پر ہیں کام تیزی سے جاری ہے صدر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کا کہنا ہے کہ ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے تمام ممبران کے لیے ہمارا نعرہ وی آر فیملی ہے اور اس نعرے کی پاسداری کے لیے خاندانوں کو تمام تر سہولیات فراہم کرنے خاص طور پر ممبران کے بچوں کے لیے جدید طرز کا پارک ڈیولپ کیا جارہا ہے جس میں بچوں کے لیے بہت ساری سہولیات اور کھیل کود کے لیے میدان آباد ہوگا ممبران سے گزارش ہے کہ وہ اپنے مشورہ جات سے ضرور نوازیں اور اپنے واجبات اور بروقت ادا کریں تاکہ تعمیراتی کاموں کو بروقت پایہ تکمیل تک پہنچایا جاسکے

جہلم ضلعی ہیڈکوارٹر میں رمضان کے دوسرے عشرے میں بھی سبزیوں اور پھلوں کی گراں فروشی پر قابو نہ پایا جاسکا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ضلعی ہیڈ کوارٹر میں رمضان کے دوسرے عشرے میں بھی سبزیوں اور پھلوں کی گراں فروشی پر قابو نہ پایا جاسکا۔ صارفین پریشان اور بیشتر علاقوں میں پرچون سطح پر دکانداروں نے 11 ویں روزے کو بھی سبزیوں اور پھلوں کی کھلے عام گراں فروشی کر کے صارفین کا استحصال جاری رکھے ہوئے ہیں۔ صارفین کے مطابق سرکاری ریٹ لسٹ میں ایک کلو آلو کچا چھلکا نیا درجہ اول کی قیمت 55 روپے مقرر رہے جبکہ دکاندار 75 روپے تک فروخت کرتے رہے پیاز درجہ اول کی سرکاری قیمت 50 روپے مقرر بھی دکاندار 70 روپے کلو کے حساب سے فروخت کرتے رہے،، ٹماٹر 43 روپے کلو کی بجائے 70 روپے فی کلو ادرک تھائی لینڈ 375 کی بجائے 500، کھیرا فارمی 60 کی بجائے 70 روپے بینگن 75 کی بجائے 90 روپے، بندگوبھی 35 کی بجائے 55 کلو تک فروخت ہوئی۔ پھلوں میں ایک کلو سیب ایرانی درجہ اول 310 کی بجائے 400، کمی درجہ اول درجن 190 روپے درجن کی بجائے 250 خربوزہ درجہ اول 120 روپے کلو کی بجائے 170 خ، اسٹابری درجہ اول 300 کی بجائے 600، انگور تافی 400 کی بجائے 500 کھجور ایرانی 470 کی بجائے 580 روپے فی کلو کے حساب سے فروخت کی گئی

رانگ پارکنگ گاڑیوں کے خلاف بذریعہ لفٹر کاروائی کی جائے گی: سی ٹی او گوجرانوالہ عائشہ بٹ

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو گوجرانوالہ) سی ٹی او گوجرانوالہ عائشہ بٹ کی ہدایت پر سٹی ٹریفک پولیس گوجرانوالہ نے علی پور چھٹہ میں رانگ پارکنگ گاڑیوں کے خلاف بذریعہ لفٹر کاروائی کا آغاز کردیا۔ تحصیل بھر کے اہم چوکوں پر رانگ پارکنگ گاڑیوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 2000 جرمانہ کیا جائے گا۔ ج سی ٹی او گوجرانوالہ عائشہ بٹ کا کہنا تھا کہ رانگ پارکنگ ٹریفک کے بہاؤ میں رکاوٹ کا بڑا سبب ہے، رانگ پارکنگ کے خلاف موثر کاروائی کے لیے لفٹر بمعہ اسٹاف علی پور چھٹہ تعینات کر دیا گیا ہے تاکہ رانگ پارک گاڑیوں کے خلاف کاروائی عمل میں لا کر ٹریفک کے بہاؤ کو مزید بہتر کیا جاسکے۔ مکہ چوک مدینہ چوک اور ڈاک خانہ چوک میں ٹریفک کی امد ورفت زیادہ ہونے کی وجہ سے گاڑیوں کا رش رہتا ہے اور جگہ جگہ رانگ پارکنگ ٹریفک کے بہاؤ میں رکاوٹ کا سبب بنتی ہے۔ علی پور میں لفٹر نا ہونے کی وجہ رانگ پارکنگ کے خلاف موثر کاروائی ممکن نا تھی۔ سٹی ٹریفک پولیس گوجرانوالہ ٹریفک کے بہاؤ کو ہر صورت برقرار رکھتے ہوئے قانونی کاروائی عمل میں لائی گی۔ سی ٹی او گوجرانوالہ نے شہریوں سے بھی درخواست کی ہے کہ اس عمل میں ٹریفک پولیس کا ساتھ دیتے ہوئے اپنی گاڑیوں کو غلط پارک نا کریں اور ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں۔

پاکستان افغانستان اور ایران خطے کے نہایت اہم اسلامی ممالک ہیں: پیر سید ارشد ہاشمی

جنرل پرویز مشرف نے امریکہ سے نکی جی ہاں کرکے پورے خطے کو تخریب کاری اور خودکش حملوں ودھماکوں کی نذر کیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سینئر سیاستدان پیر سید ارشد ہاشمی نے کہا ہے کہ پاکستان افغانستان اور ایران خطے کے نہایت اہم اسلامی ممالک ہیں جو دہشت گردی کے عفریت کا شکار ہیں یو یقینا تشویشناک امر ہے، جنرل پرویز مشرف نے امریکہ سے نکی جی ہاں کرکے پورے خطے کو تخریب کاری اور خودکش حملوں و دھماکوں کی نذر کیا جن میں 80 ہزار سے زائد پاکستانیوں کا ناحق خون بہا، افغانستان کا کباڑا ہوا اور ایران کو بھی شدید عدم استحکام کا سامنا کرنا پڑا، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پیر سید ارشد ہاشمی نے کہا کہ امریکہ واسکے اتحادی ممالک کی افواج اسامہ بن لادن کو افغانستان میں تلاش کرتی رہی مگر دنیا جانتی ہے کہ پھر اسامہ بن لادن کہاں سے ملے جس کے بعد بھی پاکستانی حکمرانوں نے اپنی ترجیحات اور داخلہ وخارجہ پالیسی درست نہیں کی اب امریکی مقتدرہ اس اسلحہ کی بازیابی کی آڑ میں خطہ کو نئی جنگ کی آگ میں جھونکنے کی تیاریوں میں ہے جو امریکی افغانستان میں چھوڑ کر بھاگے تھے یہ اسلحہ مال غنیمت ہے جو جنگ میں فتح کی صورت میں افغانی فوج وعوام کو میسر آیا پاکستانی حکمران ہوش کے ناخن لیں اور امریکہ کی سہولت کاری سے گریز برتیں عوام پر بھی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنے پیاروں کے جنازے اٹھانے کی بجائے اپنی آواز اٹھائیں پاکستان اب مزید کسی خلفشار کا متحمل نہیں ہوسکتا بانی پی ٹی آئی کی ایبسولوٹ لی ناٹ کی پالیسی کو اپنانے کی ضرورت ہے پاکستان پہلے ہی ابتر سیاسی ومعاشرتی حالات سے گزر رہا ہے اب اگر حکمرانوں نے امریکہ کی سہولت کاری کی تو نہ رہے گا بانس نہ بجے گی بانسری جس پر فقط انا للہ و انا علیہ راجعون ہی کہا جاسکتا ہے۔

پولیس اہلکاروں، ان کی فیملیز کی ویلفیئر کیلئے اقدامات جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے وژن کے مطابق پولیس اہلکاروں، ان کی فیمیلز کی ویلفیئر کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کی خصوصی کاوش سے پولیس افسران وجوانوں کے بچوں کی بہتر تعلیم کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ چنیوٹ پولیس اور دی ارقم سکول کے درمیان ایم او یو پر دستخط ہوگئے۔ ایم او یو پر دستخط کرنے کیلئے ڈی پی او دفتر میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ ڈی پی او عبداللہ احمد اور دی ارقم سکول کے نمائندے نے ایم او یو پر دستخط کئے۔ ایم او یو کے تحت شہدائے پولیس کے بچوں کو مفت تعلیم دی جائے گی۔ ایم او یو کے تحت حاضر سروس پولیس اہلکاروں کے بچوں کی فیس میں پچاس فیصد رعایت دی جائے گی۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چنیوٹ عبداللہ احمد نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پولیس فورس کی ویلفیئر، بچوں کی بہتر تعلیم کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ پولیس اہلکاروں کی ویلفیئر سے متعلق دیگر اداروں کیساتھ بھی ایم او یو کئے جارہے ہیں۔

ہائی سکول میں سٹیم مقابلہ جات کے پوزیشن ہولڈر طلبہ وطالبات کے اعزاز میں تقریب کا انعقا

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب اور لیگی رہنما چوہدری ظفر نے طالبعلموں میں تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے پر خوشی کا اظہار کیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر گورنمنٹ گرلز ماڈل ہائی سکول میں سٹیم مقابلہ جات کے پوزیشن ہولڈر طلبہ وطالبات کے اعزاز میں تقریب کا انعقاد، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب اور لیگی رہنما چوہدری ظفر نے طالبعلموں میں تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے سائنسی ماڈلز کے سٹیم مقابلہ جات میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے 17 طلبہ وطالبات میں حکومت پنجاب کی جانب سے لیپ ٹاپس تقسیم کیے، اس موقع پر سی ای او ایجوکیشن محمد یوسف، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایجوکیشن راؤ غلام قادر سمیت محکمہ تعلیم کے افسران مختلف سکولوں کے پرنسپلز، اساتذہ، والدین اور طالب علموں کے کثیر تعداد بھی موجود تھی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب شعبہ تعلیم میں انقلابی اقدامات کی پالیسی پر گامزن ہیں، سائنسی علوم میں دسترس حاصل کرکے ہی دور حاضر کے چیلنجز سے نبرد آزما ہوا جاسکتا ہے، طالب علموں میں تخلیقی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے سٹیم مقابلہ جات نے اہم کردار ادا کیا ہے، لیگی رہنما چوہدری ظفر نے کہا کہ طالب علموں میں سائنسی علوم کے فروغ کے سلسلہ میں سٹیم مقابلہ جات منفرد نوعیت کا پروگرام ہے، نمایاں کارکردگی کے حامل طالبعلموں میں اعلیٰ کوالٹی کے لیپ ٹاپس کی تقسیم انتہائی خوش آئند اقدام ہے۔

بائی پاس ریلوے لائن پر فلائی اُوور کی تعمیر ایک اہم عوامی فلاحی منصوبہ ہے

اس کی جلد تکمیل ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکمہ کی اولین ترجیح ہے تاکہ عوام اس منصوبے سے براہ راست استفادہ حاصل کرسکیں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے کہا ہے کہ بائی پاس ریلوے لائن پر فلائی اوور کی تعمیر ایک اہم عوامی فلاحی منصوبہ ہے۔ اس کی جلد تکمیل ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکمہ کی اولین ترجیح ہے تاکہ عوام اس منصوبے سے براہ راست استفادہ حاصل کرسکیں اور انہیں ذرائع آمدورفت کی بہتر سہولیات میسر ہوسکیں۔ محکمہ بائی وے فلائی اوور اور حافظ آباد شیخوپورہ روڈ کی تعمیر کے منصوبوں کو جلد مکمل کرنے کے لیے اقدامات کریں۔ فلائی اوور اور حافظ آباد شیخوپورہ روڈ کے ان اہم منصوبوں کی تکمیل پر 822 ملین کی لاگت آئیگی۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار فلائی اوور اور حافظ آباد شیخوپورہ روڈ کے منصوبوں کے دورہ کے موقع پر کیا۔ ایکسین ہائی وے اسجد علی، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ تصور عباس بھی انکے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے بائی پاس ریلوے لائن کے منصوبے کے دورہ کے موقع پر تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے متعلقہ محکمے کے افسران کو ہدایت کی کہ حکومت پنجاب کی جانب سے ان ترقیاتی منصوبوں کے لیے فنڈز جاری ہو چکے ہیں اس لیے فلائی اوور کے اس منصوبے کو جلد از جلد مکمل کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں تاکہ اس کی تعمیر کے دوران عوام کو جن مشکلات کا سامنا ہے وہ ختم ہو سکے اور ذرائع آمدورفت کی بہتر اور معیاری سہولت دستیاب ہو سکیں۔ قبل ازیں ڈپٹی کمشنر نے حافظ آباد شیخوپورہ روڈ کے منصوبے کی سائٹ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے سڑک کی تعمیر اور دیگر تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ ضلع بھر میں عوامی، فلاحی اور علاقائی تعمیر وترقی کے ان منصوبوں کی بروقت تکمیل ہماری اولین ترجیح ہے اور انہیں معیار اور مقررہ مدت کے دوران مکمل کرنے کا مقصد بھی عوام کو بہتر سفری سہولت فراہم کرنا ہے۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ نے ماہ صیام میں اب تک 2 ہزار 525 کلو مضر صحت دودھ تلف کر دیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ نے ماہ صیام میں اب تک 2 ہزار 525 کلو مضر صحت دودھ تلف کر دیا۔ اسی دوران بھرپور کریک ڈاؤن کرتے ہوئے گوشت، گھی/آئل سمیت مصالحہ جات اور دیگر ملاوٹی وناقص فوڈ آئٹمز کو بھی موقع پر ضائع کرایا گیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر پنجاب فوڈ اتھارٹی ڈاکٹر قاسم رضا نے بریفنگ کے دوران بتایا کہ یکم رمضان سے اب تک 1204 پوائنٹس کی انسپکشن کی گئی جس دوران 350 پوائنٹس کو نوٹسز جاری ہوئے۔ انہوں نے بتایا کہ 156 کو ساڑھے 13 لاکھ روپے جرمانہ عائد، ایک کے خلاف مقدمہ درج اور 31 سیمپلز حاصل کرکے تجزیہ کے لئے لیبارٹری بھجوائے گئے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر نے بتایا کہ ماہ صیام میں اب تک 33 بزنس پوائنٹس نے نئی رجسٹریشن کرائی۔ انہوں نے بتایا کہ 11 عوامی شکایات کا ازالہ کرایا گیا۔ انہوں نے عزم کو دہراتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو معیاری اشیاء ضروریہ کی فراہمی پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ترجیح ہے اور اس سلسلے میں زیرو ٹالرنس کے تحت انسپکشنز اور خلاف ورزیوں پر کارروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

جعفر ایکسپریس پر حملہ دہشتگردی کیخلاف قومی اتحاد ناگزیر

بلوچستان کے ضلع کچھی (بولان) میں ایک اندوہناک واقعہ میں دہشت گردوں نے کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس پر حملہ کر دیا۔ یہ حملہ ایک گہری سازش کا حصہ نظر آتا ہے، جس کا مقصد نہ صرف پاکستان میں بدامنی پھیلانا بلکہ عوام میں خوف و ہراس پیدا کرنا بھی ہے۔ دہشت گردوں نے ٹرین کو مچھ کی پہاڑیوں کے درمیان ایک ٹنل میں روک کر مسافروں کو یرغمال بنا لیا اور اندھا دھند فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں ٹرین ڈرائیور سمیت کئی مسافروں کے شہید اور متعدد کے زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں۔ جعفر ایکسپریس کو، جو 9 بوگیوں پر مشتمل تھی اور اس میں 500 سے زائد مسافر سوار تھے، پہلے ایک دھماکے سے نشانہ بنایا گیا اور پھر مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ شروع کر دی۔ اطلاع ملتے ہی فوری طور پر سیکیورٹی فورسز وہاں پہنچیں اور دہشت گردوں کا مقابلہ کیا، پہاڑی اور دشوار گزار علاقہ ہونے کی وجہ سے صورت حال پیچیدہ ہوگئی۔ سیکورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر کلیئرنس آپریشن شروع کیا اور کئی گھنٹوں کی جدوجہد کے بعد 104 مسافروں کو بحفاظت بازیاب کرا لیا، جن میں 58 مرد، 31 خواتین اور 15 بچے شامل ہیں۔ آپریشن کے دوران سیکورٹی فورسز نے 40 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا جبکہ متعدد کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا۔ یہ آپریشن انتہائی احتیاط سے کیا گیا کیونکہ دہشت گرد عورتوں اور بچوں کو انسانی ڈھال کے طور پر استعمال کر رہے تھے۔ اس حملے کی ذمہ داری کالعدم تنظیم بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) نے قبول کر لی ہے، جو ایک عرصے سے پاکستان میں دہشت گردانہ کارروائیوں میں ملوث رہی ہے۔ دہشت گرد افغانستان میں اپنے ماسٹر مائنڈ سے رابطے میں تھے، جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ اس حملے کی منصوبہ بندی بیرونی مدد سے کی گئی تھی۔ اس دہشتگردی کے ڈانڈے بھارت سے جا ملتے ہیں۔ یہ ایک کھلی حقیقت ہے کہ بھارت پاکستان میں دہشت گردی میں ملوث رہا ہے، اور اس کے ناقابل تردید شواہد وقتاً فوقتاً سامنے آتے رہے ہیں۔ ماضی قریب میں گلزار امام شمبے، نجیب اللہ عرف درویش، عبدالرشید عرف خدائے داد سمیت بلوچ علیحدگی پسند دہشتگرد گروہوں کے کمانڈر قومی دھارے میں شامل ہو کر نہ صرف اپنی سابقہ سرگرمیوں سے تائب ہوئے بلکہ یہ اعتراف بھی کیا کہ بھارت انہیں فنڈنگ فراہم کرتا تھا، انہیں ہتھیار دیتا تھا اور افغانستان میں موجود بھارتی ایجنٹوں کے ذریعے انہیں عسکری تربیت دی جاتی تھی۔ پاکستان میں بھارتی مداخلت کا سب سے بڑا ثبوت بھارتی نیوی کا حاضر سروس افسر کلبھوشن یادیو ہے، جسے بلوچستان سے گرفتار کیا گیا تھا۔ کلبھوشن نے اپنے اعترافی بیان میں تسلیم کیا کہ وہ را کے لیے کام کر رہا تھا اور اس کا مشن بلوچستان میں علیحدگی پسند تحریکوں کو مدد فراہم کرنا تھا۔ پاکستان پہلے بھی عالمی برادری کو آگاہ کر چکا ہے کہ بھارت پاکستان میں دہشت گرد گروہوں کو مالی و عسکری مدد فراہم کر رہا ہے۔ کئی بلوچ دہشت گردوں نے اعتراف کیا ہے کہ انہیں بھارت سے فنڈنگ، اسلحہ اور تربیت دی جاتی ہے۔ افغانستان کی سرزمین کو بھی پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے، جس پر عالمی توجہ دلانے کی اشد ضرورت ہے۔ جعفر ایکسپریس پر حملے کے فوری بعد بھارتی میڈیا، ہندوستانی سوشل میڈیا نیٹ ورکس اور پاکستان مخالف عناصر نے پروپیگنڈے کا سلسلہ شروع کر دیا۔ فیک نیوز، پرانی تصاویر، ایڈیٹ شدہ ویڈیوز، اور گمراہ کن پیغامات کے ذریعے عوام میں بے چینی پھیلانے کی کوشش کی گئی۔ بھارتی میڈیا نے پاکستان سے فرار ہونے والے خودساختہ بلوچ رہنماؤں کے تجزیے نشر کیے، تاکہ دنیا کو گمراہ کیا جا سکے۔ یہ واضح ہو چکا ہے کہ دشمن قوتیں صرف زمینی جنگ ہی نہیں بلکہ سوشل میڈیا پر بھی پاکستان کے خلاف ایک منظم جنگ لڑ رہی ہیں۔ عوام کو چاہیے کہ وہ غیر مستند خبروں اور سوشل میڈیا پروپیگنڈا سے بچیں اور صرف سرکاری اور معتبر ذرائع پر اعتماد کریں۔ جعفر ایکسپریس پر دہشت گرد حملے کے بعد صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف، وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور اور دوسری قومی سیاسی قیادت نے اس کی شدید مذمت کی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے واضح کیا کہ پاکستان میں دہشت گردی کو جڑ سے ختم کرنا ریاست کی اولین ترجیح ہے، اور اس مقصد کے لیے دہشت گردوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے اعلان کیا کہ دہشت گردوں کا مکمل صفایا کیا جائے گا اور ان کے سہولت کاروں کو بھی کیفر کردار کو پہنچایا جائے گا۔ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اور مریم نواز نے بھی اس حملے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی پاکستان کے لیے سب سے بڑا خطرہ ہے، اور اس کے مکمل خاتمے کے لیے قومی یکجہتی ناگزیر ہے۔ یہ حملہ ایک بار پھر اس حقیقت کی یاد دہانی کراتا ہے کہ دہشت گردوں کو نکیل ڈالنے کے لیے سخت اور موثر اقدامات کی ضرورت ہے۔ جس طرح 2014 میں اے پی ایس حملے کے بعد قومی اتفاق رائے سے نیشنل ایکشن پلان تشکیل دیا گیا تھا، آج بھی اسی طرح کے فیصلہ کن اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ حکومت کی طرف سے بلاتاخیر آل پارٹیز کانفرنس بلائی جائے۔ جس میں تمام سیاسی جماعتیں دہشت گردی کے خلاف ایک متفقہ قومی بیانیہ ترتیب دیں۔ انٹیلی جنس تعاون: سکیورٹی فورسز اور انٹیلی جنس اداروں کو مزید موثر بنانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی اور بین الاقوامی تعاون حاصل کیا جائے۔ افغانستان پر سفارتی دباؤ کیلئے پاکستان کو عالمی سطح پر سفارت کاری کو فعال کرنا چاہیے تاکہ افغانستان کی سرزمین کو دہشت گردی کے لیے استعمال ہونے سے روکا جا سکے۔ بھارت کی دہشت گردی میں شمولیت کے ناقابل تردید ثبوت پہلے ہی متعلقہ عالمی فورمز پر رکھے جا چکے ہیں ان کو مزید شدت کے ساتھ دنیا کے سامنے رکھا جائے اور عالمی عدالتِ انصاف میں بھی پیش کیا جائے۔ جعفر ایکسپریس پر حملہ محض ایک ٹرین پر حملہ نہیں تھا، بلکہ یہ پاکستان کی خودمختاری اور ریاستی اتھارٹی کو چیلنج کرنے کی کوشش تھی۔ لیکن ہماری سیکیورٹی فورسز نے اس حملے کو ناکام بنا کر ثابت کر دیا کہ پاکستان دشمن قوتوں کے سامنے جھکنے والا نہیں۔ اب وقت آ گیا ہے کہ ہم بحیثیت قوم متحد ہو کر دہشت گردی کے خلاف ایک فیصلہ کن جنگ لڑیں، تاکہ آئندہ اس طرح کے حملے دوبارہ نہ ہو سکیں۔ پاکستانی قوم کو اپنی سیکیورٹی فورسز پر فخر ہے، اور ہمیں ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر اس جنگ کو منطقی انجام تک پہنچانا ہوگا۔ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے قومی یکجہتی، فیصلہ کن اقدامات، اور عالمی سطح پر مضبوط سفارت کاری وقت کی سب سے بڑی ضرورت ہے۔



برملا
نصرت جاوید
nusrat.javeed@gmail.com

بدھ کی صبح 10 بج کر 26 منٹ پر یہ کالم لکھنا شروع کیا ہے۔ رات بھر سو نہیں سکا۔ ٹیلی فون کی بیٹری دو مرتبہ چارج کرنے کے بعد دیوانوں کی طرح یہ جاننے کی کوشش کرتا رہا کہ دہشت گردوں کے قبضے میں آئے 100 سے زائد مغوی رہا ہوئے ہیں یا نہیں۔ امید باندھ رکھی تھی کہ خیر کی خبر آتے ہی قلم اٹھالوں گا۔ جس خبر کا منتظر تھا وہ مگر آئی نہیں۔ بلوچستان کے ایک دور دراز علاقے میں بلند قامت پہاڑ پر کھودی ایک سرنگ میں کھڑی ٹرین کے مسافروں کے بارے میں اسلام آباد بیٹھ کر تازہ ترین معلوم کرنا ممکن ہی نہیں۔ پانچویں پشت کی ابلاغی جنگ کے لئے ہمیں کئی برسوں سے تیار کرنے والے بادشاہوں نے مگر سرکاری طور پر کوئی ایک فرد بھی نامزد نہیں کیا جسے انگریزی زبان میں Person Point کہتے ہیں۔ ہنگامی حالات میں صحافی اس شخص سے تازہ ترین جاننے کے لئے معلومات جمع کرتے ہیں۔ میڈیا کے علاوہ محکمہ ریلوے کو بھی جس کی ٹرین - جعفر ایکسپریس - کوئٹہ سے پشاور جاتے ہوئے منگل کے دن اغوا ہوئی کوئی ہیلپ لائن مختص کرنا چاہیے تھی۔ اس کی بدولت اغوا کاروں کے قبضے میں آئے مسافروں کے بارے میں تفصیلات کی فراہمی کا بندوبست ہوسکتا تھا۔ ہماری سرکار نے مگر ان معلومات پر توجہ ہی نہیں دی۔ سرکار کے مقابلے میں جعفر ایکسپریس کے اغوا کار ابلاغ کے جدید ترین ذرائع کی بدولت بین الاقوامی میڈیا خصوصاً ہمارے ازلی کہلاتے دشمن بھارت کے تقریباً تمام نمایاں ٹیلی وژن چینلوں سے براہ راست رابطے میں رہے۔ ان کو پل پل کی اطلاع ای میلز کے ذریعے بھی فراہم کرتے رہے۔ چند بھارتی چینلوں پر بلوچستان کے ایسے نمائندے بھی نقاب پہنے ہوئے تھے جو 400 سے زیادہ مسافروں سے بھری ایک ٹرین کے اغوا کو ریاستِ پاکستان کے مبینہ ظلم کا فطری نتیجہ بنا کر جائز ٹھہرا رہے تھے۔ اس کے علاوہ ان سکرینوں پر ایسے ماہرین بلوچ سیاست بھی موجود تھے جنہوں نے شاید زندگی میں ایک بار بھی وادی بولان کا سفر نہیں کیا ہوگا۔ وہ شاید یہ بتانے کے بھی قابل نہیں تھے کہ وہ سرنگ پاکستان کے کونسے صوبے کی سرحد سے کتنے فاصلے پر ہے جہاں جعفر ایکسپریس کو روکا گیا ہے۔ جائے وقوعہ سے یقیناً سیٹلائٹ فونوں کی مدد سے بھیجی تصاویر اور پیغامات نے مگر کئی گھنٹوں تک ٹی وی ناظرین کے لئے ڈرامے کا ماحول بنائے رکھا۔ دنیا بھر میں دہشت گردی کا بنیادی مقصد ہی منیر نیازی کے ایک مصرعہ کے مطابق لوگوں کو ان کے گھر میں ڈرا کر رکھنا ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ ایک نام نہاد بیانیہ بھی ہوتا ہے جس کی وسیع پیمانے پر تشہیر درکار ہوتی ہے۔ جعفر ایکسپریس پر قابض ہوئے دہشت گرد یہ دونوں مقاصد حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے۔ پاکستان کے روایتی میڈیا کی خاموشی اور انٹرنیٹ کو مصفا بنانے کے لئے اربوں روپے کے خرچ سے لگائے فلٹر انہیں روکنے میں قطعاً ناکام ہوئے۔ میرے باقاعدہ قاری بخوبی جانتے ہیں کہ مشکل ترین حالات میں بھی بلوچ نوجوانوں کے غصے اور محرومیوں کو کسی نہ کسی طرح آپ کے روبرو لانے کی کوشش کرتا رہا ہوں۔ اس کے باوجود کوئی ذی ہوش اس رجحان کو نظر انداز نہیں کرسکتا کہ مسافر بسوں یا ٹرینوں کو اسلحہ کے زور سے روک کر مسافروں کی شناخت ہو۔ ان میں سے پنجابیوں کو الگ کرکے گولیوں سے بھون دیا جائے۔ عام بسوں اور ٹرینوں پر سفر کرنے والے اشرافیہ کے ہرگز نمائندہ نہیں ہوتے۔ انہیں نشانہ بنانا حقوق کی جنگ ہرگز نہیں بلکہ نسلی منافرت ہے اور اس نفرت کو کسی بھی طرح جائز ثابت کرنا میرے لئے ناممکن ہے۔ وادی بولان کے بلند قامت پہاڑوں کے درمیان بچھی ریلوے لائن پر ایک سرنگ کے قریب قبضہ بہت سے افراد پر مشتمل گروہ کی کئی دنوں تک پھیلی تربیت کی واضح نشاندہی کرتا ہے۔ اس منصوبے پر عمل درآمد کے لئے بے تحاشہ سرمایہ درکار ہے۔ سوال اٹھتا ہے کہ دورِ حاضر کے جدید ترین آلات ہوتے ہوئے بھی ہماری ریاست کو اس منصوبے کی بھنک تک میسر کیوں نہ ہوئی۔ لاعلمی کا ذمہ دار کسی کو تو ٹھہرانا ہوگا۔ جعفر ایکسپریس پر قبضہ ہوگیا تو دہشت گردوں نے اپنے کمانڈروں سے بھی روابط استوار کئے۔ دہشت زدہ دل کے لئے اطمینان بخش خبر فقط یہ ہے کہ جن سے جو گفتگو ہورہی تھی وہ سن لی گئی ہے۔ ان کی لوکیشن کا پتہ بھی شاید چل گیا ہوگا۔ یہ سب جان لینے کے بعد ریاست پاکستان کی اولین ذمہ داری ان کا تعاقب ہے۔ حال ہی میں بلوچستان سے شرف اللہ نامی ایک دہشت گرد گرفتار ہوا ہے۔ سی آئی اے اس کا کئی مہینوں سے تعاقب کر رہی تھی۔ مبینہ طور پر داعش کا یہ سرگرم رکن ایران کے شہر کرمان اور روس کے دارالحکومت میں تخریب کاری کی مہا وارداتوں میں ملوث گروپ کے سرغنوں میں شامل تھا۔ اس پر یہ الزام بھی تھا کہ اس نے اگست 2021 میں امریکی افواج کے افغانستان سے انخلا کے دوران کابل ایئرپورٹ کے ایک دروازے پر ہوئے خودکش حملے کی منصوبہ بندی کی تھی۔ شرف اللہ کی گرفتاری اور امریکہ حوالگی کے بعد میں پاکستان میں دہشت گردی کے کسی سنگین واقعہ کے لئے ذہنی طور پر تیار تھا۔ توقع باندھی کہ محض ایک صحافی کے ذہن میں آئے خدشات ریاستی اداروں نے بھی منطقی انداز میں محسوس کرتے ہوئے تیاری کر رکھی ہوگی۔ منگل کے دن ہوئے واقعہ کے لئے ہم مگر تیار نظر نہیں آئے۔ شرف اللہ اور اس کے ساتھیوں کی گرفتاری اور انہیں ان ملکوں کے حوالے کرنے کے بعد جہاں وہ دہشت گردی کی سنگین وارداتوں کے ذمہ دار تھے پاکستان کا حق بنتا ہے کہ ان ممالک کے جاسوس اداروں سے روابط استوار کرنے کے بعد درخواست کرے کہ جعفر ایکسپریس کے اغوا کی منصوبہ بندی کرنے والوں کے بارے میں ان کے پاس کوئی معلومات ہیں تو انہیں ہمارے ادارے سے شیئر کریں۔ رات گئے خبر آئی تھی کہ جعفر ایکسپریس پر حملہ آور ہوئے افراد افغانستان میں موجود کچھ لوگوں سے مسلسل رابطے میں ہیں۔ اس خبر پر اعتبار کیا جائے تو یہ طے کرنا پڑتا ہے کہ جنوبی افغانستان میں اب بھی کئی مقامات دہشت گردوں کی تربیت اور محفوظ ٹھکانوں کے طور پر استعمال ہورہے ہیں۔ قندھار میں براجمان اسلامی امارات افغانستان کے امیر المومنین کو اس کا نوٹس لینا ہوگا۔ بدھ کی صبح 10 بج کر 26 منٹ پر یہ کالم لکھنا شروع کیا ہے۔ رات بھر سو نہیں سکا۔ ٹیلی فون کی بیٹری دو مرتبہ چارج کرنے کے بعد دیوانوں کی طرح یہ جاننے کی کوشش کرتا رہا کہ دہشت گردوں کے قبضے میں آئے 100 سے زائد مغوی رہا ہوئے ہیں یا نہیں۔ امید باندھ رکھی تھی کہ خیر کی خبر آتے ہی قلم اٹھالوں گا۔ جس خبر کا منتظر تھا وہ مگر آئی نہیں۔ بلوچستان کے ایک دور دراز علاقے میں بلند قامت پہاڑ پر کھودی ایک سرنگ میں کھڑی ٹرین کے مسافروں کے بارے میں اسلام آباد بیٹھ کر تازہ ترین معلوم کرنا ممکن ہی نہیں۔ پانچویں پشت کی ابلاغی جنگ کے لئے ہمیں کئی برسوں سے تیار کرنے والے بادشاہوں نے مگر سرکاری طور پر کوئی ایک فرد بھی نامزد نہیں کیا جسے انگریزی زبان میں Person Point کہتے ہیں۔ ہنگامی حالات میں صحافی اس شخص سے تازہ ترین جاننے کے لئے معلومات جمع کرتے ہیں۔ میڈیا کے علاوہ محکمہ ریلوے کو بھی جس کی ٹرین - جعفر ایکسپریس - کوئٹہ سے پشاور جاتے ہوئے منگل کے دن اغوا ہوئی کوئی ہیلپ لائن مختص کرنا چاہیے تھی۔ اس کی بدولت اغوا کاروں کے قبضے میں آئے مسافروں کے بارے میں تفصیلات کی فراہمی کا بندوبست ہوسکتا تھا۔ ہماری سرکار نے مگر ان معلومات پر توجہ ہی نہیں دی۔ سرکار کے مقابلے میں جعفر ایکسپریس کے اغوا کار ابلاغ کے جدید ترین ذرائع کی بدولت بین الاقوامی میڈیا خصوصاً ہمارے ازلی کہلاتے دشمن بھارت کے تقریباً تمام نمایاں ٹیلی وژن چینلوں سے براہ راست رابطے میں رہے۔ ان کو پل پل کی اطلاع ای میلز کے ذریعے بھی فراہم کرتے رہے۔ چند بھارتی چینلوں پر بلوچستان کے ایسے نمائندے بھی نقاب پہنے ہوئے تھے جو 400 سے زیادہ مسافروں سے بھری ایک ٹرین کے اغوا کو ریاستِ پاکستان کے مبینہ ظلم کا فطری نتیجہ بنا کر جائز ٹھہرا رہے تھے۔ اس کے علاوہ ان سکرینوں پر ایسے ماہرین بلوچ سیاست بھی موجود تھے جنہوں نے شاید زندگی میں ایک بار بھی وادی بولان کا سفر نہیں کیا ہوگا۔ وہ شاید یہ بتانے کے بھی قابل نہیں تھے کہ وہ سرنگ پاکستان کے کونسے صوبے کی سرحد سے کتنے فاصلے پر ہے جہاں جعفر ایکسپریس کو روکا گیا ہے۔ جائے وقوعہ سے یقیناً سیٹلائٹ فونوں کی مدد سے بھیجی تصاویر اور پیغامات نے مگر کئی گھنٹوں تک ٹی وی ناظرین کے لئے ڈرامے کا ماحول بنائے رکھا۔ دنیا بھر میں دہشت گردی کا بنیادی مقصد ہی منیر نیازی کے ایک مصرعہ کے مطابق لوگوں کو ان کے گھر میں ڈرا کر رکھنا ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ ایک نام نہاد بیانیہ بھی ہوتا ہے جس کی وسیع پیمانے پر تشہیر درکار ہوتی ہے۔ جعفر ایکسپریس پر قابض ہوئے دہشت گرد یہ دونوں مقاصد حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے۔ پاکستان کے روایتی میڈیا کی خاموشی اور انٹرنیٹ کو مصفا بنانے کے لئے اربوں روپے کے خرچ سے لگائے فلٹر انہیں روکنے میں قطعاً ناکام ہوئے۔ میرے باقاعدہ قاری بخوبی جانتے ہیں کہ مشکل ترین حالات میں بھی بلوچ نوجوانوں کے غصے اور محرومیوں کو کسی نہ کسی طرح آپ کے روبرو لانے کی کوشش کرتا رہا ہوں۔ اس کے باوجود کوئی ذی ہوش اس رجحان کو نظر انداز نہیں کرسکتا کہ مسافر بسوں یا ٹرینوں کو اسلحہ کے زور سے روک کر مسافروں کی شناخت ہو۔ ان میں سے پنجابیوں کو الگ کرکے گولیوں سے بھون دیا جائے۔ عام بسوں اور ٹرینوں پر سفر کرنے والے اشرافیہ کے ہرگز نمائندہ نہیں ہوتے۔ انہیں نشانہ بنانا حقوق کی جنگ ہرگز نہیں بلکہ نسلی منافرت ہے اور اس نفرت کو کسی بھی طرح جائز ثابت کرنا میرے لئے ناممکن ہے۔ وادی بولان کے بلند قامت پہاڑوں کے درمیان بچھی ریلوے لائن پر ایک سرنگ کے قریب قبضہ بہت سے افراد پر مشتمل گروہ کی کئی دنوں تک پھیلی تربیت کی واضح نشاندہی کرتا ہے۔ اس منصوبے پر عمل درآمد کے لئے بے تحاشہ سرمایہ درکار ہے۔ سوال اٹھتا ہے کہ دورِ حاضر کے جدید ترین آلات ہوتے ہوئے بھی ہماری ریاست کو اس منصوبے کی بھنک تک میسر کیوں نہ ہوئی۔ لاعلمی کا ذمہ دار کسی کو تو ٹھہرانا ہوگا۔ جعفر ایکسپریس پر قبضہ ہوگیا تو دہشت گردوں نے اپنے کمانڈروں سے بھی روابط استوار کئے۔ دہشت زدہ دل کے لئے اطمینان بخش خبر فقط یہ ہے کہ جن سے جو گفتگو ہورہی تھی وہ سن لی گئی ہے۔ ان کی لوکیشن کا پتہ بھی شاید چل گیا ہوگا۔ یہ سب جان لینے کے بعد ریاست پاکستان کی اولین ذمہ داری ان کا تعاقب ہے۔

قوم کو فیصلہ کرنا ہوگا

سائرن
محمد اکرم چوہدری
lahore1947@gmail.com

بلوچستان میں شدت پسندوں کی جانب سے منگل کی دوپہر کوئٹہ سے پشاور جانے والی مسافر ٹرین جعفر ایکسپریس پر حملے اور سینکڑوں مسافروں کو یرغمال بنائے جانے کے بعد سکیورٹی فورسز نے کلیئرنس آپریشن کیا۔ اس حملے کی ذمہ داری شدت پسند بلوچ تنظیم بی ایل اے نے قبول کی ہے۔ عسکری ذرائع ان کا کہنا ہے کہ اب تک تمام یرغمالی مسافروں کو بازیاب کروالیا گیا ہے۔ عسکری ذرائع نے آپریشن میں 33 شدت پسندوں کو جہنم واصل کر دیا ہے جعفر ایکسپریس پر حملے کے بعد سکیورٹی فورسز کی جانب سے کیا جانے والا کلیئرنس آپریشن مکمل ہو گیا ہے اور تمام دہشت گردوں کو مار دیا گیا ہے۔ آئی ایس پی آر کے ترجمان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے نجی ٹی وی چینل سے گفتگو میں کہا کہ اس آپریشن کے دوران کسی مسافر کا جانی نقصان نہیں ہوا تاہم انھوں نے تصدیق کی کہ آپریشن شروع ہونے سے پہلے دہشتگردوں نے 21 افراد کو قتل کیا۔ فوج کے ترجمان نے بتایا کہ بہت احتیاط سے یہ آپریشن کیا گیا تاکہ کسی بھی مسافر کا نقصان نہ ہو۔ ترجمان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے بتایا کہ ایف سی کے چار جوان بھی شہید ہوئے جنہیں پکٹ کے پاس شدت پسندوں نے حملہ کر کے شہید کیا۔ انھوں نے بتایا کہ کلیئرنس آپریشن مکمل ہو چکا ہے تاہم ابھی علاقے میں پروٹوکول کے مطابق جانچ پڑتال کی جا رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ دہشت گردوں نے معصوم مسافروں کو انسانی ڈھال کے طور پر استعمال کیا۔ فوج کے ترجمان نے بتایا کہ ایس ایس جی کے کمانڈوز، ایف سی اور سیکیورٹی اہلکاروں سمیت پاکستانی فضائیہ نے بھی آپریشن میں حصہ لیا۔ ان کا کہنا تھا کہ سب سے پہلے آپریشن کے دوران خودکش حملہ آوروں کو مارا گیا۔ 1- پاکستان کا کوئی گوشہ "مقبوضہ" نہیں ہے۔ بلوچستان ہماری عزیز مادر وطن کا اٹوٹ انگ ہے۔ BLA کے خودساختہ بیانات، جھوٹی پروپیگنڈا مہم، اور بے گناہ شہریوں کو یرغمال بنا کر ان کے قتل کی دھمکیاں دہشت گردی کی واضح تعریف ہیں۔ پاکستان کا موقف ہمیشہ سے واضح رہا ہے: "ہم دہشت گردوں سے مذاکرات نہیں کرتے، انہیں شکست دیتے ہیں۔ 2"- پاک فوج کی تمام کارروائیاں بین الاقوامی قانون، انسانی حقوق اور ملکی سلامتی کے تحفظ کے دائرے میں ہوتی ہیں۔ جبکہ بلوچ لبریشن آرمی (BLA) کے نام نہاد "محاذوں" پر ہدف صرف اور صرف نہتے عوام ہوتے ہیں، ریاست پاکستان کا ہدف دہشت گرد ہوتے ہیں جو نا صرف عوام میں چھپے ہوتے ہیں اور بزدلانہ وار کرتے ہیں بلکہ انہوں نے بلوچ عوام اور بلوچستان میں کام کرنے والے دوسرے لوگوں کو تشدد اور خوف میں مبتلا کر رکھا ہے۔ یہ دعوی کہ تمام BLA جنگجو محفوظ ہیں، ایک مذاق ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ دہشت گردوں کے گروہوں کو مسلسل شکست ہو رہی ہے۔ 3- پاکستانی ریاست کا اولین مقصد اپنے شہریوں کی جان و مال کا تحفظ ہے۔ BLA کی جانب سے یرغمالیوں کو قتل کی دھمکیاں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہیں۔ واضح رہے کہ پاک فوج نے گزشتہ رات کامیاب آپریشنز کے ذریعے متعدد یرغمالیوں کو کامیاب طور پر رہا کروالیا ہے جو BLA کی جھوٹی کہانیوں کی نفی ہے۔ 4- دہشت گردوں کا یہ دعوی کہ وہ "بین الاقوامی جنگی اصولوں" پر عمل کر رہے ہیں ایک مکروہ جھوٹ ہے۔ دہشت گرد گروہوں نے کبھی بھی انسانی حقوق کی پاسداری کا مظاہرہ نہیں کیا۔ اس سے پہلے بھی محب وطن بلوچ، اور محنت کش پنجابی قتل کیے جا چکے ہیں اور دہشت گرد اپنی ہی خواتین کو جنسی بلیک میلنگ کا نشانہ بنا کر خودکش حملہ آور بناتے ہیں۔ بلوچستان میں امن اور ترقی کی راہ میں رکاوٹ بننے والے عناصر کو پاک فوج نے ناکوں چنے چبوائے ہیں۔ ریاست کی جانب سے بلوچ عوام کے حقوق کے تحفظ، ترقیاتی منصوبوں، اور سیاسی مکالمے کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں، لیکن دہشت گردی کو کبھی برداشت نہیں کیا جائے گا۔ 5- دہشت گردوں کو واضح کر دیا جاتا ہے کہ پاکستانی ریاست اور عوام کسی بھی قسم کی بلیک میلنگ کے آگے جھکنے والے نہیں۔ اگر یرغمالیوں کو نقصان پہنچایا گیا تو نتائج کے ذمہ دار دہشت گرد ہوں گے جنہیں پاک فوج اور قانون کے شکنجے سے کوئی نہیں بچا سکے گا۔ ہماری افواج بلوچستان کی سرزمین پر قومی حاکمیت کے تحفظ کے لیے ہر قسم کی قربانی دینے کو تیار ہیں۔ 6- ہم بلوچستان کے نوجوانوں سے اپیل کرتے ہیں کہ دہشت گرد گروہوں کے جال میں نہ پھنسیں۔ ریاست آپ کی ترقی، تعلیم، اور خوشحالی کے لیے پرعزم ہے۔ اپنے گھروں کو لوٹ آئیں، اور ملک کی تعمیر میں حصہ لیں۔ وقت آ گیا ہے کہ اب کسی قسم کہ رعایت نہیں ملے گی اور معافی کی بھی گنجائش نہیں رہی معصوم عوام عورتوں اور بچوں کیساتھ کیے جانے والے اس ظلم کو ملک میں ایک بار پھر دہشت گردی کی لہر کے در پردہ سازشی عناصر کو سامنے لانے کی ضرورت ہے ہندوستان یا افغانستان یا اندرونی غدار عوام کو علم ہونا چاہیے قوم کو اپنے دشمنوں کا پتہ ہونا چاہیے میڈیا کی بھی اس وقت کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے عوام کو اصل دشمنوں کا چہرہ دکھانا چاہیے سیاسی اختلافات سے بالاتر پوری قوم ایک ہے اور اپنی فوج کے ساتھ کھڑی ہے۔ بلوچستان میں شدت پسندوں کی جانب سے منگل کی دوپہر کوئٹہ سے پشاور جانے والی مسافر ٹرین جعفر ایکسپریس پر حملے اور سینکڑوں مسافروں کو یرغمال بنائے جانے کے بعد سکیورٹی فورسز نے کلیئرنس آپریشن کیا۔ اس حملے کی ذمہ داری شدت پسند بلوچ تنظیم بی ایل اے نے قبول کی ہے۔ عسکری ذرائع ان کا کہنا ہے کہ اب تک تمام یرغمالی مسافروں کو بازیاب کروالیا گیا ہے۔ عسکری ذرائع نے آپریشن میں 33 شدت پسندوں کو جہنم واصل کر دیا ہے جعفر ایکسپریس پر حملے کے بعد سکیورٹی فورسز کی جانب سے کیا جانے والا کلیئرنس آپریشن مکمل ہو گیا ہے اور تمام دہشت گردوں کو مار دیا گیا ہے۔ آئی ایس پی آر کے ترجمان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے نجی ٹی وی چینل سے گفتگو میں کہا کہ اس آپریشن کے دوران کسی مسافر کا جانی نقصان نہیں ہوا تاہم انھوں نے تصدیق کی کہ آپریشن شروع ہونے سے پہلے دہشتگردوں نے 21 افراد کو قتل کیا۔ فوج کے ترجمان نے بتایا کہ بہت احتیاط سے یہ آپریشن کیا گیا تاکہ کسی بھی مسافر کا نقصان نہ ہو۔ ترجمان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے بتایا کہ ایف سی کے چار جوان بھی شہید ہوئے جنہیں پکٹ کے پاس شدت پسندوں نے حملہ کر کے شہید کیا۔ انھوں نے بتایا کہ کلیئرنس آپریشن مکمل ہو چکا ہے تاہم ابھی علاقے میں پروٹوکول کے مطابق جانچ پڑتال کی جا رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ دہشت گردوں نے معصوم مسافروں کو انسانی ڈھال کے طور پر استعمال کیا۔ فوج کے ترجمان نے بتایا کہ ایس ایس جی کے کمانڈوز، ایف سی اور سیکیورٹی اہلکاروں سمیت پاکستانی فضائیہ نے بھی آپریشن میں حصہ لیا۔ ان کا کہنا تھا کہ سب سے پہلے آپریشن کے دوران خودکش حملہ آوروں کو مارا گیا۔ 1- پاکستان کا کوئی گوشہ "مقبوضہ" نہیں ہے۔ بلوچستان ہماری عزیز مادر وطن کا اٹوٹ انگ ہے۔ BLA کے خودساختہ بیانات، جھوٹی پروپیگنڈا مہم، اور بے گناہ شہریوں کو یرغمال بنا کر ان کے قتل کی دھمکیاں دہشت گردی کی واضح تعریف ہیں۔ پاکستان کا موقف ہمیشہ سے واضح رہا ہے: "ہم دہشت گردوں سے مذاکرات نہیں کرتے، انہیں شکست دیتے ہیں۔ 2"- پاک فوج کی تمام کارروائیاں بین الاقوامی قانون، انسانی حقوق اور ملکی سلامتی کے تحفظ کے دائرے میں ہوتی ہیں۔ جبکہ بلوچ لبریشن آرمی (BLA) کے نام نہاد "محاذوں" پر ہدف صرف اور صرف نہتے عوام ہوتے ہیں، ریاست پاکستان کا ہدف دہشت گرد ہوتے ہیں جو نا صرف عوام میں چھپے ہوتے ہیں اور بزدلانہ وار کرتے ہیں بلکہ انہوں نے بلوچ عوام اور بلوچستان میں کام کرنے والے دوسرے لوگوں کو تشدد اور خوف میں مبتلا کر رکھا ہے۔ یہ دعوی کہ تمام BLA جنگجو محفوظ ہیں، ایک مذاق ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ دہشت گردوں کے گروہوں کو مسلسل شکست ہو رہی ہے۔ 3- پاکستانی ریاست کا اولین مقصد اپنے شہریوں کی جان و مال کا تحفظ ہے۔ BLA کی جانب سے یرغمالیوں کو قتل کی دھمکیاں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہیں۔ واضح رہے کہ پاک فوج نے گزشتہ رات کامیاب آپریشنز کے ذریعے متعدد یرغمالیوں کو کامیاب طور پر رہا کروالیا ہے جو BLA کی جھوٹی کہانیوں کی نفی ہے۔ 4- دہشت گردوں کا یہ دعوی کہ وہ "بین الاقوامی جنگی اصولوں" پر عمل کر رہے ہیں ایک مکروہ جھوٹ ہے۔ دہشت گرد گروہوں نے کبھی بھی انسانی حقوق کی پاسداری کا مظاہرہ نہیں کیا۔ اس سے پہلے بھی محب وطن بلوچ، اور محنت کش پنجابی قتل کیے جا چکے ہیں اور دہشت گرد اپنی ہی خواتین کو جنسی بلیک میلنگ کا نشانہ بنا کر خودکش حملہ آور بناتے ہیں۔ بلوچستان میں امن اور ترقی کی راہ میں رکاوٹ بننے والے عناصر کو پاک فوج نے ناکوں چنے چبوائے ہیں۔ ریاست کی جانب سے بلوچ عوام کے حقوق کے تحفظ، ترقیاتی منصوبوں، اور سیاسی مکالمے کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں، لیکن دہشت گردی کو کبھی برداشت نہیں کیا جائے گا۔ 5- دہشت گردوں کو واضح کر دیا جاتا ہے کہ پاکستانی ریاست اور عوام کسی بھی قسم کی بلیک میلنگ کے آگے جھکنے والے نہیں۔ اگر یرغمالیوں کو نقصان پہنچایا گیا تو نتائج کے ذمہ دار دہشت گرد ہوں گے جنہیں پاک فوج اور قانون کے شکنجے سے کوئی نہیں بچا سکے گا۔ ہماری افواج بلوچستان کی سرزمین پر قومی حاکمیت کے تحفظ کے لیے ہر قسم کی قربانی دینے کو تیار ہیں۔ 6- ہم بلوچستان کے نوجوانوں سے اپیل کرتے ہیں کہ دہشت گرد گروہوں کے جال میں نہ پھنسیں۔ ریاست آپ کی ترقی، تعلیم، اور خوشحالی کے لیے پرعزم ہے۔ اپنے گھروں کو لوٹ آئیں، اور ملک کی تعمیر میں حصہ لیں۔ وقت آ گیا ہے کہ اب کسی قسم کہ رعایت نہیں ملے گی اور معافی کی بھی گنجائش نہیں رہی معصوم عوام عورتوں اور بچوں کیساتھ کیے جانے والے اس ظلم کو ملک میں ایک بار پھر دہشت گردی کی لہر کے در پردہ سازشی عناصر کو سامنے لانے کی ضرورت ہے ہندوستان یا افغانستان یا اندرونی غدار عوام کو علم ہونا چاہیے قوم کو اپنے دشمنوں کا پتہ ہونا چاہیے میڈیا کی بھی اس وقت کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے عوام کو اصل دشمنوں کا چہرہ دکھانا چاہیے سیاسی اختلافات سے بالاتر پوری قوم ایک ہے اور اپنی فوج کے ساتھ کھڑی ہے۔

معدنی وسائل کی قومی معیشت میں اہمیت

خصوصی رپورٹ

پاکستان قدرتی وسائل کے ذخائر سے خودکفیل ہے یہ اقتصادی اور صنعتی ترقی کے لیے بے پناہ صلاحیت رکھتے ہیں۔ ملک میں کوئلہ، تانبہ، سونا، لوہا، کرومائیٹ، اور قیمتی پتھروں سمیت معدنی وسائل کے وسیع ذخائر موجود ہیں، جو کان کنی کے شعبے کی ترقی اور قومی معیشت میں مثبت کردار ادا کرنے کے لیے ایک مضبوط بنیاد فراہم کرتے ہیں۔ اس بے پناہ صلاحیت کے باوجود، معدنی شعبہ فی الحال ملک کی مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) میں صرف 3.2 فیصد حصہ ڈالتا ہے، جبکہ برآمدات عالمی سطح پر صرف 0.1 فیصد ہیں۔ تاہم ان معدنیات کی بڑھتی ہوئی تلاش، غیر ملکی سرمایہ کاری، اور بنیادی ڈھانچے میں بہتری کے ساتھ، پاکستان کی کان کنی کی صنعت نمایاں ترقی کے لیے تیار ہے۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق پاکستان کے معدنی وسائل تقریباً 600,000 مربع کلومیٹر پر محیط ہیں اور ملک میں 92 معدنیات کی نشاندہی ہو چکی ہے، جن میں سے 52 تجارتی پیمانے پر نکالی جا سکتی ہیں، اور سالانہ اندازاً 68.52 بلین میٹرک ٹن معدنیات حاصل کی جا رہی ہیں۔ یہ شعبہ 5,000 سے زائد فعال کانوں، 50,000 چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (SMEs) کو سہولت اور 300,000 افراد کو روزگار بھی مہیا کرتا ہے۔ اس وقت پاکستان کے قابل ذکر معدنی ذخائر میں دنیا کے دوسرے بڑے نمک کے ذخائر، پانچویں بڑے تانبا اور سونے کے ذخائر، اور نمایاں کوئلے کے ذخائر شامل ہیں۔ مزید برآں، باکسائٹ، جپسم، اور قیمتی پتھروں جیسے یاقوت، پکھراج، اور زمرد کے وافر ذخائر موجود ہیں، جو برآمدات کے لحاظ سے نمایاں صلاحیت رکھتے ہیں۔ عالمی سطح پر معدنی وسائل اقتصادی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ چین، اٹلی، ترکی، اسپین، اور برازیل سمیت کئی ترقی یافتہ ممالک نے اپنے معدنی وسائل کو مؤثر طریقے سے استعمال کر کے صنعتی ترقی، روزگار میں اضافے، اور فی کس آمدنی میں بہتری حاصل کی ہے۔ واضح رہے پاکستان کا معدنی شعبہ بھی اسی طرح ترقی کی صلاحیت رکھتا ہے۔ بہتر حکمت عملی کے تحت منصوبہ بندی اور سرمایہ کاری کے ذریعے ملک تجارت کو بہتر بنا سکتا ہے، روزگار کے مواقع پیدا کر سکتا ہے، اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی کو فروغ دے سکتا ہے، جو بالآخر اقتصادی ترقی کو تیز کرے گا اور بڑھتی ہوئی معدنی تلاش اور ویلیو ایڈیشن (قدر میں اضافہ) سے آمدنی میں نمایاں اضافہ ہو سکتا ہے۔ بہت سے ممالک خام معدنیات درآمد کر کے انہیں بہتر بنا کر اعلیٰ قیمتی مصنوعات کے طور پر برآمد کرتے ہیں۔ پاکستان بھی اس ماڈل کو اپناتے ہوئے معدنی پراسیسنگ اور ریفائننگ انڈسٹریز قائم کر سکتا ہے، جس سے زیادہ مالیت کی برآمدات ممکن ہوں گی اور خام مال کی درآمد پر انحصار کم ہو جائے گا۔ اس وقت پاکستان کا معدنی شعبہ بڑھتی ہوئی غیر ملکی سرمایہ کاری کو اپنی طرف متوجہ کر رہا ہے، اور عالمی کمپنیاں ملک کے غیر استعمال شدہ معدنی ذخائر میں دلچسپی لے رہی ہیں۔ بلوچستان کے ضلع چاغی میں واقع ریکوڈک کاپر اور گولڈ پروجیکٹ دنیا کا سب سے بڑا غیر دریافت شدہ تانبے کا ذخیرہ ہے اور پاکستان کی کان کنی کے شعبہ کے لیے ایک سنگ میل ثابت ہو رہا ہے۔ اس منصوبے کو کینیڈا کی کمپنی بیرک نے دوبارہ فعال کیا ہے جو کہ اس منصوبے میں 50 فیصد کا مالک ہے۔ ریکوڈک پروجیکٹ کی کامیابی سے 2028 تک تانبے اور سونے کی پیداوار شروع ہو جائے گی، جس میں ابتدائی طور پر 5.5 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کی گئی ہے۔ بیرک کے سی ای او مارک برسٹو کے مطابق یہ ذخیرہ اگلے 37 سالوں میں تقریباً 74 بلین ڈالر کا مفت کیش فلو پیدا کرے گا۔ یہ کان سالانہ 2.8 بلین ڈالر کی برآمدات پیدا کرے گی، ہزاروں ملازمتوں کے مواقع فراہم کرے گی، اور مقامی معیشت کو تبدیل کرے گی۔ یہ منصوبہ تانبے کی پیداوار کو 400,000 ٹن اور سونے کی پیداوار کو 500,000 اونس سالانہ تک بڑھا دے گا، جس میں اضافی 3.5 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری شامل ہوگی۔ بین الحکومتی معاہدے کے تحت، وفاقی کابینہ نے ریکوڈک منصوبے میں سعودی عرب کو 15 فیصد حصص فروخت کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ یہ معاہدہ اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ پاکستان کا معدنی شعبہ غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے ایک اہم مرکز بن رہا ہے۔ سعودی عرب کی مائننگ کمپنی، منارہ منرلز، اس منصوبے میں 15 فیصد حصص حاصل کرے گی، جس کے لیے ممکنہ طور پر 1 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری متوقع ہے۔ پاکستان میں بنیادی ڈھانچے کی ترقی معدنی صنعت کی مکمل صلاحیت کو بروئے کار لانے کے لیے نہایت اہم ہے۔ چین-پاکستان اقتصادی راہداری (CPEC) معدنی وسائل کی نقل و حمل اور برآمدی لاجسٹکس کو تبدیل کرنے میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے۔ گوادر پورٹ اور پورٹ قاسم معدنی برآمدات کو بڑھانے کے لیے تیار ہیں، جبکہ بہتر سڑک اور ریل نیٹ ورک کان کنی کے علاقوں اور صنعتی مراکز کے درمیان بہتر رابطے کو یقینی بنائے گا۔ ریکوڈک کان کے لیے لاجسٹکس کا انتظام پاکستان ریلوے کے تعاون سے قائم کیے جانے والے ریلوے ٹریک کے ذریعے کیا جائے گا۔ اس ریلوے ٹریک کے ذریعے کراچی سے کان کے لیے ضروری سامان پہنچایا جائے گا اور تانبے اور سونے کے مرکب کو کراچی سے برآمد کیا جائے گا۔ ریکوڈک کے علاوہ، بلوچستان میں 40 سے زائد معدنی وسائل موجود ہیں، جن میں تیل، گیس، یورینیم، اور کوئلہ شامل ہیں، جو پاکستان کی توانائی اور صنعتی ضروریات کو کئی دہائیوں تک پورا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ مزید برآں، ریفائنریوں کے قیام پر بھی کام جاری ہے، جو پاکستان کی خام مال کی برآمد پر انحصار کم کرے گا۔ حکومت وقت معدنی شعبے کی صلاحیت کو مدنظر رکھتے ہوئے نیشنل منرلز ہارمونائزیشن فریم ورک 2025 کو حتمی شکل دے رہی ہے، جو ایک جامع پالیسی ہے جس کا مقصد سرمایہ کاری کو راغب کرنا اور قومی و صوبائی سطح پر ضوابط کو منظم کرنا ہے۔ یہ فریم ورک مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کو مراعات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ کان کنی کے ضوابط کو آسان بنائے گا اور عوامی و نجی شراکت داری کو فروغ دے گا۔ اس حوالے سے ایک اہم پیش رفت پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2025 (PMIF25) ہے، جو 8 اور 9 اپریل کو اسلام آباد میں منعقد ہوگا۔ اس ایونٹ میں عالمی وزرا، بڑی کارپوریشنز، سرمایہ کار، پالیسی ساز، اور صنعت کے ماہرین شرکت کریں گے تاکہ معدنی شعبے میں سرمایہ کاری کے مواقع، تکنیکی ترقی، اور پالیسی فریم ورک پر تبادلہ خیال کیا جا سکے۔ پاکستان کے معدنی وسائل میں بے پناہ معاشی صلاحیت موجود ہے۔ حکمت عملی پر مبنی سرمایہ کاری، بنیادی ڈھانچے میں بہتری، اور قدر میں اضافہ کے ذریعے کان کنی کا شعبہ قومی اقتصادی ترقی کا ایک اہم محرک بن سکتا ہے۔

فطری قوانین جو کڑوے لیکن حق ہیں۔۔۔

نوائے عامر
kh.amirjaved@gmail.com
0333-8604509
خواجہ عامر جاوید

پہلا قانون فطرت کہ اگر کھیت میں دانہ نہ ڈالا جائے تو قدرت اسے گھاس پھوس سے بھر دیتی ہے۔ اسی طرح اگر "دماغ" کو اچھی فکروں "سے نہ بھرا جائے تو" کج فکری "اسے اپنا مسکن بنا لیتی ہے۔ یعنی اس میں صرف "الٹے سیدھے "خیالات آتے ہیں اور وہ "شیطان کا گھر "بن جاتا ہے۔ اس لئے ہمیشہ مثبت سوچیں، اچھا سوچیں دوسرا قانون فطرت جس کے پاس "جو کچھ "ہوتا ہے وہ وہی کچھ بانٹتا ہے یعنی اسکے اسلاف جو تربیت دیتے ہیں وہی وہ لوٹاتا ہے اگر خوش مزاج و فراخدل انسان ہے تو خوشیاں بانٹتا ہے۔ غمزدہ انسان غم بانٹتا ہے۔ عالم علم بانٹتا ہے اور دیندار انسان حق گوئی و بھلائی اور ہمیشہ دین بانٹتا ہے جس کہ خوف زدہ انسان خوف بانٹتا ہے اور برا انسان برائی بانٹتا ہے۔ اس لئے قارئین کرام خود میں مثبت احساس پیدا کریں اچھی و مثبت سوچ چیزیں سیکھیں اور سکھائیں مصروف رہیں خوش رہیں۔ تیسرا قانون فطرت اپ کو زندگی میں جو کچھ بھی حاصل ہوا اسے ہضم کرنا سیکھیں اس لئے کہ کھانا ہضم نہ ہونے پر بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔ مال و ثروت ہضم نہ ہونے کی صورت میں ریاکاری بڑھتی ہے۔ بات ہضم نہ ہونے پر چغلی اور غیبت بڑھتی ہے۔ جبکہ تعریف ہضم نہ ہونے کی صورت میں غرور و تکبر میں اضافہ ہوتا ہے۔ غم ہضم نہ ہونے کی صورت میں مایوسی بڑھتی ہے اور مایوسی گناہ نہیں کفر ہے۔ لوگوں کی خوشیوں سے حسد کرنے کی بجائے ان میں شامل ہونا سیکھیں اس لئے ہضم کرنا سیکھیں اپنی زندگی کو آسان بنائیں اور ایک با مقصد و با اخلاق زندگی گزاریں، لوگوں کے لئے آسانیاں پیدا کریں خوش رہیں خوشیاں بانٹیں۔ جیو اور جینے دو پر عمل کرتے ہوئے ہر ہر نعمت الٰہی پر اپنے اللہ کا بیشمار شکر ادا کیجئے پھر دیکھیں اسکی نعمتیں، رحمتیں اور برکتیں۔

آئین کی منظوری سے قبل ہی دستور ساز اسمبلی تحلیل

معروف دانشور چیف ایڈیٹر، روزنامہ پاکستان محترم مجیب الرحمٰن شامی سٹیزن کونسل آف پاکستان کے تھنک ٹینک کی ماہانہ میٹنگ میں بطور مہمان سپیکر، پاکستان کیا چاہتا ہے؟ کے موضوع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ آئین پاکستان پر پہلا حملہ اس وقت ہوا جب 24 اکتوبر 1954 کو اسمبلی توڑی گئی۔ اس وقت اسمبلی میں آئین پر کام ہو رہا تھا۔ قیاس تھا کہ دو تین دن بعد ہی وطن عزیز کا پہلا آئین منظوری کے بعد نافذ العمل ہو جائے گا۔ یہ کام 27 اکتوبر کو ہونا تھا مگر تین روز قبل ہی اسمبلی توڑ دی گئی۔ گورنر جنرل نے دفاعی عدالت میں اپیل کر دی۔ بدقسمتی سے اس کے سربراہ جسٹس محمد منیر تھے۔ جسٹس منیر شدید مخمصے میں پھنس گئے۔ ایک طرف آئینا انصاف اور ان کا علمبردار مولوی تمیز الدین تھا اور دوسری طرف ان کا قرابت دار سربراہ مملکت۔ فیصلہ کرنے اور مولوی صاحب کے روزِ روشن کی طرح واضح موقف کو تسلیم کرنے (جس کی سندھ ہائی کورٹ توثیق کر چکی تھی) کی بجائے یہ Ruling دی کہ عدالت کے سامنے جو مقدمہ پیش ہوا اس میں Issues قانونی نہیں بلکہ سیاسی ہیں اس لئے بہتر ہوگا کہ فریقین آپس میں سمجھوتہ کر لیں اور مولوی صاحب اپنی درخواست واپس لے لیں۔ مولوی صاحب نے سمجھوتے کی ایک ہی شرط پیش کی کہ گورنر جنرل اپنا فرمان واپس لے اور آئین ساز اسمبلی کا اجلاس بلائے جبکہ اسمبلی آئین سازی نہ کرے گی اور گورنر جنرل مقررہ معیاد کے اندر نئی اسمبلی کے اراکین کا اجلاس بلائیں جو آئین بنائے۔ یہ شرط ملک غلام محمد کیلئے قابل قبول نہ تھی۔ مجبوراً سپریم کورٹ کو مولوی صاحب کے حق میں دیے گئے فیصلے کے خلاف گورنر جنرل کی اپیل سننی پڑی۔ فیڈرل کورٹ کے جج صاحبان کی اکثریت نے اپیل منظور کر لی۔ اس طرح آنے والے چار مارشل لا کا راستہ کھل گیا۔ جناب مجیب الرحمٰن شامی نے بتایا کہ جب پاکستان بنا تو یہاں کانگرس کے برعکس تجربہ کار سیاستدانوں کی کمی تھی۔ مسلم لیگ کی تنظیم مثالی نہیں تھی۔ مسلم لیگ تحریک کی صورت میں اٹھی پاکستان بن گیا۔ ہماری لیڈرشپ ویسی صلاحیت نہیں رکھتی تھی جو دور اندیش ہو۔ بھارت کو بنی بنائی سٹیٹ مل گئی پرائم منسٹر انڈیا پنڈت نہرو نے مانٹ بیٹن کے تسلسل کو قائم رکھا۔ پاکستان کو نئی سٹیٹ کا سٹرکچر از سر نو قائم کرنا تھا، جس سے سول سروس اچھی طرح عہدہ برآ ہوئی۔ چودھری محمد علی اور ان کے رفقا تربیت یافتہ تھے جنہوں نے بنیادی سٹرکچر کھڑا کرنے میں اچھا کردار ادا کیا۔ ابتدا میجر جنرل سکندر مرزا صدر بنے، پھر جنرل ایوب اور پھر جنرل یحییٰ، جن کے دور حکومت میں پاکستان دولخت ہوا اور مشرقی پاکستان، بنگلہ دیش بن گیا۔ اداروں کی کشمکش آج بھی مسلسل جاری ہے۔ جمہوری ملکوں میں ایسا نہیں ہوتا کہ جہاں چار لوگ اکٹھے ہوں یہ بحث شروع ہو جائے کہ ملک کا کیا بنے گا؟ حکومت کا کیا بنے گا؟ مارشل لا دور میں سیاست میں فوج کی اتنی دخل اندازی نہیں تھی جتنی اب ہے۔ بھارت میں دیکھیں، انتخاب ختم جھگڑے ختم۔ حکومت بن جاتی ہے ہمارے ہاں انتخاب کے بعد دوسرے ہنگامے کی تیاری شروع ہو جاتی ہے۔ ہمیں اپنے رویوں پر نظر ثانی کرنا چاہیے۔ ہمارے وزیراعظم نے کہا ہے کہ بھارت سے آگے نہ نکل جائیں تو میرا نام شہباز نہیں ہے۔ ایجوکیشن پر جی۔ ڈی۔ پی کا صرف ڈیڑھ فی صد جبکہ بھارت سات فی صد خرچ کر رہا ہے۔ مقابلہ اس میں ہونا چاہیے۔ ہم ایجوکیشن پر انویسٹ نہیں کر رہے۔ ہمارے ڈھائی کروڑ بچے اسکول نہیں جا رہے جبکہ بھارت کی سوا ارب آبادی کے ڈیڑھ کروڑ نہیں پڑھ رہے۔ سکول و تعلیم ہماری ترجیحات میں نہیں ہے۔ ترجیحات بدلنا ہوں گی۔ کرائسز میں ہم سنبھل جاتے ہیں۔ اس پر آئی۔ ایم۔ ایف والے بھی حیران ہیں۔ پاکستان کا مستقبل، اداروں اور سیاست دانوں کے رویوں پر منحصر ہے۔ تب ہی مسائل پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ مستحسن رضوی، افتخار ملک، مولوی ذیشان، مزمل ایڈووکیٹ اور ڈاکٹر انوار احمد بگوی صاحب کے سوالات کے جواب میں شامی صاحب نے کہا کہ سیاست دان اور ادارے آئین اور ضوابط کی پابندی کریں۔ ساز باز نہ کریں۔ نواز شریف کو تجویز دی تھی کہ آئین میں لکھوا دیں کہ سب سے سینئر ہی آرمی چیف بنے گا۔ اس پر نواز شریف نے توجہ دی اور نہ عمران خان نے۔ بھارت نے پہلے ہی دن سے یہ طے کر دیا تھا کہ سب سے سینئر ہی، آرمی چیف بنے گا، ایکٹینشن نہیں ہوگی۔ فوجی طاقت کے بل پر ملک کھڑا ہے۔ اس سے الجھے تو ملک کی سلامتی خطرے میں پڑ جائے گی۔ ہم ایجی ٹیشنز افورڈ نہیں کر سکتے۔ اسلامی نظام کے بارے میں آپ کو معلوم ہے کہ قرار داد مقاصد کو پیش نظر رکھ کر، قانون سازی کی گئی تھی۔ تربیت کے ادارے بھی سیاست میں الجھ گئے ہیں۔ ہم بہتر مسلمان بنیں گے تو اسلامی نظام بھی آ جائے گا۔ خلافت راشدہ میں بھی اتنے اسلامی قوانین نہیں بنے تھے، جتنے ہم نے بنا لیے ہیں لیکن ان پر عمل نہیں ہو رہا ہم سب کرسیوں کے کھیل میں لگ گئے۔ تعلیمی اداروں کا رول بھی گڑبڑ ہے۔ ہم سے پہلے زمانے میں چوتھی کے بعد انگریزی شروع ہوتی تھی، ہمارے زمانے میں چھٹی میں انگلش لازمی ہو جاتی تھی اور کام ٹھیک سے چل رہا تھا۔ جنرل ضیا دور میں کہا گیا کہ ذریعہ تعلیم اردو میڈیم، مکمل طور پر کر دیا جائے گا۔ چیف کالج اور لارنس کالج کو استثنی دیا گیا۔ اس کی آڑ میں اللہ دے اور بندہ لے۔ اب او۔ اے لیول کے امتحانی پرچے برطانیہ جاتے ہیں جہاں ان کی مارکنگ ہوتی ہے۔ اس طرح قیمتی زر مبادلہ کروڑوں ڈالر کی شکل میں ہم لٹا رہے ہیں۔ 1980 تک انگلش میڈیم لوکل تھا۔ بھارت میں 40 زبانوں کے باوجود مدراس سے کلکتہ تک ایجوکیشن سسٹم ایک لڑی میں پرو دیا گیا ہے۔ ہندی کمپلسری ہے۔ ہماری آبادی بے تحاشہ بڑھ رہی ہے اقتدار والے حکومت بچانا چاہتے ہیں۔ اپوزیشن والے انہیں دھکا دیکر حکومت میں آنا چاہتے ہیں۔ نئی نسل ان سکلڈ ہے ان کو ہنر مند بنانا چاہئے۔



زاویۂ نگاہ
ریاض احمد چودھری
rzchdhry@gmail.com

پولیس میں خوداحتسابی نظام موثر بنانے کی ضرورت



عوام کی پکار
یونس باٹھ
younasbaath@gmail.com

پولیس کا بنیادی کام عوام کی حفاظت اور قانون کا نفاذ ہے، لیکن جب پولیس ہی جرم کا ذریعہ بن جائے تو معاشرے میں خوف اور عدم اعتماد کیسے پیدا نہ ہو؟ پولیس کلچر نے عوام میں تحفظ کا احساس ہی ناپید کر دیا ہے لوگ اپنی فریاد لے کر تھانے میں جانے سے کتراتے ہیں اور اگر کہیں پولیس کا ناکہ لگا ہو تو راہگیر حضرات متبادل راستے کو اپنانے میں ترجیح دیتے ہیں۔ چند روز قبل اسی طرح کا ایک واقعہ ماڈل ٹاؤن کے نواحی علاقے کوٹ لکھپت میں بھی پیش آیا جہاں نوجوان خواتین اور کچھ پولیس اہلکاروں پر مشتمل ایک گینگ گھنانے کاروبار میں ملوث پایا گیا جو مبینہ طور پر بلیک میلنگ کے ذریعے اغوا، تشدد اور بھتہ خوری میں ملوث تھا۔ ایس پی اخلاق اللہ تارڑ نے اس گینگ کے بارے بتایا ہے کہ آن لائن کاروبار کرنے والے ایک نوجوان کے گینگ کا شکار ہونے کے بعد 6 مشتبہ افراد کو گرفتار کیا گیا جن میں 3 پولیس اہلکار اور 3 خواتین شامل ہیں۔ اس گینگ کو تین پولیس اہلکار چلا رہے تھے جو لوگوں کو پھنسانے کے لیے نوجوان لڑکیوں کا استعمال کر رہے تھے۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن کے مطابق ماڈل ٹاؤن کے رہائشی نوجوان کامران عباس کی ٹک ٹاک کے ذریعے ایک لڑکی سے دوستی ہوئی تھی، جس نے کامران کو چندرائی روڈ پر ایک جگہ ڈیٹ کے لیے بلوایا۔ جیسے ہی نوجوان مذکورہ مقام پر پہنچا تو لڑکی اسے ایک کوارٹر میں لے گئی جہاں اس کے 4 مسلح پولیس اہلکار ساتھی پہلے سے ہی شکار کا انتظار کر رہے تھے۔ ملزمان نے نوجوان کو بندوق کی نوک پر پکڑ کر کوارٹر میں حراست میں لے لیا جہاں انہوں نے بندوق کے بٹوں، مکوں اور لاتوں سے اسے بے دردی سے تشدد کا نشانہ بنایا اور اس کی رہائی کے لیے تاوان کا مطالبہ کیا۔ ملزمان نے تشدد کا ایک ویڈیو کلپ بھی ریکارڈ کیا جو بعد میں سوشل میڈیا پر سامنے آیا، جس میں نوجوان کو روتے ہوئے دکھایا گیا اور ان سے درخواست کی گئی کہ اسے رہا کیا جائے اور وہ جو چاہیں لے لیں۔ ویڈیو میں یہ بھی دکھایا گیا ہے کہ نوجوان اپنے اغوا کاروں سے التجا کر رہا ہے کہ اگر اس کے اہل خانہ اور رشتہ داروں کو اس واقعے کے بارے میں پتا چلا تو اس کا کیریئر اور ساکھ داؤ پر لگ جائے گی، لیکن مسلح افراد اسے بے رحمی سے تشدد کا نشانہ بنا رہے ہیں۔ تحقیقات سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ یہ گینگ نوجوان ماڈلز، اداکاراؤں اور خواتین کے ذریعے متعدد بزنس مین، معروف شخصیات اور با اثر افراد کو پھانس کر ان سے رقم بٹور چکا ہے۔ واضح رہے کہ لاہور میں یہ پہلا گینگ نہیں ہے۔ اسی طرح کا ایک معاملہ چند روز قبل لاہور کے پوش علاقے ماڈل ٹاؤن برکت مارکیٹ میں بھی پیش آیا تھا جہاں باوردی پولیس اہلکاروں نے ایک ڈاکٹر مختار حسین کو اسلحہ کے زور پر اغوا کرنے کے بعد پانچ لاکھ روپے تاوان وصول کیا تھا۔ اسی طرح لاہور میں حال ہی میں تعینات ہونے والے ایک ایس ایچ او نے گزشتہ سال ضلع شیخوپورہ سے ایک شہری کو اغوا کرنے کے بعد اس سے 12 لاکھ روپے تاوان وصول کیا تھا جس پر اس کے خلاف تھانہ فیروز والا میں اغوا برائے تاوان کا مقدمہ درج ہوا تھا اسی طرح ڈیفنس کے ایس ایچ او سجاد کو منشیات فروشوں سے بھاری رقم وصول کرنے پر، فیصل ٹاؤن میں ایس ایچ او سلمان اکبر اور کانسٹیبل مقبول شاکر کو اختیارات سے تجاوز کرنے اور مبینہ رشوت وصول کرنے پر مقدمات درج کر کے انہیں گرفتار کیا گیا، جبکہ کچھ عرصہ قبل شاہدرہ سے ایس ایچ او صغیر مبتلا کو بھی منشیات فروشوں سے بھاری رشوت لینے پر معطل اور گرفتار کیا گیا۔ موجودہ ایس ایچ او ڈیفنس سی محمد رضا سمیت اس وقت بھی شہر میں دو درجن سے زائد ایسے ایس ایچ اوز تعینات ہیں جو سنگین الزامات میں معطل اور کلوز لائن رہ چکے ہیں جبکہ شہر کے کئی ڈی ایس پیز بھی مبینہ کرپشن میں ملوث ہیں۔ سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کی ہدایت پر ڈی آئی جی آپریشنز کی جانب سے کرپٹ تھانیداروں کے خلاف کارروائیاں انتہائی خوش آئند ہیں لیکن دوسری جانب کرپٹ اور بری شہرت کے حامل پولیس افسران کی تعیناتیاں لمحہ فکریہ بھی ہیں۔ دوسری جانب ڈی آئی جی انوسٹی گیشن سید ذیشان رضا کی ہدایت پر ایس ایس پی انوسٹی محمد نوید اور شہر بھر کے تمام ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور انچارج انوسٹی گیشنز کو متحرک اور الرٹ کر دیا گیا ہے سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کی ہدایت پر ڈی آئی جی انوسٹی گیشن نے شہر بھر کے تمام انوسٹی گیشن افسران اور اہلکاروں کو سختی سے کارکردگی بہتر بنانے کی ہدایت کی ہے شکایت ملنے کی صورت میں کسی کو معاف نہ کرنے کی وارننگ بھی دی گئی ہے جس سے انوسٹی گیشن کی کارکردگی بہتر بھی ہوئی ہے اور انوسٹی گیشن پولیس نے چیلنج سمجھے جانے والے کئی مقدمات جن میں ستوکتلہ میں قتل ہونے والے صحافی عرفان خالد، ہربنس پورہ میں خاتون شکیلہ سمیت درجن سے زائد قتل کے واقعات میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے۔ ایک اچھی خبر یہ بھی ہے کہ آج ڈی آئی جی عمران کشور سمیت متعدد افسران کو گریڈ 20 میں ترقی ملنے کا امکان ہے

بلوچستان اور حالات کی دلدل، نکلنے کا راستہ کیا ہے؟

ان کہی
نسیم شاہد
nasimshahid7@hotmail.com

منگل کی صبح یہ خبریں آنے لگیں کہ سبی کے قریب کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس کو ہائی جیک کر لیا گیا ہے تو مجھ سے میری بیٹی نے پوچھا ٹرین کیسے ہائی جیک ہو سکتی ہے ہائی جیک تو ہوائی جہاز ہوتے تھے، پھر اس کا اگلا سوال یہ تھا ٹرین کوئی بس یا ٹرک تو ہوتی نہیں کہ اسے سڑک سے کچے میں اتار کے لے جایا جا سکے، اس نے تو ریلوے ٹریک پر ہی چلنا ہے، پھر یہ کیوں کہا جا رہا ہے کہ ٹرین کو اغوا کر لیا گیا ہے۔ میں جتنا اسے مطمئن کر سکتا تھا کیا، لیکن ظاہر ہے یہ اپنی نوعیت کا پاکستان میں پہلا واقعہ ہے، اس لئے کسی کو سمجھ نہیں آ رہی اسے کیا نام دے۔ اب سوشل میڈیا پر بتایا جا رہا ہے کہ یہ دنیا میں ٹرین ہائی جیک کرنے کا چھٹا واقعہ ہے۔ اس سے بھی اندازہ لگایا جا سکتا ہے ایسے واقعات کتنے کم ہوئے ہیں جبکہ اس کے برعکس جہاز ہائی جیک کرنے کی بیسیوں وارداتیں ہو چکی ہیں اس سے پہلے کراچی یا پنجاب سے کوئٹہ جانے والی مسافر بسوں کو راستے میں روک کر مسافروں کو نشانہ بنانے کے واقعات ہوتے رہے ہیں۔ خاص طور پر پنجابیوں کو شناخت کرنے کے بعد شہید کرنے کے متعدد واقعات ہو چکے ہیں۔ ابھی چند روز پہلے بھی ایسا ہی ایک واقعہ ہوا تھا۔ تاہم ریلوے کے سفر کو محفوظ سمجھا جاتا تھا۔ بلوچستان میں ریلوے کا ایک طویل ٹریک ہے اکثر علاقے ویران ہیں اور ریلوے لائن پہاڑوں کے درمیان سے بھی گزرتی ہے۔ اتنے لمبے ٹریک پر ہر وقت تو ہر جگہ پہرہ نہیں بٹھایا جا سکتا، تاہم جب کوئٹہ جانے والی گاڑیاں بلوچستان کی حدود میں داخل ہوتی ہیں تو ان کی سیکیورٹی بڑھا دی جاتی ہے۔ یوں یہ سفر محفوظ طریقے سے مکمل ہوتا رہا ہے، مگر اب اس واقعہ کے بعد جو عدم تحفظ پیدا ہوا ہے اسے ختم کرنے کے لئے بہت سے اقدامات کرنا ہوں گے۔ بلوچستان سے پاکستان کے دیگر حصوں کا زمینی رابطہ اس لئے بھی ضروری ہے کہ کسی تنظیم یا دہشت گردوں کو یہ اجازت نہیں دی جا سکتی وہ اس طرح اپنی عملداری قائم کر کے اپنی کامیابی کا جشن منائیں، جب بسوں سے اتار کر معصوم مسافروں کو شناخت کے بعد گولیوں کا نشانہ بنایا جا رہا تھا تو اس وقت بھی ملک کے سنجیدہ حلقوں نے حکومت پر زور دیا تھا وہ ایسے واقعات کے سدباب کے لئے موثر حکمت عملی بنائے، مگر ہم چونکہ بیانات کے ماسٹر ہیں، اس لئے ہر واقعہ کے بعد بیان بازی کر کے کام چلاتے رہے ہیں، اب اس ٹرین پر حملے کو بھی اگر ہم نے سنجیدہ نہ لیا اور صرف روایتی بیانات کی حد تک ردعمل دے کر رات گئی بات گئی، کے مصداق اپنے کاموں میں مصروف ہو گئے تو پھر ایسی کوئی اور واردات دہشت گردوں کو مزید اپنا ایجنڈا مسلط کرنے کا موقع دے گی۔ اس واقعہ کے بعد بلوچستان میں دہشت گردوں اور بیرونی آقاؤں کی شہ پر علیحدگی کا شوشہ چھوڑنے والوں کے خلاف ایک بڑا آپریشن ناگزیر ہو چکا ہے۔ یہ معاملہ سیاست سے بہت آگے کا ہے۔ اس میں براہ راست ریاست کی سلامتی کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ ایک سنگین جرم سرزد ہوا ہے، جس کی سزا دہشت گردوں، ان کے سرپرستوں اور سہولت کاروں کو ملنی چاہیے۔ اس حوالے سے ریاست کسی قسم کی کمزوری کا مظاہرہ نہ کرے اور پاکستان کی سیکیورٹی فورسز پوری قوت سے ایسے فتنے کو کچل دیں جو بلوچوں کے حقوق کی آڑ میں دہشت گردی کر رہا ہے۔ ایک پہلو تو یہ ہے جس پر دو رائے نہیں تاہم دوسرا پہلو بلوچستان کے سیاسی حالات ہیں۔ بلوچستان میں اس وقت قیادت کا ایک خلا موجود ہے۔ وہ دور اب نہیں رہا کہ سرداروں اور قبیلے کے سربراہوں کی چھتری تلے کسی نظام کو چلایا جاتا تھا۔ بگٹی، مری، مینگل، سوری اور دیگر قبائل کے سردار سیاست میں آگے آتے تھے اور عوام انہیں قبول بھی کر لیتے تھے یہ سرداری نظام چل سکتا تھا اگر یہ سردار سیاسی حکومتوں میں آ کر عوام کے ساتھ اپنا تعلق مضبوط کرتے۔ ان کی محرومیوں کو ختم کرنے کے لئے اقدامات کرنے، بلوچستان میں اصلاحات کا ایجنڈا لاتے، لوگوں کو اس بات کا احساس دلاتے کہ اقتدار میں ان کا حصہ بھی ہے اور فیصلے ان کی مرضی سے ان کے حق میں کیے جاتے ہیں۔ آج یہ سردار بے بس نظر آتے ہیں۔ اب وہ بلوچی عوام کے حق میں آواز اٹھاتے بھی ہیں تو عوام ان کا یقین نہیں کرتے۔ اب نئی قیادت ان کی جگہ لے چکی ہے۔ ماہ رنگ بلوچ جیسے نئے کردار سامنے آ گئے ہیں۔ یہ شعور بھی آیا ہے کہ سردار جمہوریت کے نام پر اپنی سرداری چمکاتے رہے ہیں، انہوں نے کبھی بلوچستان کے حقوق کی جنگ نہیں لڑی۔ وفاق کا حصہ ہونے کے باوجود، وفاق سے اپنا حصہ اور حق نہیں مانگا بس اپنی تجوریاں بھرتے رہے۔ اب یہ بہت نازک مرحلہ تھا جب روایتی سرداری سیاست دم توڑ رہی تھی اور بلوچستان میں نئی عوامی سیاست ابھر رہی تھی، چند سرداروں اور چند قبیلوں سے ڈیل کر کے بلوچستان کا نظام چلانے والوں کو اس بدلتے ہوئے منظر کا ادراک کرنا چاہیے تھا، جو نہیں کیا گیا، جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ اس خلا کو پر کرنے کے لئے وہ قوتیں متحرک ہو گئیں۔

قوت
SHOWBIZ

دھنوش پروڈکشن ہاؤس کا نین تارا اور وگنیش شیون سے ایک کروڑ ادائیگی کا مطالبہ

ممبئی (شوبز ڈیسک) جنوبی بھارت کی فلموں کے معروف اداکار، فلمساز، گیت نگار اور گلوکار وینکٹیش پرابھو کستوری راجہ المعروف دھنوش کے پروڈکشن ہاؤس نے ساؤتھ کی معروف اداکارہ نین تارا اور انکے شوہر وگنیش شیون سے ایک کروڑ روپے ہرجانہ کی ادائیگی کا مطالبہ کیا ہے۔ 42 سالہ تامل سپر اسٹار دھنوش اور نین تارا، وگنیش شیون کے درمیان اختلافات اس وقت عوام کے سامنے آئے جب نین تارا کی ڈاکیومینٹری سیریز نین تارا: بیونڈ دی فیری ٹیل ریلیز ہوئی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق دھنوش کے پروڈکشن ہاؤس ونڈربار فلمز پرائیویٹ لمیٹڈ نے 2015 کی فلم نانم راوڈی ڈھان کی کاپی رائٹ کی خلاف ورزی پر سول سوٹ دائر کیا، جس میں نین تارا اور وگنیش شیون سے ایک کروڑ روپے ہرجانے کا مطالبہ کیا ہے۔ کیس کے حلف نامے میں مذکورہ فلم کے ڈائریکٹر اور نین تارا کے شوہر وگنیش شیون پر غیر پیشہ ورانہ رویے کا الزام عائد کیا گیا ہے۔ حلف نامے کے مطابق وگنیش شیون نے فلم کے موقع پر دعویٰ کیا تھا کہ انہوں نے دوسری کاسٹ اور کریو کو نظر انداز کرکے اپنی توجہ صرف نین تارا پر مرکوز رکھی تھی۔

حنا خواجہ بیات کا ڈانس ویڈیو پر تنقید کرنیوالوں کو جواب

لندن (شوبز ڈیسک) پاکستان شوبز انڈسٹری کی سینئر اداکارہ حنا خواجہ بیات نے ڈانس ویڈیو پر تنقید کرنے والوں کو خاموش کروادیا۔ حنا خواجہ بیات نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنی ایک نئی ویڈیو شیئر کی ہے۔ اس ویڈیو میں ایک آرٹسٹ کو لندن کی گلی میں بالی ووڈ کا مشہور گانا لندن ٹھومکدا گاتے ہوئے جبکہ اداکارہ اور کچھ دیگر افراد کو اس گانے پر ڈانس کرتے دیکھا جاسکتا ہے۔ انہوں نے یہ ویڈیو شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں لکھا کہ جب کوئی موسیقار آپ کو پہچان لے اور آپ سے اپنے ساتھ پرفارمنس میں شامل ہونے کی درخواست کرے۔ حنا خواجہ بیات کی یہ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی ہے اور صارفین کی جانب سے اس پر ملے جلے ردعمل کا اظہار کیا جارہا ہے۔ کچھ سوشل میڈیا صارفین نے یہ سوال اٹھایا کہ اداکارہ رمضان میں اس طرح کیوں ڈانس کررہی ہے جبکہ کچھ نے ان کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ وہ خوش ہیں اور اپنی زندگی میں تھوڑا لطف اندوز ہورہی ہیں تو اس میں کوئی برائی نہیں ہے۔ حنا خواجہ بیات نے اس ویڈیو پر تنقید کرنے والوں سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ میں جانتی ہوں کہ ایک آرٹسٹ کے کام کی حوصلہ افزائی کی جائے تو اسے کتنی خوشی ہوتی ہے، بس صرف اسی لیے میں نے ایسا کیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ خوشیاں بانٹنے سے خوشیاں بڑھتی ہیں اور جو لوگ یہ بات نہیں سمجھتے ہمیشہ پریشان رہتے ہیں، اس لیے اپنی سوچ کو مثبت رکھیں اور ہمیشہ خوش رہیں ایک صارف نے لکھا کہ حنا خواجہ کو معلوم ہونا چاہئے کہ خوشیاں اور سکون صرف اور صرف اللہ کی یاد سے ہی نصیب ہوتا ہے ڈانس کرنے سے نہیں۔

تارک مہتا کا الٹا چشمہ کے ٹپو نے سونو سے شادی کرلی

ممبئی (شوبز ڈیسک) مشہور سٹکام تارک مہتا کا الٹا چشمہ کے مداح اس وقت حیران رہ گئے جب شو کے پروڈیوسرز نے ایک پرومو جاری کیا، جس میں ٹپو اور سونو کی شادی کا انکشاف کیا گیا۔ پرومو میں دونوں کرداروں کو شادی کے روایتی لباس میں دکھایا گیا، جہاں ٹپو نے اعلان کیا: ہماری شادی ہوگئی، ہمیں آشیرواد دیجیے۔ چمپکلال اور جیٹھالال نے سونو کو اپنی بہو کے طور پر قبول کرلیا، وہیں بھڑے نے ٹپو سے کہہ دیا، تم میرے داماد کبھی نہیں بن سکتے۔ پرومو سامنے آتے ہی شو کے مداحوں نے حیرت اور تجسس کا اظہار کیا۔ کچھ کا کہنا تھا کہ یہ محض بھڑے کا خواب ہوسکتا ہے جبکہ کچھ کا ماننا ہے کہ گوکلدھام سوسائٹی کے ایکے وسیکریٹری بھڑے اس شادی کو کبھی قبول نہیں کریں گے۔ ایک مداح نے لکھا، یہ خواب کچھ زیادہ ہی لمبا نہیں چل رہا؟ جبکہ ایک اور صارف نے تبصرہ کیا، بھڑے ماسٹر، اب خواب سے جاگنے کا وقت آ گیا ہے۔ اٹھا جا یہ شو 16 سالوں سے نشر ہورہا ہے۔ پچھلے سال پروڈیوسر اسیت کمار مودی نے ایک انٹرویو میں کہا تھا کہ وہ ”TMKOC یونیورس“ بنانے کی منصوبہ بندی کررہے ہیں۔

آئیفا ایوارڈز میں شاہ رخ خان کے ہیروں کے ہار نے سب کی توجہ سمیٹ لی

اس ہیروں کے بیش قیمت ہار کی اصل قیمت کے بارے میں قیاس آرائیاں کی جارہی ہیں



ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ کے بادشاہ شاہ رخ خان کے آئیفا ایوارڈز 2025 کے فیشن اسٹائل نے مداحوں کے دل جیت لیے۔ شاہ رخ خان نے جے پور میں منعقد ہونے والے گرینڈ آئیفا ایوارڈز 2025 میں شرکت کی۔ جہاں وہ ہمیشہ کی طرح سب کی توجہ سمیٹنے میں ایک مرتبہ پھر کامیاب ہوگئے۔ کنگ خان ایوارڈ شو کے لیے پہنچے جس کیلئے انہوں نے مشہور فیشن ڈیزائنر منیش ملہوترا کا سیاہ رنگ کا بیگی ٹراؤزر اس کے ساتھ کالا بلیزر پہن رکھا تھا پاپرازی کے لیے پوز دیتے ہوئے شاہ رخ کی گلے میں موجود ہیروں کے ہار نمایاں تھا جو ان کے اس فیشن اسٹائلنگ کو چار چاند لگا رہا تھا۔ اس ہیروں کے بیش قیمت ہار کی اصل قیمت کے بارے میں قیاس آرائیاں کی جارہی ہیں تاہم اصل قیمت نہیں بتائی گئی البتہ یہ ایک جیولری برانڈ کی تشہیر کا حصہ تھا۔ سوشل میڈیا پر اداکار کی تصاویر خوب وائرل ہو رہی ہیں جس میں مداحوں کو بادشاہ کا یہ شاہانہ انداز بیحد پسند آیا ایک صارف نے شاہ رخ کے اسٹائل پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا جے پور میں چاند نکل آیا ہے۔

متھیرا نے چاہت فتح علی خان سے تنازع پر خاموشی توڑ دی

لاہور (شوبز رپوٹر) متھیرا نے چاہت فتح علی خان کے ساتھ اپنے تنازع پر خاموشی توڑ دی۔ پاکستانی میڈیا انڈسٹری کی معروف میزبان اور وی جے متھیرا جو اپنی بے باک رائے اور صاف گوئی کے لیے مشہور ہیں، ایک بار پھر خبروں کی زینت بن گئی ہیں۔ حال ہی میں ان کا نام معروف مزاحیہ گلوکار اور سوشل میڈیا سینسیشن چاہت فتح علی خان کے ساتھ ایک تنازع میں جوڑا جارہا تھا، جس پر اب انہوں نے کھل کر بات کی ہے۔ یہ تنازع اس وقت شروع ہوا جب چاہت فتح علی خان متھیرا کے شو پر بطور مہمان آئے، شو کے بعد لی گئی تصویر اور ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی، جس میں چاہت فتح علی خان متھیرا کے کافی قریب نظر آرہے تھے۔ متھیرا نے اس رویے کو ناپسندیدہ اور غیر مناسب قرار دیا، جبکہ چاہت فتح علی خان نے الٹا متھیرا کے خلاف قانونی کارروائی کی دھمکی دے دی۔ اس معاملے پر بات کرتے ہوئے متھیرا نے گفتگو میں اپنی پوزیشن واضح کی۔ متھیرا نے کہا کہ میں نے چاہت فتح علی خان سے گزارش کی تھی کہ وہ یہ ویڈیو اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز سے ہٹا دیں، لیکن انہوں نے ایسا نہیں کیا۔ میزبان کا کہنا ہے کہ مجھے یہ بالکل پسند نہیں آیا کہ وہ اتنے قریب آنے کی کوشش کر رہے تھے، لیکن میں نے معاملے کو مزید بڑھانے کے بجائے درگزر کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ چاہت فتح علی خان کافی عمر رسیدہ ہیں اور میں صرف اسی عزت و احترام کے دائرے میں رہتے ہوئے ان سے بات کررہی تھی، جو بڑوں کو دی جاتی ہے۔ متھیرا نے واضح کیا کہ ذاتی حدود کی پاسداری ہر کسی پر لازم ہے اور کوئی بھی خاتون کسی غیر مناسب رویے کو برداشت نہیں کرے گی۔ یہ تنازع سوشل میڈیا پر کافی بحث کا باعث بنا، جہاں کچھ صارفین متھیرا کی حمایت کررہے ہیں جبکہ کچھ لوگ چاہت فتح علی خان کے حق میں بھی بول رہے ہیں۔

مسٹر پرفیکشنسٹ عامر خان 14 مارچ کو 60 سال کے ہوجائیں گے

پہلی فلم ”قیامت سے قیامت تک“ کی کامیابی کے بعد مجھے 300 سے 400 فلموں کی آفرز ایک ساتھ ہوگئیں، عامر خان

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ کے مسٹر پرفیکشنسٹ عامر خان 14 مارچ کو 60 سال کے ہوجائیں گے اور اس حوالے سے منائے جانے والے فیسٹیول میں اپنے کیریئر پر کھل کر گفتگو کی۔ ممبئی میں منعقد کیے جانے والے ”عامر خان: سینما کا جادوگر“، فلم فیسٹیول کے دوران لیجنڈری اسکرین رائٹر اور نغمہ نگار جاوید اختر نے اداکار کا انٹرویو کیا۔ اپنی پہلی فلم قیامت سے قیامت تک پر گفتگو کرتے ہوئے عامر خان نے کہا کہ اس فلم کی کامیابی کے بعد مجھے 300 سے 400 فلموں کی آفرز ایک ساتھ ہوگئیں۔ اداکار نے بتایا کہ قیامت سے قیامت تک کی کامیابی کے بعد میری کئی فلمیں فلاپ ہوئیں جس پر مجھے ون فلم ونڈر کا لیبل بھی لگ گیا تھا۔ ماضی کے ان دنوں کو یاد کرتے ہوئے عامر خان نے مزید بتایا کہ میرے پاس زیادہ تجربہ نہیں تھا اور کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ کس فلم کا انتخاب کروں اور کس سے معذرت کرلوں۔ عامر خان نے اعتراف کرلیا کہ تین شفٹوں میں مسلسل کام کرنے کے باوجود میں خوش نہیں تھا۔ میں گھر جا کر روتا تھا۔ اداکار نے اس افسوس کا بھی اظہار کیا کہ جن ہدایت کاروں کے ساتھ کام کرنے کا میں نے خواب دیکھا تھا ان میں سے کسی نے بھی مجھے کوئی رول نہیں دیا۔ عامر خان نے کہا کہ مجھے ان حالات سے ایک قیمتی سبق بھی ملا۔ خاص طور پر یہ کہ صرف اچھا اسکرپٹ کافی نہیں ہوتا۔

gettyimages
Credit: Michael Loccisano

مارچ 11: پارکر پوسی 11 مارچ 2025 کو نیویارک سٹی میں ڈی جی اے تھیٹر میں میکس کے "دی پیرنٹنگ" کے نیویارک پریمیئر میں شرکت کررہے ہیں۔

پریانکا چوپڑا نے ہدایتکار ایک ڈیمانڈ پر فلم کرنے سے انکار کر دیا تھا

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ اور ہالی ووڈ اداکارہ پریانکا چوپڑا کی والدہ مدھو چوپڑا نے انکشاف کیا ہے کہ ان کی بیٹی نے ہدایتکار کی ایک ڈیمانڈ پر فلم کرنے سے صاف انکار کردیا تھا۔ حال ہی میں ایک انٹرویو میں مدھو چوپڑا کا کہنا تھا کہ وہ اپنی بیٹی کو لے کر بیحد حساس تھیں اور کبھی اسے فلم کے سیٹ پر یا کسی آفس میں اکیلا نہیں چھوڑتی تھیں۔ مدھو نے بتایا کہ پریانکا ہمیشہ فوری فیصلہ لیتی ہے اور چاہے اسے فلم سے ہاتھ دھونا پڑے مگر وہ اپنے اصولوں پر کام کرنے کو ترجیح دیتی ہے۔ پریانکا کی والدہ نے ماضی کے ایک واقعے کا تذکرہ کرتے ہوئے بتایا کہ پریانکا نے ایک ہدایتکار کی فلم کرنے سے صرف اس لئے انکار کردیا تھا کہ وہ ہدایتکار اسے میرے سامنے نہیں بلکہ اکیلے میں فلم پڑھ کر سنانا چاہتا تھا۔ مدھو چوپڑا نے بتایا کہ پریانکا نے اس ہدایتکار کو کہا کہ اگر آپ میری ماں کے سامنے مجھے فلم کی کہانی نہیں سنا سکتے تو میں آپ کیلئے فلم نہیں کرسکتی۔ اداکارہ کی والدہ کا کہنا تھا کہ ہم نے سن رکھا تھا کہ یہ جگہ اچھی نہیں ہے اس لئے اپنی اکلوتی بیٹی کو کبھی اکیلا نہیں چھوڑا اور ہر وقت اس کے ساتھ کسی چڑیل کی طرح چپکی رہی کوئی ہم کوئی چانس نہیں لے سکتے تھے۔ مدھو چوپڑا نے اس سبق کو بھی یاد کیا جو انہوں نے پریانکا کو اپنی قدر کرنے کے بارے میں سکھایا رکھا تھا۔ میں اسے ہمیشہ کہتی تھی کہ اگر تم چونی (25 پیسہ) کی طرح برتا کروگی تو لوگ تمہیں اس طرح ہی دیکھیں گے۔ اپنے آپ کو ایک روپیہ بنالو تو لوگ بھی تمہاری ویسی ہی قدر کریں گے اور تمہیں کبھی ردی کی طرح نہیں سمجھیں گے۔



مارچ 11: ملی بوبی براون نیویارک شہر میں 11 مارچ 2025 کو پیرس تھیٹر میں "دی الیکٹرک اسٹیٹ" کی مداحوں کی اسکریننگ میں شریک ہیں۔

شریا گھوشال نے زندگی کی 41 بہاریں دیکھ لیں

ممبئی (شوبز ڈیسک) مقبول بھارتی گلوکارہ شریا گھوشال کے مداحوں نے ان کی سالگرہ کا جشن منانے کیلیے جشن منانے کا انوکھا انتظام کیا جسے وہ خود بھی سراہا رہی ہیں۔ شریا گھوشال نے 12 مارچ 2025 کو زندگی کی 41 بہاریں دیکھ لیں۔ اس خاص دن کیلیے گلوکارہ کے کچھ مداحوں نے ضرورت مند افراد میں کھانا تقسیم کرنے کا انتظام کر رکھا ہے۔ جب اس بارے میں گلوکارہ کو علم ہوا تو وہ اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکیں۔ انہوں نے انسٹاگرام پر مداح کی پوسٹ کا جواب دیتے ہوئے لکھا کہ میری آنکھیں خوشی کے آنسوں نم ہیں، میں کیا محسوس کر رہی ہوں اسے بیان کرنے کیلیے الفاظ نہیں ہیں، محبت کے اس عمل پر آپ کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔ انسٹاگرام پر مداحوں کے ایک پیج نے ویڈیو شیئر کی جس کے کیپشن میں لکھا ہے کہ شریا گھوشال کی سالگرہ محبت کے ساتھ منانا، مسکراہٹیں پھیلانا اور ایک وقت میں ایک کھانا۔ ویڈیو میں بڑی تعداد میں کھانا تیار کرکے ڈبوں میں بھرا جارہا ہے۔ ہر ڈبے پر گلوکارہ کی تصاویر والے اسٹیکرز چسپاں ہیں۔

مجھے کاسمیٹک سرجری کروانے سے ڈر لگتا ہے، اداکارہ اشنا شاہ

لاہور (شوبز رپوٹر) پاکستان شوبز انڈسٹری کے معروف اداکارہ اشنا شاہ نے انکشاف کیا ہے کہ انہیں کاسمیٹک سرجری کروانے سے ڈر لگتا ہے۔ اشنا شاہ نے نجی ٹی وی پر اپنے پروگرام میں آئی مہمان اداکارہ صرحا اصغر سے بات کرتے ہوئے بتایا کہ مجھے انسومنیا ہے جس کی وجہ سے میری آنکھوں کے گرد حلقے پڑے ہوئے ہیں تو مجھے ایک ڈاکٹر نے بتایا کہ فلرز لگوانے سے یہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے پہلی بار جب فلرز لگوائے ان سے میرا چہرہ بہتر ہوگیا اور وہ فلرز دو تین مہینے تک رہے لیکن اس کے بعد میں ایک سیلون گئی وہاں موجود بیوٹیشن نے مجھ سے کہا کہ فلرز تو میں بھی لگا دیتی ہوں تو میں نے اس سے فلرز لگوا لیے اور اس کے بعد میری آنکھیں بہت بری طرح سوج گئیں۔ اداکارہ نے بتایا کہ آنکھیں سوجنے کے بعد مجھے فلرز نکلوانے پڑے اور میری آنکھوں کے گرداب نشانات پڑ گئے ہیں جو کبھی دوبارہ ٹھیک نہیں ہوں گے۔ انہوں نے بتایا کہ اس خوفناک تجربے کے بعد میں کسی بھی قسم کی کاسمیٹک سرجری کروانے سے ڈرتی ہوں اور میں کبھی کسی قسم کی کاسمیٹک سرجری نہیں کرواوں گی۔

نی زہا ٹو 2 ارب ڈالرز کمانے والی پہلی ایشیائی اینیمیٹڈ فلم بن گئی

بیجنگ (شوبز ڈیسک) جنوری میں ریلیز ہونے والی ایشیائی ملک کی فلم نے 2 ارب ڈالرز سے زیادہ کا بزنس کرکے تہلکہ مچا دیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق دنیا بھر میں چین کی اینیمیٹڈ فلم نی زہا 2 کی نمائش کامیابی کے ساتھ جاری ہے، یہ ایک کارٹون اینیمیٹڈ فلم ہے جو 2 ارب ڈالرز سے زائد کی کمائی کرنے والی پہلی ایشیائی فلم بن گئی ہے۔ ابھی نی زہا 2 آئندہ ہفتوں میں چند اور ممالک میں بھی ریلیز ہوگی جس سے اس کی آمدنی میں مزید اضافے کا امکان ہے، اس وقت بھی نی زہا 2 دنیا میں سب سے زیادہ کمائی کرنے والی فلموں میں چھٹے نمبر پر ہے۔ یاد رہے کہ سب سے زیادہ بزنس کرنے والی اینیمیٹڈ فلم کا اعزاز انسائیڈ آؤٹ 2 کے پاس تھا جس نے 2027 میں ایک ارب 70 کروڑ ڈالرز کا بزنس کیا تھا۔



چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز



معیشت نامہ

دارالعلوم غوثیہ حنفیہ حافظ آباد کے زیراہتمام 10 روزہ تربیتی سیمینار اختتام پذیر ہو گیا

سیمینار کی آخری نشست جامع مسجد چشتیہ قادریہ محلہ ڈہاب والہ میں زیر صدارت، جماعت اہل سنت کے مرکزی رہنما علامہ پیر سید فدا حسین شاہ منعقد ہوئی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) دارالعلوم غوثیہ حنفیہ حافظ آباد کے زیر اہتمام 10 روزہ تربیتی سیمینار اختتام پذیر ہو گیا۔ سیمینار کی آخری نشست جامع مسجد چشتیہ قادریہ محلہ ڈہاب والہ میں زیر صدارت جماعت اہل سنت کے مرکزی رہنما علامہ پیر سید فدا حسین شاہ منعقد ہوئی۔ دس روزہ سیمینار میں پیر سید سجاد حیدر شاہ نقوی اور علامہ صاحبزادہ حافظ محمد اسامہ اجمل قادری نے مختلف علمی فکری و تربیتی موضوعات پر لیکچرز دیئے۔ سیمینار میں علامہ قاری محمد یوسف نقشبندی، صدر مدرس دارالعلوم غوثیہ حنفیہ قاری محمد اجمل نقشبندی، علامہ احمد سعید سیال، صدر انتظامیہ حاجی محمد بشیر احمد خالقی، پروفیسر حافظ محمد عزیز الرحمن، پروفیسر حافظ صہیب یوسف سمیت علماء، حفاظ اور طلباء کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے جماعت اہل سنت کے مرکزی رہنما علامہ پیر سید فدا حسین شاہ نے کہا کہ علمِ دین سیکھنا صرف کسی ایک خاص گروہ کا کام نہیں بلکہ اپنی ضرورت کی بقدر علم سیکھنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔ لیکن نہایت افسوس کی بات ہے کہ آج مسلمانوں کی اکثریت علمِ دین سے دُور نظر آتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ حسد، بغض، کینہ، تکبر، غیبت، چغلی، بہتان سمیت دیگر امور کے مسائل کا جاننا فرض ہے، لیکن ایک بڑی تعداد کو ان کی تعریف کا پتہ تک نہیں، بلکہ ان کی فرضیت تک کا علم نہیں۔ معاملاتِ زندگی کو سرانجام دینے کے لیے بھی ہر طرف ایک اندھیر نگری مچی ہوئی ہے۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہر شخص خود بھی دین کا علم سیکھے، اپنے بچوں کو بھی دین کا علم سکھائے اور اپنے حلقہ احباب کو بھی علم سیکھنے کی طرف لائے۔ سیمینار کے اختتام پر 105 شرکاء میں اعزازی اسناد بھی تقسیم کی گئیں۔

مقامی ہال میں وزڈم سکول سسٹم گھنگ روڈ شیخوپورہ کی طرف سے سالانہ تقسیم انعامات کی تقریب کا انعقاد کیا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مقامی ہال میں وزڈم سکول سسٹم گھنگ روڈ شیخوپورہ کی طرف سے سالانہ تقسیم انعامات کی تقریب کا انعقاد کیا گیا جسکی صدارت سکول پرنسپل مسز سمیرا نوید مغل نے کی جبکہ تقریب میں ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز شیخوپورہ محترمہ عظمٰی ادریس نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی اس دوران سکول کے چھوٹے چھوٹے بچے اور بچیوں نے ٹیبلو شو پیش کرتے ہوئے تقریب کو چار چاند لگا دیئے سالانہ تقریب تقسیم انعامات میں پریس کلب شیخوپورہ کے سینئر نائب صدر یوسف سعید کھوکھر سکول پرنسپل اور بچوں کے والدین و اساتذہ میں مس افشاں بٹ، مس عائشہ صدیقہ، مس کنول شہزادی، مس صباء ارشد، مس ارم شہزادی، مس افشین احمد سمیت دیگر سٹاف نے بھی بھرپور شرکت کی تقریب کے دوران پوزیشن ہولڈرز بچوں میں تقریب کی مہمان خصوصی ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز محترمہ عظمٰی ادریس نے بچوں میں انعامات اور شیلڈز تقسیم کیں اس موقع پر مہمان خصوصی محترمہ عظمٰی ادریس اور پرنسپل مسز سمیرا نوید مغل نے میڈیا سے مشترکہ گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم پوزیشن ہولڈر بچوں اساتذہ اور والدین کو مبارکباد دیتے ہیں۔

دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائی سفاکانہ فعل ہے: امتیاز علی وریاہ

ٹرین مسافر یرغمال بنانے کی مذمت کرتے ہیں۔ سابق صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) کوئٹہ سے پشاور مسافر ٹرین کو روک کر خواتین و بچوں سمیت سینکڑوں مسافروں کو یرغمال بنانے کا عمل کسی طور بھی قابل قبول نہیں اس کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے اور اس دوران ہوئی پاکستانیوں کی شہادتوں پر شہداء کی فیملیز کیساتھ اظہار تعزیت کرتے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار معروف رئیل اسٹیٹ بزنس مین چوہدری امتیاز علی وریاہ سابق صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ نے سینیئر صحافیوں کیساتھ افطار ڈنر کے دوران کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہم سب پاکستانیوں کو ملک و قوم کی ترقی و خوشحالی کے لئے مل کر کام کرنا ہوگا۔ پاکستان ہے تو ہم ہیں اس کی معیشت کو مضبوط کر کے دنیا میں پاکستان کو معاشی طور پر ناقابل تسخیر بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ملک و قوم کے اندرونی بیرونی سرحدی محافظ ملک و قوم کی آنکھ کا تارا ہیں۔ قومی سلامتی کے سیکیورٹی ادارے ہمارا وقار اور ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں۔ ہمارے شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں ہمیں موجودہ حالات میں قومی یکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملک کے لئے ایک ہو کر دہشتگردوں کے مذموم مقاصد کو خاک میں ملا کر وطن عزیز کو بحرانوں سے نکالنا ہے۔

امن دشمنوں کی بزدلانہ کارروائیاں ہمارے حوصلے پست نہیں کر سکتیں: جاوید گورائیہ

دہشتگردی کے خاتمے کیلئے ہم اپنے اداروں کے ساتھ ہیں: ضلعی صدر مسلم لیگ

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) امن دشمنوں کی بزدلانہ کارروائیاں ہمارے حوصلے پست نہیں کر سکتیں پاک فوج کے جوانوں نے ہمیشہ بہادری دکھائی ایک خاص ایجنڈے کے تحت ملک میں خانہ جنگی کا خواب دیکھنے والوں کو مایوسی ہوئی تمام مسافروں کو رہا کروا لیا گیا ہے جس پر آپریشن میں حصہ لینے والے بہادر جوانوں کو سلام پیش کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ کے ضلعی صدر چوہدری جاوید اقبال گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ مسلم لیگ جعفر ایکسپریس پر دہشتگردوں کے حملے کی پرزور مذمت کرتی ہے ہم قیام امن کیلئے اپنے اداروں کے ساتھ ہیں دہشتگردوں کو کسی صورت بھی پنپنے نہیں دیں گے۔

سانحہ جعفر ایکسپریس سے پوری قوم شدید صدمے میں ہے: راجہ مجاہد افسر



چوآسیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) معروف سماجی شخصیت راجہ مجاہد افسر ڈنڈوت کا بلوچستان میں جعفر ایکسپریس کیساتھ پیش آنے والے واقعہ کی پرزور مذمت کرتے ہوئے کہنا ہے کہ سانحہ جعفر ایکسپریس سے پوری قوم شدید صدمے میں ہے اور معصوم جانوں کے ضیاع پر غم زدہ ہے، دشمن نے بزدلانہ کارروائی کر کے پاکستان کا امن خراب کرنے کی کوشش کی جو انتہائی قابل مذمت عمل ہے، انہوں نے کہا کہ ہماری سیکیورٹی فورسز نے ایک بار پھر کامیاب آپریشن کر کے ملک دشمن عناصر کو یہ پیغام دیا کہ وطن عزیز کے دشمن جہاں بھی ہونگے انہیں کسی صورت معاف نہیں کیا جائیگا، راجہ مجاہد افسر ڈنڈوت نے شہدا کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور سانحہ میں زخمی افراد کی جلد صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔

خواتین اپنی صلاحیتوں کے مطابق اہم کردار ادا کریں: کمشنر ساہیوال

معاشرے کی متوازن ترقی، گھر کی معاشی خوشحالی اور نوجوان نسل کی بہتر تربیت کے لئے خواتین کا کردار ضروری ہے

ساہیوال (مہر اے ڈی کیسم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے کہا ہے کہ معاشرے کی متوازن ترقی، گھر کی معاشی خوشحالی اور ڈے کے سلسلے میں پنجاب کمیشن برائے حقوق خواتین کے زیراہتمام سیمینار کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں خواتین اساتذہ اور

نوجوان نسل کی بہتر تربیت کے لئے ضروری ہے کہ خواتین اپنی صلاحیتوں کے مطابق اہم کردار ادا کریں اور مردوں کے شانہ بشانہ تعمیر معاشرہ میں حصہ ڈالیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ معاشرے میں خواتین بارے موجود منفی رویوں کو دور کیا جائے اور ان کی ہر شعبے میں گراں قدر خدمات کو تسلیم کرتے ہوئے ان کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ انہوں نے یہ بات گورنمنٹ گریجویٹ کالج میں انٹرنیشنل وومن طالبات کی بڑی تعداد نے بھی شرکت کی۔ انہوں نے طالبات پر زور دیا کہ وہ اپنی صلاحیتوں کے بھرپور اظہار کے لئے خود مواقع پیدا کریں اور عملی زندگی کے چیلنجز کا سامنا کرنے کے لئے خود کو مضبوط بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ اپنی صلاحیتوں بارے آگاہی سے ہی ہر عورت معاشرے میں اپنا منفرد مقام حاصل کر سکتی ہے جس کے لئے ہمہ گیر جدوجہد کی ضرورت ہے۔

اوکاڑہ زاہد عمران خاں جنجوعہ کی ڈی ایس پی کلیم اللہ سے ملاقات

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ) اوکاڑہ زاہد عمران خاں جنجوعہ نے ڈی ایس پی کلیم اللہ سے ان کے آفس ملاقات کی اور انکو عمرے کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ عمرے کی سعادت حاصل کرنا ہر مسلمان کی دلی خواہش ہوتی ہے کہ اللہ رب العالمین کے گھر کا طواف اور روضہ رسول ﷺ کی زیارت کرے، یہ ایک ایسا فطری عمل ہے جو ہر مسلمان میں موجود ہوتا ہے، اور بیشتر مسلمان اس دلی خواہش کو پورا کرنے کے لیے ایک ایک پائی جمع کر کے اپنے دل کو سکون پہنچانے کے لیے اللہ کے گھر اور روضہ رسول جاتے ہیں، انہوں نے کہا کہ ہماری دعا ہے کہ اللہ پاک اپنے گھر کی ہر مسلمان کو زیارت کروائے اور اس نیک خواہش کو پورا کرنے کی ہمت و طاقت عطا فرمائے۔ اس موقع پر ڈی ایس پی کلیم اللہ نے کہا کہ عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے بعد ایک قلبی سکون ملا ہے، اپنے دورہ سعودی عرب کے دوران اپنے ہم وطنوں سے بھی ملاقات ہوئی جنہوں نے بھرپور محبت اور خلوص سے نوازا، ان کی محبت جو کبھی بھی صورت فراموش نہیں کر سکتا۔

تھانہ کسووال کی بڑی کارروائی 02 کس منشیات سمگلرز رنگے ہاتھوں گرفتار

ساہیوال (مہر اے ڈی کیسم سپرا سے) تھانہ کسووال کی بڑی کارروائی 02 کس منشیات سمگلرز رنگے ہاتھوں گرفتار، ملزمان کے قبضہ سے 12 کلو چرس برآمد۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کا ویژن "منشیات سے پاک پنجاب" ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمٰن خان کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ کسووال سب انسپکٹر ذیشان بشیر ڈوگر نے ہمراہ ٹیم کارروائی کرتے ہوئے 02 کس منشیات سمگلرز کو 12 کلو چرس سمیت رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے ملزمان کے خلاف امتناع منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا۔ معاشرے کو منشیات جیسے ناسور سے پاک کرنے کے لیے ساہیوال پولیس اپنا کردار نہایت جانفشانی اور محنت سے ادا کر رہی ہے۔

سڑکوں کی بحالی کا کام معیاری اور مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے گا: ڈپٹی کمشنر

ساہیوال (مہر اے ڈی کیسم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود نے کہا ہے کہ ساہیوال گوگیرہ روڈ اور پاک ایونیو سے شادمان ٹاؤن تک سڑکوں کی بحالی کا کام معیاری اور مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے گا اور ترقیاتی منصوبوں میں کسی بھی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار سڑکوں کی بحالی کے کام کے اچانک معائنے کے دوران کیا جہاں انہوں نے جاری کام کی رفتار اور معیار کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ محمد اکرم وٹو، ایس ڈی او محکمہ ہائی وے محمد طاہر سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے جنہوں نے انہیں منصوبے کی پیش رفت پر بریفنگ دی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ محمد اکرم وٹو نے بتایا کہ ساہیوال کو گیرہ روڈ 25 کلو میٹر طویل سڑک کے منصوبے پر لاگت کا تخمینہ 37 کروڑ 70 لاکھ روپے جبکہ پاک ایونیو سے شادمان ٹاؤن سکیم پر 6 کروڑ روپے خرچ کیے جا رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے ہدایت کی کہ عوامی مفاد کے اس منصوبے کو جلد مکمل کیا جائے تاکہ شہریوں کو بہتر سفری سہولت میسر آ سکے۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی کاموں میں شفافیت اور معیار کو یقینی بنانے کے لیے مسلسل نگرانی جاری رہے گی اور کسی بھی قسم کی غفلت یا تاخیر پر سخت ایکشن لیا جائے گا۔ دریں اثنا انہوں نے ماڈل بازار میں قائم رمضان سہولت بازار کا اچانک دورہ کیا اور اشیائے خورد و نوش کی دستیابی اور قیمتوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے مختلف اسٹالوں پر جا کر سبزی، پھل، آٹا، دالیں اور چینی سمیت دیگر اشیائے ضروریہ کی مقررہ نرخوں پر دستیابی اور سٹاک کا معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ رمضان المبارک میں عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔

معروف معالج حاجی قمر حنیف کے بھانجے فیضان رسول سعودی عرب کے شہر الریاض میں انتقال کر گئے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) پنجاب ٹیچرز یونین کے سابق راہنما ماسٹر محمد حنیف کھوکھر مرحوم کے جواں سال نواسے اور بڑی جوڑ کے معروف معالج حاجی قمر حنیف کے بھانجے فیضان رسول سعودی عرب کے شہر الریاض میں انتقال کر گئے جنکی میت گذشتہ روز یہاں پہنچنے پر انکی نماز جنازہ قبرستان گڑھی اعوان میں ادا کی گئی جس میں تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

سرکل کے پانچوں تھانوں کی حدود میں چوری ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) سرکل کے پانچوں تھانوں کی حدود میں چوری ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ، 13 مختلف وارداتوں میں شہری نقدی، طلائی زیورات، موبائل فونز و دیگر قیمتی اشیاء سے محروم ہو گئے۔ محلہ رحمت پورہ کے محمد عمران کے دراز سے نقدی 70 ہزار، موبائل فون مالیتی 20 ہزار چوری پل نہر کے عثمان علی کی 2 عدد ریڑھیاں، 15 خربوزہ، 10 سیب کی پیٹیاں، کیلا کے 10 گچھے مالیتی ایک لاکھ 10 ہزار روپے چوری عمیر احمد سے دو نامعلوم موٹر سائیکل سوار ملزمان نے نقدی 6 ہزار موٹر سائیکل مالیتی ایک لاکھ 50 ہزار، ڈرائیونگ لائسنس، شناختی کارڈ، اے ٹی ایم کارڈ چھین لیا کالج روڈ کے نعمان کا برگر شاپ سے موبائل فون مالیتی 25 ہزار چوری مچھلی بازار سے رانا حنان جمیل کا موبائل مالیتی 20 ہزار چوری دھدوبسراء کے عرفان علی کی الیکٹرک موٹر مالیتی 35 ہزار چوری آڈھا کا محمد عمران چھوٹے بھائی کے ہمراہ سیالکوٹ سے آ رہا تھا 4 نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر نقدی 80 ہزار لے گئے۔

سڑکوں کے دونوں اطراف دھول مٹی میں سموسوں پکوڑوں کی دکانیں بیماریاں فروخت کرنے میں مصروف

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر اور اسکے گردنواح میں رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں سڑکوں کے دونوں اطراف دھول مٹی میں سموسوں پکوڑوں کی دکانیں بیماریاں فروخت کرنے میں مصروف دکاندار حفظان صحت کے اصولوں کے برعکس اور حفاظتی تدابیر اختیار کئے بغیر فروخت جاری رکھے ہوئے ہیں پنجاب فوڈ اتھارٹی کے ذمہ داران کی عدم دلچسپی۔ کیو جہ سے شہر سمیت ضلع بھر کی سڑکوں کے اطراف قائم ہونے والی سموسوں پکوڑوں کی دکانیں بیماریاں تقسیم کرنے لگیں ناقص و غیر معیاری تیل میں تیار ہونے والے پکوڑوں سموسوں کے استعمال سے شہری ہیپاٹائٹس اور پیٹ کے امراض میں مبتلا ہونے لگے ان اشیاء کو دھول مٹی سمیت مکھی مچھروں سے بچانے کیلئے نہ تو دکانداروں نے جالیاں لگائی ہیں اور نہ ہی مکمل طور پر ڈھانپا جاتا ہے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارکردگی سوالیہ نشان بن چکی ہے شہریوں نے ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

موٹر سائیکل سینڈ کی پرچی فیس 60 روپے سرعام وصول کیے جا رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد اسسٹنٹ کمشنر گوجرانوالہ ایک نظر کرم ادھر بھی کرے عوام کو سرعام لوٹا جا رہا ہے

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سیشن کورٹ کے باہر موٹر سائیکل سینڈ کی پرچی فیس 60

روپے سرعام وصول کیے جا رہے ہیں ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد اسسٹنٹ کمشنر گوجرانوالہ ایک نظر کرم ادھر بھی کرے عوام کو سرعام لوٹا جا رہا ہے گوجرانوالہ سیشن کورٹ کے باہر موٹر سائیکل سینڈ پرچی فیس 10 کی بجائے 60 روپے لے کر عوام کو لوٹ رہے ہیں اگر کوئی کہے ڈی سی صاحب نے تو اعلان کیا ہے اور کہا ہے ہر سٹینڈ والا 10 روپے سٹینڈ کی پرچی فیس لے گا تو آگے سے جواب ڈی سی صاحب کے پاس ہی موٹر سائیکل کھڑی کر آؤ گوجرانوالہ سیشن کورٹ میں آنے والے شہریوں نے ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ اسسٹنٹ کمشنر گوجرانوالہ سے مطالبہ کیا اس طرح کے موٹر سائیکل سٹینڈ والوں کے خلاف سخت سے سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے اور انتظامیہ کی طرف سے سرکاری پرچی فیس کی فلیکس لگائی جائے تاکہ سٹینڈ والے زیادہ پیسے نہ وصول کرے۔

مایوسی کفر اور پریشانیوں کا علاج قرب الٰہی ہے: رانا محمد عرفان

اللہ تعالٰی کیساتھ رجوع کرنے میں دنیاوی واخروی کامیابی ہے۔ Ceo سیالکوٹ سویٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) مسلمان کبھی بھی نامساعد حالات و پریشانیوں میں مایوس نہیں ہوتا کیونکہ اللہ تعالی کا قرآن میں فرمان ہے کہ اے بندے میری رحمت سے مایوس نہ ہو. ہمارے نبی آخر الزماں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی مایوسی کو کفر سے تعبیر کیا اور پریشانیوں کا واحد حل قرب الہی میں مشغول رہنے میں دیا۔ ان باتوں کا اظہار معروف سکالر وسی ای او سیالکوٹ سویٹس اینڈ بیکرز حاجی رانا محمد عرفان نے ملاقات کیلئے آئے عمائدین شہر کیساتھ ملاقات کے موقع پر کیا۔ انہوں نے کہا کہ سخت حالات ہوں یا پریشانی و مشکلات اس سب کا واحد حل اپنے اللہ تعالی سے رجوع کرنے میں ہے اس سے کشائش اور فضل کرم رحمت کی خواستگاری میں ہے کہ بندہ جب اپنے آپ کو اپنے خالق و مالک کے سپرد کرتا ہے تو اللہ تعالی اپنے بندے کو بیشمار وسیلے بنا کر مشکلات و پریشانیوں سے نکال لیتا ہے۔

معالج ڈاکٹرز کی قدر کیجئے جو پڑھے لکھے مزدور ہیں: ڈاکٹر غلام قادر میو

ڈاکٹر گھریلو فنکشنز، ذاتی امور وفیملیز پس پشت ڈال ڈیوٹی کرتے ہیں

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) معالج، ڈاکٹر، طبیب کہیں یا مسیحا یہ معاشرے کے وہ انسان ہیں جو آن ڈیوٹی ہمیشہ اپنے مریضوں کے علاج معالجہ اور انکی زندگیاں بچانے کے لئے عملاً کوشاں ہوا کرتے ہیں۔ یہ وہ پڑھے لکھے مزدور ہیں جو 24 سے 48 گھنٹے ڈیوٹی بھی دیتے ہیں اور آپکو 24 / 7 دستیاب بھی ہوتے ہیں۔ عید جمعہ اور تہواروں پر جب آپکو ایک الیکٹریشن یا پلمبر تک مہیا نہیں ہوتا ڈاکٹر آن ڈیوٹی ہوتے ہیں۔ سینیئر میڈیا نمائندگان کیساتھ افطار کے موقع پر فکری نشست کے دوران ڈاکٹر راؤ غلام قادر میو کا کہنا تھا کہ ساری دنیا ڈاکٹرز سے favours لیتی ہے۔ لوگ غربت کی داستانیں سنا کر مفت چیک کرا لیتے ہیں مگر کوئی ان کی favour نہیں کرتا نہ کوئی concession دیتا ہے۔ بینک ہو نادرا یا کوئی بھی سرکاری دفتر ہر جگہ انہیں لائن میں کھڑا کیا جاتا ہے × کسی بھی دکان یا مکینک کی شاپ پر جائے تو ڈبل پیسے لئے جاتے ہیں اور ایمرجنسی میں ہر کوئی ان سے ترجیح چاہتا ہے۔ مسیحا کے نام پر لوگوں کے تلخ رویے برداشت کرنا اور گھریلو نجی فنکشنز پر ہسپتال میں ڈیوٹیاں دینے والے کوالیفائیڈ مزدوروں کو میرا سلام ہے۔

CRIME
& COURT
جرم و سزا

پاک آرمی کے جوانوں کو سلام پیش کرتے ہیں: چوہدری نثار گجر

ملک دشمن عناصر سن لیں ہم اپنا دفاع کرنا جانتے ہیں: شہباز علی قادری

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) پاک آرمی کے جوانوں کو سلام پیش کرتے ہیں جعفر ایکسپریس کے مسافروں کو رہا کروانا مثالی اور تاریخی کارنامہ ہے مسافروں کی موجودگی کے باوجود بی ایل اے کے دہشتگردوں کو چن چن کر مارا گیا ہمارے جوانوں نے دلیری اور بہادری کا ثبوت دیا قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا گیا ہے اداروں نے ملک دشمنوں کو بتا دیا ہے کہ ہم اپنا دفاع کرنا اچھے سے جانتے ہیں ان خیالات کا اظہار تحریک منہاج القرآن پی پی 136 کے صدر چوہدری نثار احمد گجر اور ناظم شہباز علی قادری نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ مسافروں کو شہید کیا گیا جس پر افسوس ہے نفرت پھیلانے والے جان لیں ہم پاک فوج کے جوانوں سے محبت کرتے ہیں بزدلانہ کارروائیوں سے نہ پہلے ڈرے تھے اور نہ اب ڈریں گے وطن عزیز کا دفاع ہر صورت یقینی بنائیں گے۔

تجاوزات آپریشن کی زد میں آنے والے متعدد دوکانداروں کی پیمائش فائنل

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) تجاوزات آپریشن کی زد میں آنے والے متعدد دوکانداروں کی پیمائش فائنل، کام کرنے کی اجازت مل گئی۔ صوبائی وزیر بلدیات پنجاب میاں ذیشان رفیق کی خصوصی ہدایت پر چیئرمین مرکزی انجمن تاجران ڈسکہ سٹی صدر مسلم لیگ ن محمد افضل منشاء، صدر مرکزی انجمن تاجران میاں محمد اشرف، ڈاکٹر رومان اشعر نے اسسٹنٹ کمشنر عثمان غنی سے ملاقات کی اور تجاوزات آپریشن کی زد میں آنے والے تاجروں کے حوالہ سے تبادلہ خیال کیا گیا جس پر اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ کی طرف سے ان دوکانداروں کو جن کی نشاندہی کے بعد پیمائش فائنل ہو گئی ہے ان کو دوکانوں پر شٹر لگا کر کام کرنے کی اجازت دے دی گئی ہے تاکہ وہ اپنا روزگار جاری رکھ سکیں جس پر تاجر برادری نے خوشی و مسرت کا اظہار کیا

بی ایچ یو جنڈیالہ کلساں کی سابق خاتون ایم او کی دو سال کی سالانہ ترقی روک لی گئی

ڈاکٹر سدرہ جاوید نے غیر حاضر رہنے کے باوجود رجسٹر ٹیمپر کر کے حاضری لگا: ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر

سٹی پریس کلب نے معاملہ اٹھایا تو محکمہ صحت نے پیڈا ایکٹ کے تحت کارروائی کی: تنخواہیں واپس لے لیں

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) بنیادی مرکز صحت جنڈیالہ کلساں کی سابق خاتون میڈیکل آفیسر کی دو سال کی سالانہ ترقی روک لی گئی غیر حاضر رہنے کی تنخواہیں بھی کاٹ بنیادی مرکز صحت جنڈیالہ کلساں میں بطور میڈیکل آفیسر تعینات ڈاکٹر سدرہ جاوید اکثر غیر حاضر رہتی تھی اور جب بھی ڈیوٹی پر آتی تو گزشتہ ایام کی تمام حاضریاں لگا لیتی تھی ڈی ایچ او شیخوپورہ اور ڈی ڈی ایچ او مرید کے نے اچانک دورہ کیا تو موصوفہ حسب روایت غیر حاضر تھی جس پر دونوں افسران نے لیڈی ڈاکٹر کی رجسٹر حاضری پر غیر حاضری لگا دی موصوفہ کو علم ہونے پر اگلے روز ہسپتال پہنچ گئی اور رجسٹر ٹمپر کر کے افسران بالا کی لگائی گئی غیر حاضری کو حاضری میں تبدیل کر دیا سٹی پریس کلب نارنگ نے رجسٹر ٹمپرنگ کا سنگین معاملہ اٹھایا تو ڈی جی ہیلتھ پنجاب نے انکوائری کرتے ہوئے لیڈی ڈاکٹر کو قصور وار ٹھہرایا اور رپورٹ سیکرٹری ہیلتھ کو بھیج دی جس پر مائنر سزا دیتے ہوئے دو سال کی سالانہ ترقی روک لی گئی اور جتنے ماہ غیر حاضر رہیں بغیر تنخواہ کے چھٹی منظور کر لی گئی ہے۔

عوامی ریلیف کے پیش نظر اشیائے خورونوش کی کوالٹی اور قیمتوں کا جائزہ

مختلف امور کی نگرانی کریں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے عملہ کو رمضان سہولت بازار میں صفائی ستھرائی کا خصوصی خیال رکھنے کے لیے بھی ہدایات جاری کیں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب کا اسسٹنٹ کمشنر احسن ممتاز کے ہمراہ رمضان سہولت بازار میں عوامی ریلیف کے پیش نظر اشیائے خورونوش کی کوالٹی اور قیمتوں کا جائزہ، انہوں نے رمضان سہولت بازار میں خریداروں سے تاثرات دریافت کیے اور مختلف سٹالز پر اشیاء ضروریہ کی چیکنگ کی، انہوں نے رمضان سہولت بازار میں مارکیٹ کمیٹی کے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مختلف امور کی نگرانی کریں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے عملہ کو رمضان سہولت بازار میں صفائی ستھرائی کا خصوصی خیال رکھنے کے لیے بھی ہدایات جاری کیں، انہوں نے کہا کہ رمضان سہولت بازار حکومت پنجاب عوامی سہولت کے مظہر ہے، ان میں عوامی ریلیف کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں، تمام امور کی بھرپور انداز میں مانیٹرنگ بھی کی جائے اور مقررہ اوقات کے دوران اشیائے خورونوش وافر مقدار میں موجود ہونی چاہئیں۔

موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں اضافہ، مختلف واقعات میں شہری موٹر سائیکلوں سے محروم

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں اضافہ مختلف واقعات میں شہری موٹر سائیکلوں سے محروم۔ آڈھا کے محمد شہباز، جیسر والا کے بشارت علی کی گھر کے باہر سے موٹر سائیکل چوری، مین بازار کے نعمان انور کی توصیف مارکیٹ کے باہر سے سمبڑیال روڈ کے پطرس کی ایم سی بی بینک کے باہر سے موٹر سائیکلیں چوری پولیس نے مقدمات درج کر لئے

ڈائمنڈ ملز سفائر گروپ آف انڈسٹریز میں افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈائمنڈ ملز سفائر گروپ آف انڈسٹریز میں افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا جس میں پی آر او پولیس ٹریننگ کالج این ایچ ایم پی شیخوپورہ سید محمد قوی حیدر زیدی، ایس ایچ او تھانہ بھکھی جمشید اقبال، چوکی انچارج فیروز وٹواں اے ایس آئی شمشاد ولی و دیگر نے شخصیات نے شرکت کی شرکاء کی میزبانی سینئر ایڈمنسٹریٹر ملز میجر سید اکبر شاہ نے کی۔

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے رمضان سہولت بازار، رمضان نگہبان پیکج کی تقسیم کے سنٹر اور ماڈل ریڑھی بازار کا دورہ کیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے رمضان سہولت بازار، رمضان نگہبان پیکج کی تقسیم کے سنٹر اور ماڈل ریڑھی بازار کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے رمضان سہولت بازار اور ماڈل ریڑھی بازار میں سبزیوں، پھلوں اور دیگر اشیاء کی دستیابی، قیمتوں اور کوالٹی کا جائزہ لیا جبکہ رمضان نگہبان پیکج کی تقسیم کے سنٹر کے دورہ کے موقع پر انہوں نے مستحقین میں رقوم کی تقسیم اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے رمضان سہولت بازار کے دورہ کے موقع پر آٹا، چینی، سبزیوں، فروٹ اور دیگر اشیاء کے سٹالز کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے مارکیٹ کمیٹی کے افسران کو ہدایت کی کہ رمضان بازار بند ہونے تک تمام سٹالز پر اشیائے خورونوش کی وافر دستیابی یقینی ہونی چاہیے تاکہ عوام کو سستی اشیاء کی خریداری میں کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ڈپٹی کمشنر نے کسوکی روڈ پر قائم ماڈل ریڑھی بازار کا بھی اچانک دورہ کیا۔

عوامی خدمت کا سفر جاری رہے گا: رانا ندیم اقبال

پارٹی کارکنان اور عوامی مسائل کے حل کے لئے ہر وقت حاضر ہوں کیونکہ مسلم لیگ کا منشور عوامی خدمت ہے

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) عوامی خدمت کا سفر جاری رہے گا رانا ندیم اقبال تفصیلات کے مطابق مسلم لیگ یوتھ ونگ سٹی ننکانہ کے صدر رانا ندیم اقبال نے اپنے آفس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی وزیر مملکت ڈاکٹر شزرہ منصب اور مہر کاشف رنگ الہی پڈھیار ایم پی اے نے ترقیاتی کاموں کا جال بچھا کر پارٹی کارکنان اور عوام کے دل جیت لئے ہیں مسلم لیگ یوتھ ونگ سٹی ننکانہ ان کا ہراول دستہ ہے اور ہر وقت اپنے مقامی قائدین کے ساتھ ہے میں ان کی قیادت میں پارٹی کارکنان اور عوامی مسائل کے حل کے لئے ہر وقت حاضر ہوں کیونکہ مسلم لیگ کا منشور عوامی خدمت ہے اس لئے عوامی خدمت کا سفر جاری رکھوں گا عوامی خدمت مجھے وراثت میں ملی ہے انشاءاللہ اس مشن کی تکمیل کیلئے اپنی تمام تر توانائیاں بروئے کار لاؤں گا۔

جعفر ایکسپریس واقعے میں ملوث دہشتگردوں کو چن چن کر مارا گیا: ضرغام گورائیہ

پاکستان نے دہشتگردی کے خلاف بے شمار قربانیاں دی ہیں: صہیب گورائیہ

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) سانحہ جعفر ایکسپریس میں دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے والے جوانوں کو سلام پیش کرتے ہیں بہادر جوانوں نے ایک بار پھر ثابت کر دیا ہے کہ ریاست سے بڑھ کر کچھ نہیں ہے مسافروں کو یرغمال بنانے کے باوجود دہشتگردوں کو چن چن کر مارا گیا اور کوئی دباؤ نہیں آنے دیا ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما چوہدری ضرغام احمد گورائیہ اور چوہدری محمد صہیب گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ شہید ہونے والے مسافروں کے لواحقین سے اظہار افسوس کرتے ہیں دہشتگردوں کو نشان عبرت بنا دیا جائے قوم اپنے جوانوں کے شانہ بشانہ ہو کر وطن عزیز کا دفاع یقینی بنائے گی پاک آرمی کے جوانوں کمانڈوز اور اسنائپرز نے جرآت اور بہادری کا مظاہرہ کیا جس پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

ڈسکہ: معروف پاکستانی قانون دان علی اشفاق منگی اور دیگر کی جانب سے پاکستانی ایمبیسیڈر سید نوید صفدر بخاری کے اعزاز میں افطار ڈنر کے موقع پر گروپ فوٹو

شہر کے سرکاری و نجی اداروں کے سامنے غیر ضروری ویسٹ پوائنٹس پریشانی کا باعث

شہر کی خوبصورتی متاثر بدبو سے سانس لینا مشکل بیماریاں پھیلنے لگیں: نوٹس لیا جائے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) شہر کے سرکاری و نجی تعلیمی اداروں اور دیگر سرکاری اداروں کے سامنے کوڑا کرکٹ کے ڈھیر انتظامیہ کا منہ چڑانے لگے مچھروں کی بہتات میں اضافہ شہر کا حسن تباہ بدبو سے سانس لینا بھی مشکل ہو چکا انتظامیہ نے عجیب منطق بیان کرتے ہوئے کہا یہاں عارضی ویسٹ پوائنٹس بنائے گئے ہیں یہاں سے کوڑا کرکٹ روزانہ کی بنیاد پر شہر سے باہر بڑے ویسٹ پوائنٹ پر منتقل کر دیا جاتا ہے شہریوں کا کہنا تھا شہر کے تمام تعلیمی اداروں اور سرکاری عمارتوں کے سامنے کوڑا کرکٹ پوائنٹ بنانا کونسی دانشمندی ہے تعلیمی اداروں کے سامنے کوڑا کرکٹ کے ڈھیروں سے طلباء طالبات کا بدبو تعفن سے سانس لینا بھی محال ہے اہل علاقہ نے ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ سے مطالبہ کیا ہے کہ تعلیمی اداروں کے سامنے کوڑا کرکٹ کے لئے بنائے گے پوائنٹ ختم کئے جائیں تاکہ طلباء طالبات خوشگوار ماحول میں تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھ سکیں۔

نیامت ڈکیت گینگ کے 02 ارکان پولیس کے شکنجے میں: کل 12 مقدمات ٹریس

ملزمان کے قبضہ سے 03 لاکھ 40 ہزار روپے نقدی، 04 عدد موٹر سائیکل اور ناجائز اسلحہ برآمد

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) گوجرانوالہ (13 مارچ 2025ء) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں چوروں اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف سخت کارروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔ انہی احکامات کے پیش نظر ڈی ایس پی کینٹ اعجاز احمد کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ اروپ سب انسپکٹر زبیر سیال و دیگران پر مشتمل ٹیم نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے نیامت ڈکیت گینگ کے دو ارکان کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے تین لاکھ چالیس ہزار روپے نقدی، چار عدد موٹر سائیکلیں اور ناجائز اسلحہ برآمد کر لیا۔ کل 12 مقدمات ٹریس۔ گرفتار کیے گئے ملزمان میں نیامت اور افتخار شامل ہیں۔ ابتدائی تفتیش میں گینگ کے ملزمان نے انکشاف کیا کہ انہوں نے گوجرانوالہ اور اس کے مضافات میں ڈکیتی کی وارداتیں کی ہیں۔ ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی جاری ہے۔ سماج دشمن عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں کرنے پر لوگوں کا مقامی پولیس کو زبردست خراج تحسین۔ اس موقع پر سی پی او کا کہنا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر معاشرے کا ناسور ہیں ان کا اصل ٹھکانہ جیل ہے۔ ان کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ سی پی او نے ایس ایچ او تھانہ اروپ سب انسپکٹر زبیر سیال انکی پولیس ٹیم کے جوانوں کو اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر شاباش دی۔

ایڈیشنل سیشن جج جاوید اقبال نے تھانہ سٹی کے ریپ کیس کا فیصلہ سنا دیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ایڈیشنل سیشن جج جاوید اقبال نے تھانہ سٹی کے ریپ کیس کا فیصلہ سنا دیا۔ عدالت نے جرم ثابت ہونے پر ملزم افتخار کو عمر قید اور ایک لاکھ روپے جرمانہ کی سزا سنا دی۔ ملزم افتخار نے علاقہ تھانہ سٹی سے (س) کو اغواء کر کے زنا بالجبر کیا تھا جس کا تھانہ سٹی میں مقدمہ درج ہوا۔ اس حوالے سے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن Never Again کے تحت چنیوٹ پولیس کی جانب سے عملی اقدامات جاری ہیں۔ ریپ کیسز میں معیاری تفتیش کیساتھ ثبوتوں کو بہترین انداز میں عدالت کے سامنے پیش کر کے ملزمان کو سزائیں دلوائی جا رہی ہیں۔

ملک دشمن عناصر کی بزدلانہ کارروائیاں ہماری ہمت اور حوصلے کو متزلزل نہیں کر سکتیں: رانا اسحاق خاں

پتوکی (نامہ نگار) قومی اسمبلی کے سابق رکن رانا محمد اسحاق خاں نے کہا ہے کہ ملک دشمن عناصر کی بزدلانہ کارروائیاں ہماری ہمت اور حوصلے کو متزلزل نہیں کر سکتیں۔ جعفر ایکسپریس پر حملہ دہشت گردوں کی ناکامی کا ثبوت ہے اور پوری قوم اپنی بہادر مسلح افواج اور سیکیورٹی اداروں کے ساتھ کھڑی ہے تاکہ دہشتگردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی عوام اور حکومت ہر حال میں اپنے ملک کے امن و استحکام کو یقینی بنائیں گے۔ دہشتگردوں کا کوئی مذہب، قوم یا نظریہ نہیں ہوتا، وہ صرف اور صرف ملک میں خوف و ہراس پھیلانے کی کوشش کرتے ہیں لیکن پاکستانی قوم نے ہمیشہ قربانیاں دے کر ان کے عزائم کو خاک میں ملایا ہے۔ رانا محمد اسحاق خاں نے مزید کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج، پولیس اور دیگر سیکیورٹی ادارے دن رات محنت کر رہے ہیں اور اپنے خون سے ملک کے امن کو برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ دشمن چاہے جتنی بھی مذموم کارروائیاں کر لے پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کی راہ میں رکاوٹ نہیں بن سکتا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میونسپل کمیٹی پتوکی کے سابق چیئرمین باؤ شیخ محمد ایوب کے انتقال پر ان کے اہلخانہ خرم ایوب، حیدر ایوب، عمر ایوب ایڈووکیٹ سے ملاقات کی اور گہرے رنج و غم کا اظہار کیا۔

حکومت پنجاب نے سلمان اکبر کو حافظ آباد میں نیا اسسٹنٹ کمشنر تعینات کر دیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حکومت پنجاب نے سلمان اکبر کو حافظ آباد میں نیا اسسٹنٹ کمشنر تعینات کر دیا ہے۔ جنہوں نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر فرائض کی ادائیگی شروع کر دی ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر سلمان اکبر نے گزشتہ روز مختلف امتحانی سنٹرز، رمضان سہولت بازار، رمضان نگہبان پیکج کی رقوم کی تقسیم اور ماڈل ریڑھی بازار کا دورہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر کا کہنا تھا کہ حکومتی ہدایات پر عوامی مسائل کا حل ان کی اولین ترجیح ہے۔

گورنمنٹ ٹیکنیکل ہائی سکول سانگلہ ہل میں 35 کلوواٹ سولر سسٹم کا افتتاح

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) جدید اور ماحول دوست توانائی کے فروغ کے لیے گورنمنٹ ٹیکنیکل ہائی سکول سانگلہ ہل میں 35 کلوواٹ سولر سسٹم کا افتتاح کر دیا گیا یہ منصوبہ 15 لاکھ روپے کی لاگت سے المنائی کی مدد سے مکمل کیا گیا۔ افتتاحی تقریب ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو اور سی او ایجوکیشن شازیہ بانو نے شرکت کی اور منصوبے کو تعلیمی ترقی میں ایک انقلابی قدم قرار دیا۔ ضلعی افسران نے اسکول کے پرنسپل ظہور الحسن شاہ کے ہمراہ منصوبے کا افتتاح کیا اور بٹن دبا کر پورے اسکول کو شمسی توانائی پر منتقل کر دیا۔ اس موقع پر سی ای او ایجوکیشن شازیہ بانو کا کہنا تھا کہ یہ منصوبہ نہ صرف اسکول کے بجلی کے اخراجات میں نمایاں کمی لائے گا بلکہ طلبہ کے لیے ایک ماحول دوست اور جدید تعلیمی فضا بھی فراہم کرے گا۔ شمسی توانائی کا استعمال وقت کی اہم ضرورت ہے، اور ہمیں اپنے تعلیمی اداروں کو اس جانب لے کر جانا ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ ننکانہ صاحب ضلع بھر کے اسکولوں کو شمسی توانائی پر منتقل کرنے کا عمل تیزی کیساتھ جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر تسلیم اختر راو نے کہا کہ توانائی کے متبادل ذرائع کا استعمال پائیدار ترقی کی بنیاد ہے اس منصوبے سے اسکول خود کفالت کی جانب بڑھے گا اور بجلی کے بلوں کی بچت سے طلبہ کے لیے مزید سہولیات فراہم کی جا سکیں گی امید ہے کہ دیگر تعلیمی ادارے بھی اس ماڈل کو اپنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس منصوبے کے تحت اسکول کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی گئی ہے، جس سے طلبہ کو گرمیوں میں پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔ اس کے علاوہ، بجلی کے بلوں میں بچت ہونے والے فنڈز کو جدید تعلیمی سہولیات، لیبارٹریز، اور دیگر ترقیاتی منصوبوں پر خرچ کیا جائے گا۔

بڑے پیمانے پر پاکستان کے اندر افطار کا اہتمام کیا جا رہا ہے: فضل الرحمان

پتوکی (نامہ نگار) زکوۃ فاؤنڈیشن آف امریکہ کے زیر اہتمام رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں بڑے پیمانے پر پاکستان کے اندر افطار کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں ملک کے مختلف شہروں پتوکی، فیصل آباد، ٹوبہ ٹیک سنگھ، راولپنڈی، ترنول، مانسہرہ، مظفر آباد، کوٹلی، اسلام آباد اور بری امام میں خصوصی افطار دسترخوان سجائے جا رہے ہیں جہاں روزہ داروں کو بہترین اور وافر مقدار میں کھانے کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔ یہ عظیم الشان افطار پروگرام زکوۃ فاؤنڈیشن آف امریکہ کے پاکستان میں کنٹری ڈائریکٹر فضل الرحمان اور پی ٹی وی سپورٹس فلم اینڈ ڈرامہ اکیڈمی اسلام آباد کے جنرل مینیجر عمران صدیقی کی سرپرستی میں منعقد ہو رہا ہے۔ منتظمین کے مطابق اس اقدام کا مقصد رمضان المبارک کی برکتوں کو عام کرنا اور زیادہ سے زیادہ افراد کو افطار کی سہولت فراہم کرنا ہے۔ فاؤنڈیشن کی جانب سے اس بات کو یقینی بنایا جا رہا ہے کہ افطار کے دوران معیاری کھانے کے ساتھ روزہ داروں کو سہولت اور آرام دہ ماحول فراہم کیا جائے۔ افطار پروگرام کے تحت پورے رمضان المبارک کے دوران مختلف مقامات پر روزانہ ہزاروں افراد کے لیے کھانے کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ اس خصوصی افطار مہم میں مستحق افراد، مزدور طبقہ، مسافر، یتیم، بیوہ خواتین اور دیگر ضرورت مند افراد کو خاص طور پر مدنظر رکھا گیا ہے تاکہ کوئی بھی شخص بھوکا نہ رہے۔ اس کے ساتھ ساتھ عام شہری بھی اس روحانی و بابرکت اجتماع میں شرکت کر کے روزہ افطار کر سکتے ہیں۔ زکوۃ فاؤنڈیشن آف امریکہ کی اس نیکی مہم کو عوامی سطح پر بے حد پذیرائی مل رہی ہے۔ مختلف شہروں میں مقامی افراد، سماجی کارکنان، کاروباری شخصیات اور فلاحی تنظیمیں بھی اس کار خیر میں تعاون کر رہی ہیں۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ بقیہ جات 1

ٹھکانے لگا دیا گیا ہے۔ جنوبی گیٹ کے باہر خودکش حملہ آور نے اپنے آپ کو اڑا دیا، دھماکے کے نتیجے میں 2 جوان زخمی ہیں، دہشت گردوں کی شناخت کا عمل جاری ہے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق 6 حملہ آور مارے گئے جب کہ فورسز کی کارروائی جاری ہے۔ علاقے میں لڑاکا ہیلی کاپٹر گشت کر رہے ہیں اور وقفے وقفے سے فائرنگ کی آوازیں سنائی دے رہی ہیں اور تاحال صورتحال کشیدہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 2

ممبر ہوں گے۔ کمیٹی بلوچستان کی صورتحال اور مسائل کے حل کے لیے سیاسی جماعتوں سے مشاورت کرے گی اور تجاویز کی روشنی میں جامع پالیسی بھی مرتب کرے گی۔ حافظ نعیم الرحمن کمیٹی کی تجاویز کی روشنی میں لائحہ عمل دیں گے۔ امیر جماعت نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ہونے والے واقعات افسوس ناک ہیں، صوبہ کے حالات پر پوری قوم میں تشویش پائی جاتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ جماعت اسلامی موجودہ حالات میں آگے بڑھ کر کردار ادا کرے گی، بلوچستان کے عوام کی محرومیوں کو دور کرنا ہوگا، صوبے کے وسائل پر سب سے پہلا حق صوبے کے عوام کا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 3

ریسکیو آپریشن مکمل کیا ہے، جعفر ایکسپریس پر حملہ بھی بیرون ملک بیٹھی قیادت نے کروایا اور جعفر ایکسپریس ٹرین دہشتگردی کے پیچھے بھارت ہے۔ ترجمان نے کہا کہ بلوچستان میں حالیہ دہشتگردی میں ملوث دہشتگرد افغانستان میں اپنے ساتھیوں سے رابطے میں تھے، اس واقعہ کے دوران ٹریس شدہ کالز میں افغانستان سے رابطوں کا سراغ ملا ہے، دہشتگردوں کی افغانستان میں محفوظ پناہ گاہیں ہیں، پاکستان بارہا افغان عبوری حکومت سے مطالبہ کرتا چلا آیا ہے کہ بی ایل اے جیسے دہشتگرد گروپوں کو اپنی سرزمین کے استعمال سے روکے، پاکستان اپنی سرحدوں کے باہر سے پلان کی جانیوالی دہشتگردی کا شکار ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا تھا کہ ہم سفارتی رابطوں کو اس طرح پبلک فورم پر بیان نہیں کرتے، ماضی میں بھی ہم ایسے واقعات کی مکمل تفصیلات افغانستان کے ساتھ شیئر کرتے رہے ہیں، یہ ایک مسلسل عمل ہے جو جاری رہتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ افغانستان پر ہماری بنیادی ترجیح دوستانہ اور قریبی تعلقات کا فروغ ہے، اس سمت میں تعلقات کا تسلسل اہم ہے، دہشتگردی ہمارے لیے ایک سنجیدہ مسئلہ ہے، ہمارے کئی دوستوں سے ہمارا انسداد دہشتگردی پر تعاون موجود ہے۔

بقیہ بقیہ جات 4

بنائے جانے کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ آسٹریلوی ہائی کمشنر نے کہا کہ ہماری ہمدردیاں متاثرہ افراد اور ان کے خاندانوں کے ساتھ ہیں۔ آسٹریلیا اس مشکل وقت میں پاکستان کے ساتھ کھڑا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 5

تحسین کرتے ہوئے کہا ہے کہ افواج پاکستان نے جانوں پر کھیل کر شہریوں کو بچایا۔ صدر آئی پی پی اور وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کا کہنا تھا کہ پاکستان دشمن عناصر کو ہر قیمت پر ناکامی اور بلوچستان میں افراتفری پھیلانے کی ہر سازش ناکام ہوگی۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ پاک فوج نے دانشمندی اور بہادری کیساتھ یہ آپریشن مکمل کیا۔ قوم ہمیشہ یک جان ہوکر پاک فوج کیساتھ کھڑی ہے۔ ایسے عناصر کی بیخ کنی کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ایف سی کے جوانوں اور معصوم شہریوں کو بھی خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ عبدالعلیم خان نے متاثرہ خاندانوں سے اظہار ہمدردی کیا اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی۔

بقیہ بقیہ جات 6

سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ بے گناہ مسافروں اور معصوم بچوں اور عورتوں کو ڈھال بنانا بزدلی کی بدترین مثال ہے۔ جہنم واصل ہونے والے دہشتگرد نشان عبرت بن چکے ہیں۔ دہشت گردوں کے خلاف آپریشن میں شہید ہونے والے جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتی ہوں۔

بقیہ بقیہ جات 7

محمد احمد خان نے تقریب میں مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کی اور ٹریننگ سیشن کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا کہ "ڈیجیٹل پلیٹ فارمز جمہوریت کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں، تاہم ان پلیٹ فارمز پر غلط معلومات اور گمراہ کن مواد جمہوری اقدار کے لیے سنگین خطرہ ہیں۔" انہوں نے زور دیا کہ "فیکٹ چیکنگ، ذمہ دار ڈیجیٹل گورننس اور پلیٹ فارم کی جوابدہی ناگزیر ہے تاکہ غلط معلومات کا بروقت سدباب کیا جاسکے۔" ملک محمد احمد خان نے کہا کہ "پنجاب اسمبلی ڈیجیٹل غلط معلومات کے خلاف مؤثر اقدامات کے لیے پرعزم ہے۔ آزادی اظہار کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے، مگر غلط معلومات کی روک تھام بھی انتہائی ضروری ہے تاکہ جمہوری اقدار کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔" انہوں نے مزید کہا کہ "ڈیجیٹل گورننس میں شفافیت اور جوابدہی کو یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ آن لائن ہراسانی خواتین کی آوازوں کو خاموش کرتی ہے، جس کے تدارک کے لیے مؤثر اقدامات اور قوانین کی ضرورت ہے۔" اسپیکر پنجاب اسمبلی نے کہا کہ "صنفی بنیادوں پر تشدد کی روک تھام کے لیے موجودہ قوانین کو مزید مؤثر اور جامع بنایا جائے گا، تاکہ خواتین کو محفوظ اور بااختیار ڈیجیٹل ماحول فراہم کیا جاسکے۔" ملک محمد احمد خان نے اس بات پر زور دیا کہ "محفوظ ڈیجیٹل ماحول کے قیام کے لیے تمام اداروں کے درمیان تعاون ناگزیر ہے، تاکہ ایک ایسا نظام تشکیل دیا جا سکے جو شفافیت اور جوابدہی پر مبنی ہو۔" انہوں نے کہا کہ "پنجاب اسمبلی مضبوط قانونی تحفظات، مؤثر عملدرآمد اور پالیسی اصلاحات کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے، تاکہ جمہوریت کے فروغ کو یقینی بنایا جا سکے۔"

بقیہ بقیہ جات 8

ایکٹ 1973 میں ترمیم کی یقین دہانی کروا دی ہے۔ ذرائع کے مطابق، آئی ایم ایف نے حکومت سے آمدن بڑھانے اور اخراجات میں کمی کا مطالبہ کیا ہے، جس کے تحت اضافی اسامیوں کے خاتمے کے لیے سول سرونٹس ایکٹ میں ترمیم کی جا رہی ہے۔ معاشی ٹیم نے بریفنگ میں بتایا کہ سرکاری اداروں میں ڈیڑھ لاکھ خالی اسامیاں مستقل ختم کردی جائیں گی، جب کہ اضافی ملازمین کو گولڈن ہینڈ شیک کے ذریعے فارغ کرنے کا منصوبہ زیر غور ہے۔ مذاکرات میں موجودہ مالی سال کی کارکردگی اور آئندہ مالی سال کے اہداف پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی۔ ذرائع کے مطابق، اگلے مالی سال کے لیے ٹیکس ریونیو کا ہدف 15 ہزار ارب روپے سے زائد رکھنے کی تجویز دی گئی ہے، جب کہ ٹیکس ٹو جی ڈی پی کی شرح 13 فیصد تک لے جانے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ نان ٹیکس ریونیو کی مد میں 2745 ارب روپے جمع ہونے کا تخمینہ لگایا گیا ہے، جب کہ معاشی نمو 4 فیصد سے تجاوز کر سکتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 9

جعفر ایکسپریس پر حملے کے حوالے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ٹرین حادثہ پر فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے بہت بڑے سانحے سے بچالیا، دہشتگردی کوئی نیا مسئلہ نہیں، دہشتگردی کا بلوچستان کے پی کے الگ الگ تناظر ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مذہبی دہشت گردی ہو یا علیحدگی پسندی کی دہشتگردی ہو، پی پی سب کی مخالفت کرتی ہے، پیپلز پارٹی سے زیادہ دہشتگردی کس نے بھگتی ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ میں وزیراعظم کا بیٹا تھا، میں ایک سال کا تھا کہ مجھے گھر سے اغوا کرنے کی کوشش کی گئی، میری ماں نے مجھے لندن میں محفوظ رکھا، آخر کار میری والدہ کو شہید کیا گیا، بے نظیر شہید کے بعد دہشتگردی میں تیزی آئی۔ ان کا کہنا تھا کہ دہشتگردی کے خلاف جو پوری دنیا نہ کرسکی پاکستان نے کر دکھایا، پاکستان کی فورسز عوام نے قربانیاں دے کر پاکستان کو دہشتگردی سے پاک کردیا تھا، یہ ایوان متحد ہوا تو دہشتگردی کو کچلا، جب پی ٹی آئی دھرنے پر تھی تو اے پی ایس ہوا، ہم سب نے ملکر نیشنل ایکشن پلان بنایا۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ ہم نے دہشتگردوں کی کمر توڑ کر رکھ دی، آج پھر سے وہی دہشتگردی سر اٹھا رہی ہے، اس وقت ماضی سے زیادہ خطرناک صورتحال ہے۔

بقیہ بقیہ جات 10

پر الزام عائد کر دیا، پی ٹی آئی ان کے اعصاب پر سوار ہے، تقریر نکال لیں کتنی مرتبہ بلوچستان کا نام لیا، وزیر دفاع کو ذرا سی شرم ہوتی تو آج استعفیٰ دے دیتے۔ انہوں نے کہا کہ بطور پاکستانی ہم اس حملے کی سخت مذمت کرتے ہیں، مگر عوامی مینڈیٹ والوں کو جیلوں میں رکھا جائے اور جعلی مینڈیٹ والے ایوان میں ہوں تو ملک کیسے چلے گا؟ یہ پارلیمنٹ عوام کی نمائندگی نہیں کرسکتی، پی ٹی آئی سمجھتی ہے یہ تمام مسائل جعلی مینڈیٹ کی وجہ سے ہیں، ملک میں نہ کوئی آئین رہا نہ کسی ادارے کی کوئی عزت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں سب سے بڑا مسئلہ سیکورٹی کا ہے، یہ سب کچھ خواجہ آصف کی نااہلی کی وجہ سے ہو رہا ہے، ہم اپنے اداروں کو مضبوط دیکھنا چاہتے ہیں، ہم حقیقی عوامی نمائندوں کی پارلیمنٹ کو سپریم دیکھنا چاہتے ہیں مگر یہاں خفیہ ادارے ایک جماعت کو منانے میں لگے ہوئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 11

نے استدعا کی ہے کہ ججز کے تبادلے کا نوٹیفکیشن غیر قانونی، غیر آئینی اور کالعدم قرار دیا جائے جبکہ ججز کے تبادلوں میں آئین اور عدلیہ کی آزادی کے اصولوں کی مکمل پاسداری کی ہدایت کی جائے۔ انہوں نے استدعا کی کہ سپریم کورٹ الجہاد ٹرسٹ کیس میں طے شدہ اصولوں پر عمل درآمد یقینی بنانے کا حکم دے۔ درخواست میں وفاقی حکومت، لاہور، سندھ، بلوچستان اور اسلام آباد ہائی کورٹس کے رجسٹرارز کو فریق بنایا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 12

نے علیمہ خان کو دوبارہ طلب کرلیا۔ جے آئی ٹی نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہن علیمہ خان کو گزشتہ روز غیر حاضری پر 14 مارچ کو ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کی ہدایت کر دی۔ جے آئی ٹی کے پاس اس حوالے سے مستند شواہد موجود ہیں۔ یاد رہے کہ اس سے قبل 12 مارچ کو طلبی پر علیمہ خان جے آئی ٹی کے سامنے پیش نہیں ہوئیں تھیں۔ خیال رہے کہ وفاقی حکومت کی قائم کردہ جے آئی ٹی کی سربراہی آئی جی اسلام آباد پولیس کر رہے ہیں، جے آئی ٹی الیکٹرانک جرائم کی روک تھام کے ایکٹ 2016ء کے سیکشن 30 کے تحت تشکیل دی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 13

بینک کے سینئر منیجنگ ڈائریکٹر ایکسل وین ٹراسٹرگ نے ملاقات کی، جس میں ورلڈ بینک کے تعاون سے جاری منصوبوں اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایکسل وین ٹراسٹرگ نے ڈاکٹر توقیر شاہ کو وزیراعظم کے مشیر کی حیثیت سے تقرری پر نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات کے دوران پاکستان اور ورلڈ بینک کے درمیان کثیر الجہتی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر ورلڈ بینک کی عالمی ڈویلپمنٹ ایسوسی ایشن کی جانب سے پاکستان میں سیلابی نقصانات اور بحالی کے منصوبوں پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی، جبکہ مستقبل میں تعاون کو مزید بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 14

ہاتھوں میں ہے، افواج پاکستان کے بہادر جوانوں کو سلام پیش کرتے ہیں، سیکورٹی فورسز کی مہارت، آرمی چیف کی متحرک قیادت کی بدولت آپریشن کسی بڑے نقصان کے بغیر مکمل ہوا، ہمارے بہادر جوانوں اور افسروں نے بہادری اور دلیری کا مظاہرہ کیا اپنے دفتر میں پارٹی ورکروں سے گفتگو کرتے ہوئے انکا کہنا تھا کہ دہشتگردوں نے معصوم شہریوں کو یرغمال بنا رکھا تھا، پاک فوج نے آپریشن کامیابی سے مکمل کرتے ہوئے نہتے شہریوں کو بحفاظت بازیاب کروایا ہے، ہماری فوج نے یہ ثابت کیا کہ وہ دنیا کی سب سے بڑی فوج ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں کسی کو بھی دہشتگردی کی اجازت نہیں دے سکتے ہیں کہ وہ ملک کے معصوم شہریوں کو سڑکوں پر، ٹرینوں، بسوں یا بازاروں میں اپنے گمراہ کن نظریات اور اپنے بیرونی آقاؤں کی ایما پر اور سہولت کاری کے ذریعے معصوم لوگوں کو اپنی بربریت کا نشانہ بنائیں۔

بقیہ بقیہ جات 15

پاکستانیوں کو ڈیٹا مانگ لیا۔ پہلے مرحلے میں خلیجی ممالک میں اوور سیز پاکستانی صحت کارڈ سے مستفید ہوں گے۔ محکمہ صحت کا کہنا ہے کہ ہیلتھ کارڈ کے ذریعے کسی حادثاتی صورت میں متاثرہ خاندان کی مالی معاونت کی جائے گی۔ بیرون ملک علاج کے اخراجات کے پیسے حکومت ادا کرے گی جبکہ اخراجات کی ادائیگی صحت کارڈ میں بیماری کے لیے مختص پیسوں کے حساب سے ہوگی۔ مشیر صحت خیبر پختونخوا احتشام علی کا کہنا ہے کہ بینکنگ چینلز کے ذریعے پیسے بھجوانے والوں کو ہیلتھ کارڈ کی سہولت فراہم ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 16

جائے گی۔ ملک کو عدم استحکام کا شکار کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ متن کے مطابق ایوان حادثے میں جاں بحق ہونے والے معصوم شہریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی اور بہادر سیکیورٹی فورسز کی ستائش کرتا ہے۔ ایوان بلاتفریق رنگ و نسل عوام سے دہشت گردی کے خلاف منظم ہونے کا اعادہ کرتا ہے۔ ایوان سیکورٹی فورسز کے جوانوں کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور انتہا پسندی کی تمام اقسام کی مذمت کرتا ہے جبکہ یہ ایوان بلوچستان واقعے کے بعد نیشنل ایکشن پلان پر عمل درآمد کا مطالبہ کرتا ہے۔ قرارداد پر بلاول بھٹو زرداری، اسد قیصر، راجہ پرویز اشرف، زرتاج گل، وفاقی وزیر پارلیمنٹ امور طارق فضل چوہدری اور فاروق ستار سمیت دیگر نے بھی قرارداد پر دستخط کیے۔

بقیہ بقیہ جات 17

شعبہ صحت کی بہتری کے لیے مل کر کام کیا جائے۔ ان کا کہنا ہے کہ مل کر کام کرنے سے صحت کے شعبے میں درپیش چیلنجز اور مشکلات کو کم کیا جاسکے گا۔ صوبائی وزرائے صحت کا کہنا ہے کہ مشترکہ کوششوں سے صحت کے شعبے میں نمایاں بہتری لائی جاسکتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 18

نے غزہ پر حملے تیز کر دیے، تازہ بمباری سے بچے سمیت آٹھ افراد شہید ہوگئے۔ اسرائیلی حملوں کے باعث شہدا کی مجموعی تعداد 48 ہزار 503 ہوگئی، 1 لاکھ 11 ہزار 927 زخمی ہو چکے، حماس نے اسرائیل کے ساتھ مذاکرات کے نئے دور کے آغاز کا اعلان کر دیا، امریکی ایلچی سٹیو وٹکوف مذاکرات کیلئے قطر پہنچ رہے ہیں۔ اسرائیل نے لبنان سرحد کی حد بندی پر مذاکرات کا اعلان کر دیا، اسرائیل نے یرغمال بنائے گئے پانچ لبنانی شہریوں کو چھوڑ دیا، اسرائیل نے لبنان، امریکا اور فرانس کے ساتھ سرحد بندی کیلئے گروپس قائم کرنے پر اتفاق کرلیا۔ واضح رہے کہ گزشتہ سال جنگ بندی کے معاہدے کے باوجود اسرائیل نے جنوبی لبنان سے پیچھے ہٹنے سے انکار کیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 19

سے ہوگا، یورپی سٹیل اور ایلومینیم پر 25 فیصد ٹیکس کے جواب میں ٹیکس لگایا گیا، امریکی ٹیکس سے یورپ کو 10 ارب ڈالر سے زائد کا تجارتی نقصان ہوگا۔ یورپی یونین حکام کا کہنا ہے ٹیکس کاروبار کیلئے نقصان دہ ہے، امریکا سے اب بھی بات چیت کیلئے تیار ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 20

میں ریلوے پولیس کا ایک جوان شہید ہوگیا۔ کانسٹیبل شمروز خان 11 مارچ کو کوئٹہ سے پشاور جانے والی ٹرین جعفر ایکسپریس میں ٹرین اسکارٹ ڈیوٹی پر مامور تھا۔ بولان کے مقام پر دہشت گردوں نے اچانک ٹرین پر حملہ کر دیا، جس میں کانسٹیبل شمروز خان دشمن کا مقابلہ کرتے ہوئے گولی لگنے سے شہید ہوگئے۔ شمروز خان نے 23 فروری 2009 میں ریلویز پولیس کوئٹہ ڈویژن میں شمولیت اختیار کی تھی۔ شمروز خان نے 2015 میں کمانڈو کی تربیت بھی حاصل کر رکھی تھی۔ شہید کانسٹیبل کا شمار ریلویز پولیس کے بہترین کمانڈوز میں ہوتا تھا۔ شہید شمروز خان اپنے فرائض کی ادائیگی میں دشمن کا جواں مردی سے مقابلہ کرتے ہوئے شہادت جیسے اعلیٰ مرتبے پر فائز ہوئے۔ شہید کانسٹیبل کے پسماندگان میں ایک بیوی، ایک بیٹا اور 4 بیٹیاں شامل ہیں۔ شہید کے بیٹے کی عمر 11 سال، بیٹیوں کی عمریں 6، 7، 9 سال اور چھوٹی بیٹی کی عمر 8 ماہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 21

کے اعداد و شمار کے مطابق 8 مارچ کو ختم ہونے والے ہفتہ میں ملک میں خام تیل کی اوسط یومیہ پیداوار 64538 بیرل ریکارڈ کی گئی ہے جو پیوستہ ہفتہ کے مقابلہ میں 3.8 فیصد زیادہ ہے، پیوستہ ہفتہ میں ملک میں خام تیل کی اوسط یومیہ پیداوار 62187 بیرل ریکارڈ کی گئی تھی۔ اسی طرح 8 مارچ کو ختم ہونے والے ہفتہ میں ملک میں گیس کی اوسط یومیہ پیداوار 3033 ایم ایم سی ایف ڈی ریکارڈ کی گئی جو پیوستہ ہفتہ کے مقابلہ میں 7.6 فیصد زیادہ ہے، پیوستہ ہفتہ میں ملک میں گیس کی اوسط یومیہ پیداوار 2820 ایم ایم سی ایف ڈی ریکارڈ کی گئی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 22

بھکاری بے دخل کر دیے گئے۔ امیگریشن ذرائع کے مطابق کوالالمپور سے بے دخل 16 بھکاریوں کا تعلق سندھ کے ضلع کشمور سے ہے۔ دیگر بیدخل بھکاریوں کا تعلق رحیم یار خان، فیصل آباد، صادق آباد اور لاہور سے ہے۔

بقیہ بقیہ جات 23

اور یرغمالیوں کی جلد رہائی ہونی چاہیے، دو ریاستی حل کی حمایت کرتے ہیں۔ حماس نے امریکی صدر کے بیان کا خیر مقدم کرتے ہوئے مشورہ دیا ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ انتہا پسند صہیونیوں کے نظریات سے ہم آہنگ ہونے سے گریز کریں، اس سے پہلے امریکی صدر نے اپنے بیان میں کہا تھا کہ غزہ کا کنٹرول سنبھالنا چاہیے، وہاں کے عوام کو ہٹا کر اسے دوبارہ ترقی یافتہ بنانا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 24

تک ملتوی کردی۔ جمعرات کو کراچی کی احتساب عدالت میں کرپشن اور اختیارات کے ناجائز استعمال کے ریفرنس کی سماعت ہوئی۔ سابق اسپیکر سندھ اسمبلی آغا سراج درانی اور دیگر ملزم عدالت میں پیش ہوئے۔ پراسیکیوٹر نیب نے موقف دیا کہ مجھے بریت کی درخواست پر مزید دلائل دینا ہیں۔ عدالت سے استدعا ہے کہ آغا سراج کی بریت کا فیصلہ دلائل کے بعد کیا جائے۔ عدالت نے آغا سراج درانی کی بریت کی درخواست کا فیصلہ موخر کردیا۔ عدالت نے مقدمے کی سماعت 12 اپریل تک ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 25

ضائع ہونے کا خدشہ پیدا ہوگیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سندھ کے ضلع عمر کوٹ میں سرکاری گوداموں سے باہر پڑی گندم کو دیمک لگ گئی ہے اور انتظامیہ کی جانب سے حفاظتی اقدامات نہ ہونے کے باعث ہزاروں من گندم ضائع ہونے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق سندھ حکومت نے گزشتہ سال عمر کوٹ ضلع میں گندم کی خریداری کے لیے ایک لاکھ 50 ہزار بوری خریداری کا ہدف مقرر کیا گیا جس کا 75 فیصد حاصل بھی کر لیا گیا تھا۔ تاہم سرکاری گوداموں میں گنجائش کم ہونے کے باعث ہزاروں من گندم کھلے آسمان کے نیچے رکھی گئی جسے اب دیمک لگ چکی ہے۔ محکمہ خوراک حکام کی جانب سے اس گندم کو محفوظ بنانے کے لیے کسی قسم کے اقدامات نہیں کیے گئے ہیں، جس کے باعث ہزاروں من گندم ضائع ہونے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 26

حلف اٹھائیں گے۔ غیرملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق مارک کارنے جمعہ کو کینیڈا کے نئے وزیراعظم کے عہدے کا حلف اٹھائیں گے۔ کینیڈین لبرل پارٹی نے اتوار کو بینک آف کینیڈا کے سابق گورنر مارک کارنے کو پارٹی رہنما منتخب کیا تھا۔ یاد رہے کہ موجودہ وزیراعظم ٹروڈو نے مہنگائی اور امریکا کے ساتھ تجارتی جنگ کی دھمکیوں پر دباؤ پر مستعفی ہونے کا اعلان کیا تھا۔ جسٹن ٹروڈو نے کہا تھا کہ وہ حکمران جماعت لبرل پارٹی کی جانب سے نیا سربراہ چنے جانے کے بعد عہدہ چھوڑ دیں گے۔ 53 سالہ جسٹن ٹروڈو نے 2015 میں کینیڈا کی وزارت عظمی کا منصب سنبھالا تھا اور انہوں نے اس کے بعد بھی مسلسل 2 انتخابات جیتے۔

بقیہ بقیہ جات 27

پر موجود ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق شہدا کی میتوں کو شناخت کے بعد ان کے آبائی علاقوں کو بھجوایا جائے گا جبکہ متاثرین کو ضروری کارروائی کے بعد آبائی علاقوں کو روانہ کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ 1 روز قبل بولان میں دہشت گردوں نے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس پر حملہ کیا تھا اور مسافروں کو یرغمال بنالیا تھا جن میں عورتیں اور بچے بھی شامل تھے۔ بعد ازاں فورسز نے کلیئرنس آپریشن میں 190 مسافروں کو بازیاب کروایا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 28

بھی سوشل میڈیا پر ایسی ہی زبان بولی جاتی رہی، ہم پر لازم ہے کہ سیاسی مفادات سے بالاتر ہو کر قومی وحدت کا مظاہرہ کریں۔ یاد رہے کہ منگل کو بولان میں دہشت گردوں نے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس پر حملہ کیا تھا اور مسافروں کو یرغمال بنالیا تھا جن میں عورتیں اور بچے بھی شامل تھے۔ بعد ازاں فورسز نے کلیئرنس آپریشن میں 190 مسافروں کو بازیاب کروایا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 29

میں جدید نظام آبپاشی کی تنصیب پر کسانوں کو 70 فیصد سبسڈی دی جا رہی ہے۔ محکمہ زراعت پنجاب کے شعبہ اصلاح آبپاشی اور عالمی بینک کے تعاون سے تربیتی ورکشاپ کا انعقاد ہوا، جس میں عالمی بینک کے سینئر واٹر ریسورس اسپیشلسٹ فرانکوئس اونسی بھی شریک ہوئے۔ ورکشاپ میں صوبہ پنجاب میں زرعی پیداواری صلاحیت بڑھانے کے منصوبوں کے حوالے سے بات کرتے ہوئے پنجاب کے سیکریٹری زراعت افتخار علی نے بتایا کہ عالمی بینک منصوبے کے لیے 67 ارب روپے کی مالی اعانت دے رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 30

اسلام آباد میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کے خلاف شراب اور اسلحہ برآمدگی کیس کی سماعت جوڈیشل مجسٹریٹ مبشر حسن چشتی نے کی۔ دوران سماعت وارنٹ گرفتاری کے حوالے سے پولیس رپورٹ آج بھی عدالت میں جمع نہیں کروائی جا سکی۔ علاوہ ازیں علی امین گنڈاپور اور نہ ہی ان کے وکیل عدالت میں پیش ہوئے۔ بعد ازاں عدالت نے علی امین گنڈاپور کے وارنٹ گرفتاری برقرار رکھتے ہوئے کیس کی آئندہ سماعت 7 اپریل تک ملتوی کردی۔ واضح رہے کہ علی امین گنڈاپور کے خلاف تھانہ بہارہ کہو میں مقدمہ درج ہے۔

بقیہ بقیہ جات 31

کے درمیان سرمایہ کاری و تجارتی تعاون میں نئی پیشرفت ہوئی ہے۔ اسپیشل انویسٹمنٹ فیسلیٹیشن کونسل (ایس آئی ایف سی) کے تعاون سے حکومت کی جانب سے سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے مربوط حکمت عملی تیار کی گئی ہے، جس کے تحت پاکستان اور ترکیہ کے مابین 5 ارب ڈالر کے تجارتی ہدف کے حصول کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ منصوبے کے تحت دونوں ممالک سیاحت، تعلیم، آئی ٹی، انفرا اسٹرکچر اور دفاعی شعبے سمیت جدید ٹیکنالوجی منتقلی پر مزید تعاون کو فروغ دیں گے۔ اسی طرح پاکستان اور ترکیہ نے کھیلوں کے سامان اور آلات جراحی کے ذریعے برآمدات میں اضافے اور تجارتی تعاون کو مزید مستحکم کرنے کا بھی عزم ظاہر کیا ہے۔ دونوں ملکوں کی جانب سے مشترکہ تاریخ و ثقافت کی بدولت دونوں ممالک کا طلبہ کے تبادلے کے ذریعے تعلیمی و برادرانہ بڑھانے کی خواہش کا اظہار کیا گیا ہے۔ ساتھ ساتھ دو طرفہ و عالمی امور پر مشاورت اور ہم آہنگی کے لیے دونوں ممالک نے ''شورائے اخوت'' کے قیام پر بھی اتفاق کیا ہے۔ پاکستان اور ترکیہ نے فری ٹریڈ ایگریمنٹ کے تحت دونوں ملکوں کی مزید اشیا کی تجارت کے دائرہ کار کو وسعت دینے کا اعلان بھی کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 32

لی کے لیے نیپرا میں درخواست جمع کروا دی گئی۔ کے الیکٹرک نے فیول چارجز ایڈجسٹمنٹ کی مد میں نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) کو درخواست جمع کروائی ہے۔ بجلی کی قیمتوں میں 4 روپے 84 پیسے فی یونٹ کمی کا امکان ہے جس سے بجلی صارفین کو 4 ارب 69 کروڑ روپے کا ریلیف ملے گا۔ نیپرا 20 مارچ کو کے الیکٹرک کی درخواست پر سماعت کرے گا۔

بقیہ بقیہ جات 33

علی وزیر آج بھی سکھر جیل میں ہے، ماہ رنگ بلوچ یہاں آتی تو پانی پھینکا گیا، اگر یہ حالات ایسے ٹھیک ہونے ہوتے تو ہو جاتے، حکومتی مشینری لگی ہوئی ہے کہ پی ٹی آئی نے دہشتگردوں کے حق میں ٹویٹ کیے۔ شیر افضل مروت نے کہا کہ باجوہ کس خوشی میں آزاد پھر رہا ہے، کشمیر کا سودا اس شخص نے کیا، فیض کے ذریعے اس نے آپ کو جیلوں میں ڈلوایا، پی ٹی آئی کی پیٹھ میں بھی اس نے چھرا گھونپا، فیض کو آپ نے جیل میں ڈالا، اچھا کیا، باجوہ کو بھی ڈالو، اس لیے کوئی کچھ نہیں کرسکتا کیونکہ وہ سابق آرمی چیف ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کب تک صرف مذمتیں اور قراردادیں پیش کرتے رہیں گے، سروسز چیفس کو بلائیں اور ان سے پوچھیں، 2 دو ماہ کے لیے پالیسیاں بناتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 34

لائیں، سیکیورٹی فورسز کے شہدا کو سلام پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی نظام میں جو کمی ہے اسے دور کرنا چاہیے، ہمیں مل کر دہشت گردی کے خلاف لائحہ عمل سامنے لانا ہوگا، صدر پاکستان کے خطاب پر بات کرنا چاہتا تھا مگر نہیں کرنا چاہتا آج قومی سلامتی کا ایشو ہمارے لئے اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ فاروق ستار نے کہا کہ اے پی ایس پر حملے کی طرح قوم کو متحد کرنا ہوگا، اے پی ایس کے وقت فوجی و عسکری و اپوزیشن قیادت نے مشاورت کی، یہ نیشنل ایکشن پلان اسی قومی مشاورت یا اے پی سی کا نتیجہ تھا، بلوچستان میں امن و امان کا سب سے پہلا اثر کراچی پر ہوتا ہے نیشنل ایکشن پلان میں آرٹیکل 140 پر حقیقی عمل کیا جائے لکھا ہے مگر آج ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ہم عوام سے رابطے میں نہیں ہیں آج پاکستان میں ریاست کے اندر ریاست بن رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 35

معاشی و سیاسی استحکام کے لیے جامع پالیسیاں ترتیب دے حکومتی ناقص پالیسیوں کے باعث آئے دن دہشت گردی کے المناک واقعات رونما ہو رہے ہیں جو حکومتی نااہلی کی واضح دلیل ہیں۔ اسلام دشمن عناصر جتنی آسانی سے مساجد، مدارس، مسافروں، نہتے شہریوں اور علما کرام کو ٹارگٹ بنا رہے ہیں یہ حکومت اور انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے، ہمارا ارباب اختیار سے مطالبہ ہے کہ ان واقعات کے محرکات کو سامنے لاکر ملوث عناصر کو نشان عبرت بنایا جائے، حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے اپنی ذمہ داری کا احساس کریں اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائیں۔

بقیہ بقیہ جات 36

چستان ٹرین حملہ بھارت کے جارحانہ دفاعی نظریے کا ثبوت ہے، بھارت خفیہ دہشت گرد کارروائیوں سے پڑوسی ممالک کو غیر مستحکم کرنا چاہتا ہے، بھارت بیرون ملک مخالفین کے قتل، انتہا پسندی اور سرحد پار دہشت گردی میں ملوث ہے۔ گرپتونت سنگھ پنوں نے کہا ہے کہ مودی نے بھارت کو ریاستی سرپرستی میں دہشت گردی کا عالمی مرکز بنا دیا ہے، 'را' کی بے قابو کارروائیاں جنوبی ایشیاء کو خطرے میں ڈال رہی ہیں اور ریاستی تشدد کی خطرناک عالمی مثال قائم کر رہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ بھارت کے انٹیلی جنس آپریٹس پر سفارتی اور سیکیورٹی پابندیاں لگائی جائیں، دنیا اب بھارت کی خفیہ دہشت گرد کارروائیوں پر آنکھیں بند نہیں کرسکتی۔ گرپتونت سنگھ پنوں نے یہ بھی کہا کہ بھارت کا احتساب نہ کیا گیا تو ان کا اگلا حملہ اور بھی زیادہ معصوم جانیں لے گا۔

بقیہ بقیہ جات 37

گے۔ حضرت امام حسن حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور خاتون جنت حضرت فاطمۃ الزہرا کے بڑے فرزند تھے آنحضور کی ایک مشہور ترین حدیث کے مطابق حضرت امام حسن جنت میں نوجوانوں کے سردار ہیں آپ 15 رمضان المبارک کو مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے رسول خدا ﷺ نے آپ کا نام حسن رکھا۔ حضرت امام حسن 28 صفر المظفر 50ھ کو اس دنیا سے رخصت ہو گئے آپ کو جنت البقیع میں دفن کیا گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 38

وکیل نے موقف دیا کہ پراسیکیوٹر جنرل کی تعیناتی صرف کابینہ ہی کر سکتی ہے۔ قائم مقام پراسیکیوٹر جنرل کی تعیناتی رولز کی خلاف ورزی ہے۔ موجودہ قائم مقام پراسیکیوٹر جنرل سینیارٹی لسٹ میں 17 ویں نمبر پر ہے۔ قائم مقام پراسیکیوٹر جنرل کی تعیناتی سے سینیارٹی کو بھی نظر انداز کیا گیا ہے۔ عدالت نے ایڈووکیٹ جنرل و دیگر کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 27 مارچ تک جواب طلب کرلیا۔

بقیہ بقیہ جات 39

حوالہ سے تعلیمی اداروں میں خصوصی پروگرامز اور دیگر تقریبات میں اس دن کو یادگار بنانے کے لئے ناموس رسالت اور اس کی عظمت کو اجاگر کیا جائے گا جس کے لئے تعلیمی اداروں کے سربراہان کو احکامات جاری کرتے ہوئے تیاریاں کی جا رہی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 40

فیصد کمی آئی۔ دوسرے نمبر پر ایمزون کے بانی جیف بیزوس ہیں جنہیں 29 ارب ڈالر کا نقصان ہوا، گوگل کے شریک بانی سرگئی برن کو 22 ارب ڈالر، فیس بک کے بانی مارک زکر برگ کو 5 ارب ڈالر اور فیشن کمپنی لوئی ویٹوں کے سی ای او برنارڈ آرنالٹ کو بھی 5 ارب ڈالر کا نقصان ہوا۔ ٹرمپ کی حلف برداری کے وقت حصص بازار کی صورت حال اچھی تھی لیکن پھر اسٹاک مارکیٹ میں وسیع تر مندی اور کساد بازاری کے خدشے کی وجہ سے ان ارب پتیوں کی کمپنیوں کے شیئرز کی قیمتیں خاصی گر گئیں اور انہیں اربوں کا نقصان ہوگیا۔

بقیہ بقیہ جات 41

کی حالت تشویشناک ہے۔ پولیس حکام کے مطابق ملزم علی حسین فرار ہو چکا ہے، گرفتاری کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 42

سالانہ ترقی کی شرح 6.75 فیصد متوقع ہے۔ بیچ ہالیڈیز اس شعبے کا سب سے نمایاں حصہ ہوگا، جو 2025 میں 1.92 ارب ڈالر کی آمدنی پیدا کرے گا۔ 2029 تک بیچ ہالیڈیز کے صارفین کی تعداد 22.17 ملین تک پہنچ جائے گی، جب کہ 2025 میں یہ 11.3 فیصد سے بڑھ کر 14.6 فیصد ہو جائے گی۔ جبکہ فی صارف اوسط آمدنی 150.66 ڈالر متوقع ہے۔ 2029 تک آن لائن بکنگ کا حصہ مجموعی آمدنی کا 66 فیصد ہو جائے گا۔ پاکستان میں مقامی اور بین الاقوامی سیاحوں کی تعداد میں نمایاں اضافہ دیکھا جا رہا ہے، جو ملک کے تاریخی، ثقافتی اور قدرتی حسن کو دریافت کر رہے ہیں۔ زیادہ سے زیادہ پاکستانی بھی اپنے ملک کے سیاحتی مقامات کو دریافت کرنے کو ترجیح دے رہے ہیں۔ اور اس کیلئے بہتر سڑکیں، ہوٹلز، اور سفری سہولیات سیاحوں کے لیے زیادہ آسانیاں فراہم کر رہی ہیں۔ آن لائن بکنگ پلیٹ فارمز اور سوشل میڈیا کے ذریعے بھی سیاحت کے رجحانات میں تبدیلی آ رہی ہے۔ نئی سیاحتی پالیسیوں، ترقیاتی منصوبوں، اور بین الاقوامی پروازوں کی تعداد میں اضافے سے سیاحت کو فروغ مل رہا ہے۔ 5 مستحکم سیاسی ماحول اور بہتر سیکورٹی کی صورتحال نے ملکی اور غیر ملکی سیاحوں کا اعتماد بحال کیا ہے۔ پاکستان کا سیاحت کا شعبہ تیزی سے ترقی کر رہا ہے، اور اگر یہی رجحان جاری رہا، تو ملک جلد ہی دنیا کے مقبول ترین سیاحتی مقامات میں شامل ہوسکتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 43

کیا، پوری قوم دہشتگردی کیخلاف جنگ میں اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 44

خوانی اور مشاعرہ منعقد ہوگا، اسی طرح پنجابی ثقافت کو اجاگر کرنے کے لئے سکول و کالجز کے طلبہ پنجابی لباس زیب تن کریں گے اور تقریبات منعقد کی جائیں گی، اسی طرح 14 مارچ پنجاب کلچر ڈے کے موقع پر ڈپٹی کمشنر، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اور ضلعی سربراہان پنجابی لباس، پگڑی، چنری زیب تن کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 45

آشر سلیم، نشا طارق، ماہ نور وسیم بٹ، عکاشہ صادق، حسیب قیصر شامل ہیں۔ محکمہ ٹورسٹ سروسز میں انسپکٹر کی آسامی کے لیے امیدوار مصطفیٰ فرید کامیاب ہوئے۔ محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری میں کنسلٹنٹ یورولوجسٹ کی 8 آسامیوں کے لیے امیدوار کامیاب ہوئے جن میں الٰہی بخش، عامر امتیاز خان، فیصل رف خان، عمر حبیب ذوالفقار، فرحت عباس، محمد امین، محمد رحیم سجاد، شیراز عبدالستار شامل ہیں۔ تین آسامیاں موضوع امیدواروں کی عدم دستیابی کی وجہ سے خالی رہیں۔ محکمہ صحت میں سینئر رجسٹرار سرجری کی 87 آسامیوں کے لیے کامیاب امیدواروں میں جنید خالد، رانا صرہ سلیم، شعیب انور، جمیل احمد، زین مختار، سلیمان آصف اور دیگر شامل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 46

دہشتگردی کے المناک واقعات حکومتی نااہلی ہیں، وقت آ گیا ہے کہ ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے والوں کے خلاف سخت ترین ایکشن لیا جائے، شہریوں کا تحفظ حکمرانوں کی بنیادی ذمہ داری ہے دہشتگردی کے خلاف حکومت خصوصی توجہ دے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارتی اور دیگر ملک دشمنوں کے آلہ کار کبھی اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہوں گے۔ سیکورٹی اداروں نے یرغمال بنائے گئے مسافروں کو آزاد کراتے اور مسلسل آپریشن کر کے دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے کی کوششوں پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں جبکہ دہشت گردوں کے ہاتھوں شہید ہونے والے کے لئے دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالی ان کی مغفرت فرمائے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو بدامنی اور آگ میں جھونکنے کی کوئی سازش کامیاب نہیں ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 47

۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی وہ واحد جماعت ہے جس نے پاکستان کو جوڑ کر رکھا ہے۔ ملک کو جو صورتحال درپیش ہے، اس کا ادراک کریں۔ یہ وقت پاکستان کی آواز کو سننے کا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم بلوچستان کی آواز کو سنیں۔ یہ وقت کسی جماعت کو ختم کرنے کا نہیں بلکہ عوام کے درمیان خلیج ختم کرنے کا ہے۔ سلمان اکرم راجا کا کہنا تھا کہ ہم تمام صوبوں میں امن چاہتے ہیں۔ جب تک آئین کی بالادستی نہیں ہوگی تب تک ملک میں امن نہیں آئے گا۔ عمر ایوب کو اس ایشو پر بات کرنے کا موقع نہیں دیا گیا۔ سیاست عوام اور ریاست کے درمیان ایک راستہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی لاکھوں اکاؤنٹس کو کنٹرول نہیں کرسکتی۔ کچھ لوگوں کو پی ٹی آئی کا لبادہ پہنا کر ان سے ٹوئٹس کروائی جاتی ہیں۔ یہ ہماری پارٹی کا موقف ہے۔

بقیہ بقیہ جات 48

یہ نہیں گے تو تنگ کرنے والا سو بار سوچے گا، اس کی ٹانگیں کانپیں گی۔" کامران ٹیسوری نے پی ٹی آئی کی قیادت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ آج میں پی ٹی آئی کے دوستوں کو بتانا چاہتا ہوں کہ آپ نے نیو کراچی کے لیے کچھ نہیں کیا۔ پی ٹی آئی کے دور میں کیا یونیورسٹی بنی؟ انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ حکومت کی کامیاب حکمت عملیوں کی بدولت آج 50 ہزار بچے آئی ٹی کورس کر رہے ہیں۔ انہوں نے قوم اور افواج پاکستان کے حوالے سے بھی گفتگو کی اور کہا کہ ہماری فوج ہماری شان اور آن ہے، کل بولان کے واقعے میں سب سے پہلے افواج کے سپاہی پہنچے۔ کیا کوئی پی ٹی آئی والا پہنچا؟ انہوں نے کہا کہ پڑوسی ملک میں اتنی ہمت نہیں کہ وہ اس ملک کو میلی آنکھ سے دیکھیں۔

بقیہ بقیہ جات 49

کیا تھا۔ اس واقعے کا مقدمہ منگھوپیر تھانے میں درج کیا گیا تھا، اور کارروائی کے دوران بلوچستان پولیس نے بھی بھرپور تعاون فراہم کیا۔ ایس پی اے وی سی سی کے مطابق، مشترکہ آپریشن کے دوران مغوی کو اغوا کاروں کے قبضے سے بازیاب کرلیا گیا اور ملزمان کو گرفتار کر کے قانون کے حوالے کر دیا گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ کامیاب کارروائی پولیس کی پیشہ ورانہ مہارت اور دیگر اداروں کے تعاون کا نتیجہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 50

کیا تو جرنلزم اسکول کے ڈین نے دوٹوک انداز میں بتایا کہ یہ خطرات سے بھرا وقت ہے اور ٹرمپ انتظامیہ سے طلبہ کو کوئی بھی بچا نہیں سکتا۔ پچھلے سال کے دوران کولمبیا یونیورسٹی فلسطینیوں کے حق میں مظاہروں کا گڑھ رہی ہے۔ واضح رہے کہ ٹرمپ انتظامیہ نے چند روز پہلے یونیورسٹی کی چار سو ملین ڈالر امداد منسوخ کی اور اگلے ہی روز امیگریشن ایجنٹس نے حال ہی میں گریجویشن کرنیوالے عرب طالبعلم محمود خلیل کو گرفتار کرلیا، خلیل کی یونیورسٹی میں رہائش بھی ختم کردی گئی۔ صدر ٹرمپ کا کہنا ہے کہ خلیل کا گرین کارڈ منسوخ کرکے اسے آبائی وطن ڈیپورٹ کردیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 51

لواحقین میں برابر کے شریک ہیں۔ سانحہ جعفر ایکسپریس جیسی دہشتگردی میں ملوث دہشتگردوں اور سہولت کاروں کے خلاف عبرت ناک کارروائی ہونی چاہیے۔ امیر لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا کہ دہشتگردی کے خاتمے کیلئے موثر قومی لائحہ اور تمام اسٹیک ہولڈرز اور سیاسی پارٹیوں کی مشاورت سے پالیسی تشکیل دی جائے۔ بلوچ نوجوانوں کو قومی دھارے میں شامل کرنا ہوگا تا کہ احساس محرومی کا خاتمہ کیا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں افطار ڈنر تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے میڈیا کے نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ بقیہ جات 52

ادا کرتے ہوئے کہا کہ جعفر ایکسپریس پر حملہ اور دہشت گردوں کی عبرتناک ہلاکت انسان دشمنوں کے لیے پیغام ہے کہ اُن کا یہی انجام ہونا تھا۔ تاہم یہ حکومتوں اور تحقیقاتی اداروں کی گردن پر فرض ہے کہ دہشت گرد منصوبہ کیونکر کامیاب ہوا؟ اس دہشت گرد منصوبے کا ماسٹر مائنڈ اور اس کے سہولت کار کون ہیں؟ دہشت گردی کے اس واقعے پر بھارتی میڈیا کا واویلہ اور جھوٹے پروپیگنڈہ سے عیاں ہے کہ پاکستان میں دہشت گردی کا ماسٹر مائنڈ اور حکمت کار انڈیا ہی ہے۔ ملی یکجہتی کونسل کے رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ بلوچستان، خیبر پختونخوا میں خصوصاً اور پورے ملک میں عموماً دہشت گردی کے خاتمہ کے لیے سکیورٹی اداروں اور انٹیلی جنس اداروں میں موجود کمزوریوں کا ازالہ کیا جائے اور پاکستان کی قومی سلامتی کا اہم ترین تقاضا ہے کہ قومی اتفاق رائے سے دہشت گردی کے مستقل خاتمہ کے لیے ازسرنو قومی ایکشن پلان بنایا جائے اور مکمل غیر جانبداری اور قومی فرض کے جذبے کیساتھ عملدرآمد کیا جائے۔ ملی یکجہتی کونسل ہر نوعیت کی دہشت گردی کے خاتمہ کے لیے تعمیری مثبت قومی کردار ادا کرتی رہے گی۔ لیاقت بلوچ نے کھاریاں کینٹ میں الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان کے مرکزی رہنما عبدالشکور کے بھائی کے انتقال پر تعزیت، دعائے مغفرت کی اور جہلم مرکز اسلامی میں افطار ڈنر عوامی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ، پی پی، پی ٹی آئی جمہوریت اور پارلیمنٹ کی بالادستی کے اعلانات، مطالبے اور دعوے کرتے ہیں لیکن جب اقتدار میں ہوتے ہیں تو پارلیمنٹ کو ہی سب سے زیادہ بے وقار بناتے ہیں۔ پارلیمنٹ کی بالادستی کے لیے ووٹ کو عزت، عوامی مینڈیٹ کو تسلیم کرنے اور صاف شفاف غیر جانبدارانہ انتخاب ناگزیر ہے۔ حکومتِ پنجاب بلدیاتی انتخابات سے فرار کے لیے ہر مرحلہ پر بلدیاتی ایکٹ ہی کا سہارا لیتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 53

رورل میونسپل سروسز کمپنی (پی آر ایم ایس سی) کے سی ای او اسد اللہ نے اجلاس کو بریفنگ دی۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ ورلڈ بینک کے تعاون سے پہلے مرحلے میں 16 تحصیلوں کے 1802 دیہات کی اپ گریڈیشن ہوگی۔ اس ضمن میں ان دیہات کی ضروریات کا سروے کرلیا گیا ہے جبکہ 200 دیہات میں ماڈل میونسپل خدمات مہیا بھی کی جا چکی ہیں۔ وزیر بلدیات نے کہا کہ ورلڈ بینک کے تعاون سے پسماندہ دیہات میں واٹر سپلائی، سیوریج اور پکی گلیوں کے منصوبے مکمل کیے جائیں گے۔ اس پروگرام کے پہلے مرحلے میں بہاولنگر، خیر پور ٹامیوالی، کہروڑ پکا، شجاع آباد، علی پور، تونسہ شریف، لیاقت پور، روجھان، کلر کہار، نور پور تھل، عیسیٰ خیل، کوٹ مومن، دریا خان، بھوآنہ، احمد پور سیال اور پاکپتن کی تحصیلیں شامل ہیں۔ وزیر بلدیات نے پی آر ایم ایس سی کی جانب سے دیہات میں بند ڈرین بنانے کی تجویز سے عدم اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ دیہی معاشرے میں مویشی پالنے کے کلچر کے باعث گوبر سے بند ڈرین مسائل پیدا کرسکتا ہے۔ انہوں نے پی آر ایم ایس سی کے سی ای او کو ہدایت کی کہ یہ معاملہ ورلڈ بینک کے سامنے اٹھایا جائے اور کھلے ڈرین کی تعمیر پر زور دیا جائے۔ پمپنگ سٹیشنوں اور ٹیوب ویلز کو سولرائز کیا جائے جبکہ ترقیاتی سکیموں کے آغاز سے پہلے ٹاؤن پلاننگ لازمی کی جائے۔ صوبائی وزیر نے پی آر ایم ایس سی کو فوری طور پر ای ٹینڈرنگ پر منتقل کرنے کا حکم دیتے ہوئے اسپیشل سیکرٹری کو ہدایت کی کہ اس حوالے سے متعلقہ حکام کے ساتھ جلد رابطہ کیا جائے۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے بعد رورل ڈویلپمنٹ منصوبے سے سالڈ ویسٹ کا کمپوننٹ ختم کیا جائے کیونکہ ہر گاؤں میں پہلے ہی صفائی کا انتظام کیا جاچکا ہے تاہم پی آر ایم ایس سی اپنے زیر انتظام دیہات میں صرف صفائی کی مانیٹرنگ کرسکتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 54

اروڑہ نے بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی جبکہ ہیومن رائٹس کی پارلیمانی سیکرٹری سونیا آشر گیسٹ آف آنر کے طور پر شریک ہوئیں۔ ان کے ساتھ مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات بھی موجود تھیں، جن میں "آل نیبرز" امریکہ کے بورڈ ممبران اور پادری، معروف امن ساز، پروفیسرز، ڈیموکریٹک پارٹی کی سیاسی کارکن عائشہ خان، ترقیاتی ماہر سجاد عمران اور یوتھ ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن کے سی ای او شاہد رحمت شامل تھے۔ شاہد رحمت نے تمام معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور بین المذاہب افطار ڈنر کے انعقاد کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس طرح کی تقریبات سے مختلف کمیونٹیوں میں خیر سگالی اور باہمی احترام کو فروغ ملتا ہے۔ صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے اپنے خطاب میں اس بات پر زور دیا کہ ہمیں دیواریں نہیں بلکہ پل تعمیر کرنے چاہئیں۔ انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ تاریخ میں پہلی مرتبہ اقلیتی امور کے محکمے کو مزید مضبوط کرنے اور پنجاب بھر میں اقلیتی مسائل کے حل کے لیے پانچ سالہ اسٹریٹیجک پلان کے نفاذ کی کوشش کی جا رہی ہے۔ صوبائی وزیر نے بجٹ میں اضافے اور اقلیتی کارڈ پروگرام، مالی امداد سمیت دیگر اہم اقدامات کا بھی ذکر کیا۔ "آل نیبرز" امریکہ کے وفد کی قیادت کرنے والے الیاس مسیح نے ایک پراثر خطاب کیا، جس میں انہوں نے کہا کہ اقلیتی طبقے کم آواز نہیں ہیں اور ہمیں مشکلات کا سامنا کرنے کے باوجود ایک دوسرے کے ساتھ متحد رہنا چاہیے۔ انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اور اقلیتی امور کے محکمے کی قیادت کی تعریف کی اور امن اور مشترکہ اہداف کے لیے اجتماعی کوششوں کی اہمیت پر زور دیا۔ پارلیمانی سیکرٹری برائے انسانی حقوق سونیا آشر نے اپنے خطاب میں مذہبی فرقوں کے درمیان لوگوں کو یکجا کرنے کی کوششوں کی تعریف کی اور مزید اس طرح کی تقریبات کے انعقاد کی ضرورت پر زور دیا۔ ڈیموکریٹک سیاسی کارکن عائشہ خان نے بین المذاہب مکالمے کو فروغ دینے کی اہمیت پر بات کی، اور کہا کہ مختلف مذہبی کمیونٹیوں کے درمیان سمجھ بوجھ اور احترام کو بڑھا کر امن اور ہم آہنگی کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔ پروگرام کا اختتام "آل نیبرز" امریکہ کے وفد کے ساتھ پاکستانی روایتی کھانوں کے ذائقے کے ساتھ ہوا، جس پر انہوں نے پاکستانی ثقافت اور کھانوں کی تعریف کی۔

بقیہ بقیہ جات 55

آرٹس، ٹیبل ٹینس، نیٹ بال اور سائیکلنگ سمیت مختلف کھیلوں میں این ٹی ڈی سی اور پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ مینجنگ ڈائریکٹر این ٹی ڈی سی، انجینئر محمد وسیم یونس سے مستقل ہونے والے اور ترقی پانے والے کھلاڑیوں نے واپڈا ہاؤس لاہور میں ملاقات کی۔ انہوں نے کھلاڑیوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ کھلاڑیوں نے قومی و بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا اور کمپنی و ملک کا نام روشن کیا ہے اور ہمیں آپ سب پر فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھلاڑی اپنی کارکردگی میں مزید بہتری لانے کیلئے سخت محنت کریں، این ٹی ڈی سی مینجمنٹ اپنے کھلاڑیوں کو کوچنگ و دیگر سہولیات کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ انجینئر محمد وسیم یونس نے توقع ظاہر کی کہ آپ مستقبل میں ہونے والے مقابلوں میں بھی ایسی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے رہیں گے۔ این ٹی ڈی سی سپورٹس ایسوسی ایشن کے صدر، جنرل مینیجر (ڈیزائن اینڈ انجینئرنگ) انجینئر ڈاکٹر خواجہ رفعت حسن نے اس موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کامیابی سخت محنت سے ہی ملتی ہے، کھلاڑی آئندہ نیشنل گیمز میں کامیابیاں حاصل کرنے کیلئے بھرپور ٹریننگ کریں۔ واپڈا اسپورٹس بورڈ اور این ٹی ڈی سی ریگولرائزیشن بورڈ کی سفارشات کی روشنی میں جن کھلاڑیوں کی ملازمت کو مستقل کیا گیا، ان میں محمد یاسر سلطان (جیولن تھرو)، شعیب خان (اتھلیٹکس)، جہانزیب خان (باکسنگ)، حنظلہ دستگیر بٹ (ویٹ لفٹنگ)، وقاص مقصود، عدنان رحیم، بسم اللہ اور محمد سعد (کرکٹ)، میثم نزاکت (مارشل آرٹس)، دانش رشید اور محسن علی (ریسلنگ)، مراد خان، جان محمد اور عثمان فرید علی (والی بال)، نیامت اللہ (کراٹے)، محمد علی لاروش (بیڈمنٹن)، علی شیر (سوئمنگ) اور محمد طارق (باڈی بلڈنگ) شامل ہیں۔ جن کھلاڑیوں کو اگلے گریڈ میں ترقی دی گئی، ان میں محمد خالد اور حمرہ لطیف (ہاکی)، علی احمد، حیات اللہ اور نقیب اللہ (باکسنگ)، فرحان رشید (سافٹ بال)، مظفر علی (باڈی بلڈنگ)، محمد اشفاق (پاور لفٹنگ)، حیدر علی اور رضیہ پروین (ویٹ لفٹنگ)، سید علی مہدی، بلال جعفری اور ہارون جاوید (بیڈمنٹن) محمد یاسین صدیق، محمد بشیر اور محمد ادریس (والی بال)، محمد یاسر سلطان (جیولن تھرو)، سعدیہ فلک شیر (ٹیبل ٹینس)، علی محمود، باز محمد اور کلثوم (کراٹے)، محمد زاہد عارف اور سلمان بٹ (نیٹ بال)، شہزادہ محمد زاہد گلفام اور نجیب اللہ (سائیکلنگ) جبکہ نصیر احمد (تیراکی) شامل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 56

سلوک کی موصول ہونے والی شکایات 1996 کے بعد سے سب سے زیادہ ہیں۔ ان شکایات میں سب سے زیادہ دفاتر اور ملازمتوں کی دیگر مقامات میں امتیازی سلوک کی ہیں اس کے بعد امیگریشن اور پناہ گزین سے متعلق ہیں، تعلیمی میدان میں امتیازی سلوک اور نفرت آمیز جرائم کی شکایتیں موصول ہوئی ہیں۔ امریکا میں مسلمانوں پر تشدد اور قتل کے واقعات بھی ہوئے ہیں جن میں 6 سالہ فلسطینی بچے کا قتل، 3 سالہ فلسطینی بچی کو ڈبونے کی کوشش، ٹیکساس میں چھری سے حملہ، نیو یارک میں ایک مسلمان مرد پر تشدد دو واقعات شامل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 57

نے بتایا کہ اس منصوبے پر 688.805 ملین روپے لاگت آئے گی۔ اس سڑک کی 3.3 کلومیٹر لمبی اور 13 میٹر چوڑی ڈوئل ٹریک سڑک کی تعمیر جاری ہے، جس کے ساتھ ساتھ 3.3 کلومیٹر نکاسی آب کی نالی بھی بنائی جا رہی ہے۔ میئر کراچی کو منصوبے کی پیش رفت کے بارے میں آگاہ کرتے ہوئے بتایا گیا کہ اس منصوبے کا 30 فیصد فزیکل کام مکمل ہو چکا ہے، جبکہ 15 فیصد فنانشل پراگریس رپورٹ کی گئی ہے۔ اس دوران میئر کراچی نے ترقیاتی کاموں کی رفتار تیز کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ ان منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ شہریوں کو بہتر سہولتیں فراہم کی جاسکیں۔

بقیہ بقیہ جات 58

مطابق چاند گرہن کے موقع پر آسمان سرخ رنگ کی روشنی سے منور ہو جائے گا، یہ لگ بھگ 3 سال بعد پہلا چاند گرہن ہوگا اور ایسا آخری بار 2022 میں ہوا تھا۔ اس حوالے سے بتایا گیا ہے کہ دن کے اوقات میں ہونے کی وجہ سے پاکستان میں رواں سال کے پہلے چاند گرہن کو دیکھنا ممکن نہیں ہوگا جبکہ یہ نظارہ شمالی اور جنوبی امریکہ میں دیکھا جائے گا۔ دوسری جانب رواں سال کا پہلا سورج گرہن 29 مارچ کو ہوگا جو کہ پاکستان میں دکھائی نہیں دے گا۔

بقیہ بقیہ جات 59

بعد ٹرین سروس 3 روز کے لیے معطل کی گئی ہے۔ یاد رہے کہ ایک روز قبل بھی بولان میں پنیر ریلوے اسٹیشن کے قریب دہشت گردوں نے کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس پر حملہ کر دیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 60

بیان میں صاحبزادہ حافظ فاران کہیل نے مزید کہا کہ ام المومنین حضرت سیدہ خدیجۃ الکبریٰ دنیا بھر کی مسلم خواتین کیلئے رول ماڈل کی حیثیت رکھتی ہیں، سیدہ خدیجہ کامیاب تاجر تھیں جنہوں نے اپنی تمام دولت دین اسلام کی راہ میں قربان کردی، سیدہ خدیجۃ الکبریٰ ایک بے مثال خاتون تھیں، حضور نبی اکرم آپ کے وصال کے بعد بھی آپ کو یاد فرمایا کرتے تھے، ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ نبی اکرم پر سب سے پہلے ایمان لانے والی خاتون تھیں، آپ کو حضور نبی اکرم کی پہلی زوجہ محترمہ ہونے کی سعادت بھی حاصل ہے، انہوں نے کہا کہ حضرت سیدہ خدیجہ حسن سیرت، اعلیٰ اخلاق، بلند کردار اور شرافت و مرتبہ کی وجہ سے طاہرہ کے پاکیزہ لقب سے مشہور تھیں، سیدہ خدیجۃ الکبریٰ کو دین اسلام اور بارگاہ مصطفیٰ میں بڑی فضیلت حاصل ہے، انہوں نے کہا کہ حضور نبی اکرم کے یہ مبارک الفاظ سیدہ خدیجہ کی لازوال اور بے مثال قربانیوں کی دلیل ہیں کہ حضور نے فرمایا اللہ کی قسم خدیجہ مجھ پر اس وقت ایمان لائیں جب لوگوں نے مجھے جھٹلایا، خدیجہ نے مجھے اس وقت جگہ دی جب لوگوں نے مجھے اپنے پاس رکھنے سے انکار کر دیا اور خدیجہ سے اللہ نے مجھے اولاد عطا کی، انہوں نے کہا کہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ نے حضور نبی اکرم سے والہانہ محبت کی، حضور نبی اکرم کیلئے راحت و آرام کے تمام اسباب مہیا کئے، خوشحالی کے تمام پہلو آپ پر نچھاور کئے، حضور نبی اکرم کی پسند سیدہ خدیجہ کی پسند تھی۔

بقیہ بقیہ جات 61

کے سامنے ڈرامے کے انداز میں پیش کرتا ہے۔ تھیٹر کی تاریخ بہت قدیم ہے اس کا آغاز 2500 قبل مسیح مصر سے ہوا تھا بعد میں اسے یونانیوں نے پروان چڑھایا شیکسپیئر جیسے عظیم ڈرامہ نگار نے بھی تھیٹر کو دوام بخشا۔ پاکستان میں بھی تھیٹر کا آغاز انتہائی شاندار تھا آغا حشر کاشمیری اور امتیاز علی تاج جیسے قلم کاروں نے اس حوالے سے بہت نام کمایا۔ دور حاضر میں فلمی کلچر اور نجی ٹی وی چینلز کی یلغار میں تھیٹر کو زندہ رکھنا دل گردے کا کام ہے آج کل تھیٹروں میں ڈراموں کی بجائے کامیڈی سے کام چلایا جا رہا ہے جبکہ ضرورت اس امر کی ہے کہ لوگوں کو تھیٹروں تک لانے کیلئے سنجیدہ اور سماجی موضوعات پر ڈرامے پیش کیے جائیں جو کہ کسی جہاد سے کم نہ ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 62

سندھ میں کینالز کے خلاف احتجاج کرنے پر گرفتار کیا گیا۔ سادہ لباس اہلکار علی اکبر کو موبائل میں ڈال کر لے گئے تھے۔ علی اکبر کو کسی عدالت میں پیش نہیں کیا جا رہا۔ اہلکاروں نے کہا تھا کہ تفتیش کے بعد چھوڑ دیا جائے گا۔ میمن ٹاؤن تھانے سے پتہ چلا کہ حراست کی کوئی اطلاع نہیں۔ علی اکبر کو غیر قانونی طور پر حراست میں لیا گیا ہے۔ عدالت نے درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری کردیے۔ عدالت نے 26 مارچ کو فریقین سے جواب طلب کرلیا۔ درخواست میں آئی جی سندھ، ڈی جی رینجرز، ڈی آئی جی ایسٹ اور دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 63

دینے کی ہدایت کردی گئی ہے۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب کا کہنا ہے کہ سنگین جرائم میں ملوث افراد اسلحہ لائسنس کیلئے نااہل ہیں، آرمز رولز میں ترامیم کرکے شہریوں کیلئے سہولت پیدا کر رہے ہیں، اسلحہ لائسنس کے حصول اور تجدید کیلئے فیسوں کا شیڈول تبدیل کرنے کی سفارش کی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 64

نے انڈسٹریل اسٹیٹس میں برسوں سے جاری رئیل اسٹیٹ کے کاروبار کو بند کروادیا اس لئے اب یہاں تیزی سے کارخانے لگ رہے ہیں۔ پالیسی کے مطابق 2 سال کے اندر کارخانہ نہ لگانے والے کا پلاٹ کینسل کیا جا رہا ہے۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے ڈی جی پی آر آفس میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جعفر ایکسپریس ٹرین میں دہشت گردی کے واقعہ کی شدید مذمت کی اور اسے افسوس ناک واقعہ قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ دشمن پاکستان کو ترقی کرتا ہوا نہیں دیکھنا چاہتا۔ پاکستان کی افواج اور سیکورٹی اداروں نے امن کے دشمنوں کے ناپاک عزائم کو بہادری سے خاک میں ملا دیا۔ دہشت گردوں کا کوئی دین نہیں ہوتا وہ انسانیت کے دشمن ہیں، علما کرام اور پوری قوم کو متحد ہو کر دہشت گردی کے خاتمے کے لئے اپنا کردار ادا کرنا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 65

پھیلائی، گیارہویں شریف ہمیں بتاتی ہے کہ حقیقی سکون اور اطمینان صرف نبیؐ کی تعلیمات اور ذکر میں ملتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گیارہویں شریف کے ختم کی یہ خصوصیت ہے کہ جو بھی اسے شروع کرے یعنی ہر مہینے چاند کی گیارہویں کو ایصال ثواب کے لیے ذکر و کلام پاک کی ترتیب بنا کر لنگر کا اہتمام کرنا شروع کرے تو یہ ختم خود بخود بڑھنا شروع ہو جاتا ہے، کلام پاک پڑھنے اور لنگر کی مقدار زیادہ ہوتی جاتی ہے، اللہ خصوصی برکت دیتا ہے، گھر میں رزق میں برکت ہوتی ہے۔ محفل میلاد گیارہویں شریف میں نوجوانوں نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور محافل کی رونق کو دوبالا کیا۔

بقیہ بقیہ جات 66

تیز رفتار جیپ کو کراس کرتے ہوئے دو موٹر سائیکلوں کے درمیان تصادم میں میاں بیوی اور خاتون سمیت چار افراد چک 6 بھکروان کے 30 سالہ سہیل عباس، 35 سالہ عاصمہ نورین، رتو کالا کا 50 سالہ مختار احمد اس کی 45 سالہ بیوی مینا بی بی شدید زخمی ہو گئے جن کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ بقیہ جات 67

ملاقات کے دوران کیا گیا۔ پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار علی نے کہا کہ پاکستانی معیشت میں زراعت ایک اہم کردار ادا کرتی ہے جس کا جی ڈی پی میں 24 فیصد ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ملک میں فی جانور دودھ اور گوشت پیداوار ترقی یافتہ ممالک کی نسبت کم ہے جس کیلئے ہمیں کوششیں کرنا ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں پانی کا بحران شدت اختیار کرتا جا رہا ہے۔ پانی کی دستیابی جو ایک دہائی پہلے زرعی شعبے کیلئے 103 ایم اے ایف تھی وہ کم ہو کر 92 ایم اے ایف رہ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں زراعت کے شعبے میں جدت لانا ہوگی تاکہ دور حاضر کے چیلنجز سے نبرد آزما ہوا جا سکے۔ ڈاکٹر محمد یونس نے کہا کہ معاشی ترقی، روزگار اور غربت کے خاتمے میں زرعی اور لائیوسٹاک سیکٹر اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 8 ملین دیہی خاندانوں کا بنیادی انحصار لائیوسٹاک کی پیداوار پر ہے جو کہ ان کی کل آمدن کا 40 فیصد ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ادارے بہترین تعلقات استوار کئے ہوئے ہیں اور ملک کو درپیش چیلنجز کے حل کیلئے مشترکہ کوششیں عمل میں لا رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 68

جنگل زمین کے لیے بہت اہم ہے کیونکہ یہ جنگل بہت زیادہ کاربن جذب کرتا ہے اور بہت سے منفرد پودوں اور جانوروں کا گھر بھی ہے۔ تاہم مقامی لوگوں کا کہنا ہے کہ نئی سڑک ان کے طرز زندگی کو نقصان پہنچا رہی ہے، اور ماہرین ماحولیات کو خدشہ ہے کہ اس سے جنگل سے گزرنے کی کوشش کرنے والے جانوروں کو نقصان پہنچے گا۔ رپورٹ کے مطابق نومبر میں ہونے والی ایک بڑی موسمیاتی کانفرنس کے لیے ٹریفک گزارنے کیلئے ایک نئی ہائی وے کی تعمیر کا کام جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 69

کرنے کیلئے کوئی اقدامات نہ کئے اور کسی ٹرین کو بحال کر کے دوبارہ نہیں چلایا، 17 برس پہلے محترمہ بے نظیر بھٹو کی شہادت کے بعد ریلوے میں شدید بحران کی آڑ میں وزیر ریلوے اور ریلوے انتظامیہ نے اس سیکشن پر 7 ٹرینوں کو عارضی طور پر بند کر دیا تھا، ٹرینوں کی بندش کی وجہ سے ٹرانسپورٹروں کی چاندی ہوگئی، عوام، کاروباری تجارتی پیشہ والے افراد ذلیل و خوار ہو کر بسوں ویگنوں میں سفر کرنے پر مجبور ہیں، کوئی ان کا پرسان حال نہیں، حال ہی میں شالیمار ایکسپریس کا سٹاپ دیا گیا مگر ٹرانسپورٹ مافیا اور ریلوے انتظامیہ کی ملی بھگت سے اس کا سٹاپ بھی ختم کر دیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 70

سندھ کے مطابق ڈینگی کے مارچ میں اب تک 18 کیسز سامنے آچکے ہیں۔ ڈینگی وائرس کے جنوری میں 85 اور فروری میں 53 کیسز رپورٹ ہوئے تھے۔ طبی ماہرین نے مشورہ دیا ہے کہ گھروں، دفاتر، گلیوں، ٹائر، گملوں اور دیگر مقامات پر پانی جمع نہ ہونے دیں۔

بقیہ بقیہ جات 71

ریسکیو آپریشن مکمل کیا ہے، جعفر ایکسپریس پر حملہ بھی بیرون ملک بیٹھی قیادت نے کروایا اور جعفر ایکسپریس ٹرین دہشتگردی کے پیچھے بھارت ہے۔ ترجمان نے کہا کہ بلوچستان میں حالیہ دہشتگردی میں ملوث دہشتگرد افغانستان میں اپنے ساتھیوں سے رابطے میں تھے، اس واقعہ کے دوران ٹریس شدہ کالز میں افغانستان سے رابطوں کا سراغ ملا ہے، دہشتگردوں کی افغانستان میں محفوظ پناہ گاہیں ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 72

تحسین کرتے ہوئے کہا ہے کہ افواج پاکستان نے جانوں پر کھیل کر شہریوں کو بچایا۔ صدر آئی پی پی اور وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کا کہنا تھا کہ پاکستان دشمن عناصر کو ہر قیمت پر ناکامی اور بلوچستان میں افراتفری پھیلانے کی ہر سازش ناکام ہوگی۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ پاک فوج نے دانشمندی اور بہادری کیساتھ یہ آپریشن مکمل کیا۔ قوم ہمیشہ یک جان ہوکر پاک فوج کیساتھ کھڑی ہے۔ ایسے عناصر کی بیخ کنی کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں۔

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال
صاحب نائب تحصیلدار / ریونیو آفیسر
حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع دھوری متوفی بشیر احمد ولد محمد امیر وارثان محمد امیر والد رابعہ بی بی والدہ پہلے فوت شدہ۔
زندہ امیراں بی بی بیوہ - توقیر احمد پسر - عروج فاطمہ دختر متوفی ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ دستخط و مہر عدالت ہذا سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال
صاحب نائب تحصیلدار / ریونیو آفیسر
حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 2 جنوبی متوفی محمد یار ولد گاہرا وارثان گاہرا والد - جلاں - والدہ عائشہ زوجہ متوفی پہلے فوت شدہ۔
زندہ محمد ممتاز - مظہر اقبال پسران متوفی ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ دستخط و مہر عدالت ہذا سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال
صاحب نائب تحصیلدار / ریونیو آفیسر
حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 4 شمالی متوفی محمد یار ولد مانک خان وارثان مانک خان والد - فاطمہ بی بی والدہ - رسولاں زوجہ متوفی پہلے فوت شدہ۔
زندہ نصرت پروین بیوہ - غلام عباس - ساجد نواز - محمد شہریز پسران نجمہ شاہین دختر متوفی ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ دستخط و مہر عدالت ہذا سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال
صاحب نائب تحصیلدار / ریونیو آفیسر
حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موزہ دھوری متوفی تاجہ ولد مغل - وارثان مغل والد - جلاں والدہ پہلے فوت شدہ۔
زندہ نذیراں بیوہ - محمد مطلوب - عبدالحفیظ - عبدالعزیز پسران متوفی ہیں اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ دستخط و مہر عدالت ہذا سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب
دیپالپور / ADLR صاحب دیپالپور

عنوان: انتقال وراثت محمد شہباز (متوفی) ولد واحد ساکن موضع پرمانند تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہر گاہ عنوان بالا میں انتقال وراثت اراضی واقع موضع پرمانند تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ دفتر ہذا میں درج کیا گیا ہے۔ محمد شہباز (متوفی) بقضائے الٰہی سے وفات پا چکا ہے۔ متوفی کی دو بیویاں آمنہ بی بی اور حلیمہ بی بی قبل ازیں فوت ہو چکی ہیں۔ جبکہ تیسری بیوی بخشاں بی بی مطلقہ ہے۔ متوفی کے دیگر وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔ محمد حنیف، صبح صادق، محمد عباس احمد، محمد شعبان، غیاث احمد، محمد حسن، محمد حسین، شاہدہ بی بی، زینب بی بی پسران و دختران متوفی محمد شہباز ساکن موضع پرمانند تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ شجرہ نسب میں درج شدہ ہیں۔ لہٰذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت محمد شہباز (متوفی) کے بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ زیر دستخطی کے اندر 7 یوم بمعہ ثبوت دفتر ہذا رابطہ کرے ورنہ حسب ضابطہ منظور و تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد ازاں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

یہ وقت کسی جماعت کو ختم کرنے کا نہیں عوام کے درمیان خلیج مٹانے کا ہے، سلمان اکرم راجا

آج ہم نے جعفر ایکسپریس والے سانحے پر گفتگو کرنی ہے، قیمتی جانوں کا ضیاع ہوا، پوری قوم اس غم میں ڈوبی ہوئی ہے: رہنما تحریک انصاف

پی ٹی آئی نے پاکستان کو جوڑ کر رکھا ہے، ملک کو جو صورتحال درپیش ہے، اس کا ادراک کریں: ایڈووکیٹ علی بخاری کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پی ٹی آئی رہنما سلمان اکرم راجانے کہا ہے کہ یہ وقت کسی جماعت کو ختم کرنے کا نہیں بلکہ عوام کے درمیان خلیج مٹانے کا ہے۔ ایڈووکیٹ علی بخاری کے ساتھ پریس کانفرنس کرتے ہوئے پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجانے کہا کہ آج ہم نے جعفر ایکسپریس والے سانحے پر گفتگو کرنی ہے۔ قیمتی جانوں کا ضیاع ہوا، پوری قوم اس غم میں ڈوبی ہوئی ہے۔ جولوگ شہید ہوئے اللہ انہیں جنت میں جگہ دے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی وہ واحد جماعت ہے جس نے پاکستان کو جوڑ کر رکھا ہے۔ ملک کو جو صورتحال درپیش ہے، اس کا ادراک کریں۔ یہ وقت پاکستان کی آواز کو سننے کا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم بلوچستان کی آواز کو سنیں۔ یہ وقت کسی جماعت کو ختم کرنے کا نہیں بلکہ عوام کے درمیان خلیج ختم کرنے کا ہے۔ سلمان اکرم راجا کا کہنا تھا کہ ہم تمام صوبوں میں امن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)

لاہور: آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سینٹرل پولیس آفس میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

رمضان المبارک میں انقلاب اور تبدیلی کا مہینہ ہے، ضیاء الدین انصاری

ملک میں دہشتگردی کا پلان امریکی، اسرائیلی اور بھارتی گٹھ جوڑ کا نتیجہ ہے، سانحہ جعفر ایکسپریس میں سیکورٹی فورسز اور عوام الناس کی شہادتوں پر پوری قوم کے دل غم زدہ ہیں

دہشتگردی کے خاتمہ کیلئے تمام اسٹیک ہولڈرز اور سیاسی پارٹیوں کی مشاورت سے پالیسی تشکیل دی جائے، امیر جماعت اسلامی لاہور ایڈووکیٹ کا افطار ڈنر تقریب سے خطاب

لاہور (خبرنگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ رمضان المبارک میں انقلاب اور تبدیلی کا مہینہ ہے۔ رمضان المبارک اسلام کی سربلندی اور غلبہ کا مہینہ ہے، یہ ماہ مبارک یوم باب الاسلام، یوم بدر فتح مکہ سمیت اسلام کی فتوحات کا مہینہ ہے۔ مبارک مہینے میں پاکستان میں دہشتگردی کرنے والے ان کے سہولت کار ملک وقوم کے دشمن ہیں۔ ملک میں دہشتگردی کا پلان امریکی، اسرائیلی اور بھارتی گٹھ جوڑ کا نتیجہ ہے۔ سانحہ جعفر ایکسپریس میں سیکورٹی فورسز اور عوام الناس کی شہادتوں پر پوری قوم کے دل غم زدہ ہیں۔ شہید ہونے والے افراد کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 51)

امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ

پاکستان میں دہشت گردی کا ماسٹر مائنڈ اور حکمت کار انڈیا ہی ہے: مشترکہ بیان

ملی یکجہتی کونسل ہر نوعیت کی دہشت گردی کے خاتمہ کے لیے تعمیری مثبت قومی کردار ادا کرتی رہے گی

لاہور (خبرنگار) نائب امیر جماعتِ اسلامی، سیکرٹری جنرل ملی یکجہتی کونسل لیاقت بلوچ اور ملی یکجہتی کونسل کے مرکزی نائب صدور پیر ہارون گیلانی، پیر صفدر گیلانی، علامہ عارف حسین واحدی، سید ناصر شیرازی، حافظ عبدالغفار روپڑی، ڈاکٹر عطاء الرحمٰن، مخدوم ندیم ہاشمی، مفتی گلزار نعیمی، علامہ سید ضیاء اللہ بخاری، ڈاکٹر سید علی عباس نقوی، عبداللہ حمید گل، علامہ شبیر میثمی نے مشترکہ بیان میں جعفر ایکسپریس مسافر ٹرین پر دہشت گرد حملہ اور بیگناہ مسافروں کے قتل اور اغواء کی مذمت کی اور دہشت گرد کارروائی کے بعد سیکورٹی جوانوں کی کامیاب کارروائی اور مسافروں کی بازیابی پر اللہ کا شکر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

کوئٹہ، جعفر ایکسپریس اور چمن مسافر ٹرین دوسرے روز بھی معطل

جعفر ایکسپریس پر حملے کے بعد ٹرین سروس 3 روز کے لیے معطل کی گئی ہے، ریلوے حکام

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سے اندرونِ ملک جانے والی جعفر ایکسپریس اور چمن پسنجر ٹرین دوسرے روز بھی معطل ہے۔ ریلوے حکام کے مطابق کوئٹہ سے اندرونِ ملک اور چمن کے لیے ٹرین سروس کل بھی معطل رہے گی۔ ریلوے حکام کا کہنا ہے کہ پچھلی میں جعفر ایکسپریس پر حملے کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر59)

YDF کا "آل نیبرز" امریکہ کے اعزاز میں بین المذاہب افطار ڈنر کا اہتمام

رمیش سنگھ اروڑہ کی دیگر کے ہمراہ خصوصی شرکت، پروگرام میں مختلف ثقافتوں میں امن، ہم آہنگی اور تفہیم کے مشترکہ اقدار پر متحد ہونے والے افراد موجود تھے

پہلی مرتبہ اقلیتی امور کے محکمے کو مزید مضبوط کرنے اور پنجاب بھر میں اقلیتی مسائل کے حل کیلئے پانچ سالہ اسٹریٹیجک پلان کے نفاذ کی کوشش کی جا رہی ہے، صوبائی وزیر

لاہور (خبرنگار) بین المذاہب اتحاد کے ایک خوبصورت اظہار کے طور پر، یوتھ ڈیولپمنٹ فاؤنڈیشن (YDF) نے ہیومن رائٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے تعاون سے لاہور کے ایک نجی ہوٹل میں "آل نیبرز" امریکہ کے اعزاز میں ایک بین المذاہب افطار ڈنر کا اہتمام کیا۔ اس پروگرام میں مختلف ثقافتوں میں امن، ہم آہنگی اور تفہیم کے مشترکہ اقدار پر متحد ہونے والے افراد موجود تھے۔ افطار ڈنر میں اقلیتی امور کے صوبائی وزیر رمیش سنگھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 54)

YDF کا "آل نیبرز" امریکہ کے اعزاز میں بین المذاہب افطار ڈنر رمیش سنگھ اروڑہ کی دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

ایسے منصوبے مکمل کرینگے جو قومی اثاثہ ثابت ہوں، وزیر بلدیات

مریم نواز ڈنگ ٹپاؤ کلچر کیخلاف ہیں، وزیراعلیٰ کے ویژن پر مکمل عملدرآمد کیا جائے گا

پہلے مرحلے میں 16 تحصیلوں کے 1802 دیہات کی اپ گریڈیشن ہوگی، ذیشان رفیق

لاہور (خبرنگار) وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ ایسے منصوبے مکمل کریں گے جو قومی اثاثہ ثابت ہوں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز ڈنگ ٹپاؤ منصوبوں کے کلچر کے خلاف ہیں۔ وزیراعلیٰ کے ویژن پر مکمل عملدرآمد کیا جائے گا۔ وہ سول سیکرٹریٹ میں ہونے والے ایک اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں منتخب دیہات میں میونسپل سروسز کی فراہمی کے پروگرام میں پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں اور سپیشل سیکرٹری آسیہ گل نے بھی شرکت کی۔ پنجاب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 53)

لاہور: وزیر بلدیات پنجاب رورل میونسپل سروسز کمپنی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت پنجاب کی ہدایت پر (آج) کو پنجاب کلچر ڈے منایا جائیگا

پنجاب کی ثقافت کے موضوع پر پینٹنگز کے مقابلے ہوں گے، سکولوں میں بھی پروگرام ہونگے

ننکانہ صاحب (این این آئی) حکومت پنجاب کی ہدایت پر (آج) 14 مارچ کو پنجاب کلچر ڈے منایا جائے گا، ضلعی حکومت ننکانہ کی طرف سے پنجاب کلچر ڈے کے حوالے سے گزشتہ روز پروگراموں کا شیڈول جاری کر دیا گیا، جس کے مطابق ضلعی سطح پر سکول اور کالجز کے زیراہتمام پنجاب کی ثقافت کے موضوع پر پینٹنگز کے مقابلے ہوں گے جبکہ ضلع کونسل اور میونسپل کمیٹیوں کے زیراہتمام پنجابی نعت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر44)

سیدہ خدیجۃ الکبریٰ دنیا بھر کی مسلم خواتین کیلئے رول ماڈل کی حیثیت رکھتی ہیں، صاحبزادہ حافظ فاران سہیل

ننکانہ صاحب (این این آئی) پاکستان سنی تحریک کے سینئر رہنما صاحبزادہ حافظ فاران سہیل نے کہا ہے کہ سیدہ خدیجۃ الکبریٰ عرب کی معزز و دولت مند خاتون ہونے کے ساتھ ساتھ علم و فضل اور ایمان و ایقان میں بھی نمایاں مقام رکھتی تھیں، حضرت سیدہ خدیجۃ الکبریٰ حضور نبی اکرم کی سب سے پہلی رفیقہ حیات ہیں، آپ نے فضائل و مناقب بے شمار ہیں لیکن نمایاں وصف یہ ہے کہ اپنے مقدس شوہر کی ہر خوشی و غم میں شریک رہنے والی تھیں، سیدہ خدیجۃ الکبریٰ کے یوم وصال کے حوالے سے اپنے جاری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر60)

پی پی ایس سی کا سرکاری محکموں کی مختلف آسامیوں کے تحریری و حتمی نتائج کا اعلان

نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا، کامیاب امیدواروں کو انٹرویو کیلئے بلایا جائیگا

لاہور (این این آئی) پنجاب پبلک سروس کمیشن نے سرکاری محکموں کی مختلف آسامیوں کے تحریری و حتمی نتائج کا اعلان کر دیا۔ محکمہ زراعت میں سائنٹفک آفیسر کی 19 آسامیوں کے لیے 85 امیدوار تحریری امتحان میں کامیاب ہوئے ہیں۔ فنانس ڈیپارٹمنٹ میں آڈٹ آفیسر کی آسامی کے لیے 9 امیدوار کامیاب ہوئے، جن میں محمد شاہ زین وڑائچ، خواجہ خالد ولید، محمد شعیب ظفر سلطانی، سدرہ بشارت، رانا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر45)

این ٹی ڈی سی نے 19 کھلاڑیوں کو ریگولر اور 25 کو اگلے گریڈز میں ترقی دیدی

کھلاڑی قوم اور ادارے کا اثاثہ ہیں: ایم ڈی این ٹی ڈی سی انجینئر محمد وسیم یونس کی کھلاڑیوں سے ملاقات میں بات چیت

امید ہے قومی ہیرو مزید کامیابیاں سمیٹیں گے اور ملک و ادارے کا نام روشن کریں گے: صدر این ٹی ڈی سی سپورٹس ایسوسی ایشن خواجہ رفعت حسن

لاہور (سپورٹس رپورٹر) نیشنل ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی (این ٹی ڈی سی) نے مختلف قومی و بین الاقوامی مقابلوں میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے گریڈ 07 سے 16 تک کے 19 کھلاڑیوں کی ملازمتوں کو مستقل جبکہ 25 کو اگلے گریڈز میں ترقی دیدی۔ ان کھلاڑیوں نے ہاکی، کرکٹ، فٹ بال، والی بال، بیڈمنٹن، ایتھلیٹکس، جیولن تھرو، ویٹ لفٹنگ، باڈی بلڈنگ، باکسنگ، جوڈو، کراٹے، تیراکی، ریسلنگ، مارشل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 55)

لاہور: مینجنگ ڈائریکٹر این ٹی ڈی سی، انجینئر محمد وسیم یونس و دیگر افسران کا مستقل ہونے والے اور ترقی پانے والے کھلاڑیوں اور کوچز کے ساتھ گروپ فوٹو

شیخوپورہ میں 15 نئی فیکٹریاں لگنے جا رہی ہیں، چوہدری شافع

گارمنٹ سٹی بن رہا ہے جہاں چین کی ٹیکسٹائل انڈسٹری منتقل ہوگی، وبائی وزیر صنعت و تجارت حسین کی پریس کانفرنس

انڈسٹریل اسٹیٹس میں برسوں سے جاری رئیل اسٹیٹ کے کاروبار کو بند کروا دیا، اب یہاں تیزی سے کارخانے لگ رہے ہیں

لاہور (آن لائن) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے کہا ہے کہ اگلے 2 ماہ میں قائد اعظم بزنس پارک شیخوپورہ میں 15 نئی فیکٹریاں لگنے جا رہی ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر یہاں گارمنٹ سٹی بن رہا ہے جہاں چین کی ٹیکسٹائل انڈسٹری منتقل ہوگی۔ فیڈمک کے زیراہتمام فیصل آباد میں 9 ہزار ایکڑ رقبے پر انڈسٹریل اسٹیٹس کی سیکیورٹی وال کا 90 فیصد کام مکمل ہو چکا باقیماندہ کام اگلے 2 ماہ میں مکمل ہو جائے گا۔ ہم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر64)

وہاڑی: ڈپٹی کمشنر عمرانہ توقیر نگہبان رمضان پیکیج، پرائس مانیٹرنگ، رمضان سہولت بازار اور ریڑھی بازار کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

بلوچستان میں ٹرین دہشتگرد حملے میں 'را' ملوث ہے' گرپتونت سنگھ پنوں

عالمی ادارے بھارتی قومی سلامتی کے مشیر اجیت دوول اور 'را' کیخلاف کارروائی کریں' سکھ رہنما کا مطالبہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں سکھوں کی عالمی تنظیم سکھ فار جسٹس نے بلوچستان میں ٹرین حملے سے متعلق بیان جاری کیا ہے۔ سکھ فار جسٹس کے رہنما گرپتونت سنگھ پنوں نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ٹرین دہشت گرد حملے میں 'را' ملوث ہے، عالمی ادارے بھارتی قومی سلامتی کے مشیر اجیت دوول اور 'را' کے خلاف کارروائی کریں۔ گرپتونت سنگھ پنوں نے کہا ہے کہ پاکستان کے خلاف بھارت خفیہ جنگی حکمتِ عملی کے بلیو پرنٹ پر عمل کر رہا ہے، مودی کا بھارت صرف علاقائی خطرہ نہیں، یہ ایک مکمل دہشت گرد حکومت ہے، مودی حکومت پُرتشدد بین الاقوامی جبر میں مصروف ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ بلو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر36)

گورنر سندھ کی نیو کراچی میں 12 ویں سحری کے اجتماع میں شرکت

کل بولان کے واقعے میں سب سے پہلے افواج کے سپاہی پہنچے: گورنر سندھ کی میڈیا سے گفتگو

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے نیو کراچی میں 12 ویں سحری کے اجتماع میں شرکت کی اور اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مختلف موضوعات پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ گورنر سندھ نے نیو کراچی کے رہائشیوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ایسا استقبال اس سے پہلے نہیں دیکھا۔ انہوں نے اس موقع پر عزم ظاہر کیا کہ وہ اپنے شہر کے لوگوں کے لیے کام کرنے کے لیے پوری طرح تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج میں اجازت دیتا ہوں کہ جو کوئی اس شہر میں رہنے والوں کو تنگ کرے گا، نیو کراچی میں رہنے والا ہر بھائی کہے گا کہ میں گورنر کا بھائی ہوں، اور جب آپ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر48)

وزیر اعظم ٹرین حملے کے خلاف اے پی سی بلائیں، فاروق ستار

ایم کیو ایم بلوچستان واقعہ کی شدید مذمت کرتی ہے، نیشنل ایکشن پلان کا دوبارہ جائزہ لینے کی ضرورت ہے، رہنما ایم کیو ایم

تمام سیاسی جماعتیں صرف مذمت تک نہ رہیں عملی طور پر دہشت گردی کے خلاف متفقہ لائحہ عمل سامنے لائیں: بیان

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ایم کیو ایم کے رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ نیشنل ایکشن پلان کا دوبارہ جائزہ لینے کی ضرورت ہے، وزیراعظم سانحہ جعفر ایکسپریس پر اے پی سی بلائیں جو قومی ایجنڈا طے کرے۔ قومی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم بلوچستان واقعہ کی شدید مذمت کرتی ہے، تمام سیاسی جماعتیں صرف مذمت تک نہ رہیں عملی طور پر دہشت گردی کے خلاف متفقہ لائحہ عمل سامنے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر34)

بہاولپور: شہری رمضان سستا بازار سے خریداری کر رہے ہیں

نواسہ رسول حضرت امام حسن کا یوم ولادت 16 مارچ اتوار کو عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) نواسہ رسول حضرت امام حسن کا یوم ولادت 15 رمضان المبارک بمطابق 16 مارچ اتوار کو عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جائے گا اس سلسلے میں، فیصل آباد سمیت ملک بھر میں مساجد اور امام بارگاہوں میں جشن ولادت کے سلسلے میں خصوصی تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جبکہ علماء کرام، خطیب حضرات سیرت حضرت امام حسن پر تفصیل سے روشنی ڈالیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر37)

ملک بھر میں (کل) یوم تحفظ ناموس رسالت پورے جوش و جذبہ سے منایا جائیگا

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد سمیت ملک بھر میں (کل) 15 مارچ کو یوم تحفظ ناموس رسالت پورے جوش و جذبہ سے منایا جائے گا۔ جس میں تقریبات کا انعقاد کر کے اس کی شان رسالت اور اس کی عظمت کو اہمیت کو اجاگر کیا جائے گا جس کے لئے تعلیمی اداروں کے سربراہان کو آگاہ کرتے ہوئے تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق فیصل آباد سمیت ملک بھر میں 15 مارچ 2025 کو یوم ناموسِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم پورے جوش و جذبہ سے منایا جائے گا اور اس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر39)

پاکستان کا شعبہ سیاحت عروج پر 2025ء تک 4 ارب ڈالر سے زائد کے منافع کی توقع، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کا سیاحت کا شعبہ 2025 تک 4 ارب ڈالر سے زائد کی آمدنی حاصل کرے گا، جب کہ 2029 تک اس کا حجم 5.53 ارب ڈالر تک پہنچنے کا امکان ہے۔ یہ انکشاف ''اسٹیٹسٹا ٹریول اینڈ ٹورازم پاکستان رپورٹ'' میں کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق 2025 سے 2029 تک سیاحت کی صنعت کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر42)

قائم مقام پراسیکیوٹر جنرل کی تعیناتی کو سندھ ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا گیا

عدالت عالیہ نے ایڈووکیٹ جنرل و دیگر کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا

کراچی (این این آئی) قائم مقام پراسیکیوٹر جنرل کی تعیناتی کو سندھ ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا گیا، عدالت عالیہ نے ایڈووکیٹ جنرل و دیگر کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 27 مارچ تک جواب طلب کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق قائم مقام پراسیکیوٹر جنرل کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن سندھ ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ درخواست خادم حسین کی جانب سے دائر کی گئی۔ درخواستگزار کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر38)

ٹرمپ کی حلف برداری میں شریک 5 ارب پتی خسارے کا شکار

پانچ ارب پتیوں کو اب تک مجموعی طور پر 209 ارب ڈالر کا نقصان ہو چکا ہے

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ میں 20 جنوری 2025 کو صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی تقریب حلف برداری میں شرکت کرنے والوں میں پانچ ارب پتی ایسے ہیں جنہیں اس دن سے اب تک مجموعی طور پر 209 ارب ڈالر کا نقصان ہو چکا ہے۔ ان میں سب سے زیادہ نقصان ٹیسلا اور اسپیس ایکس کے سی ای او ایلون مسک کو ہوا، 148 ارب ڈالرز، کیونکہ ٹیسلا کے اسٹاک کی قیمت میں 45 (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر40)

لاہور میں جائیداد کا تنازع، بیٹے نے ماں کو چھریاں مار کر قتل کر دیا

دو بھائیوں محمد احمد اور علی حسین میں جائیداد کے بٹوارے پر جھگڑا چل رہا تھا' پولیس

لاہور (این این آئی) لاہور میں سندر کے علاقے میں واقع نجی سوسائٹی میں بیٹے نے جائیداد کے تنازعے پر ماں کو چھریاں مار کر قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق دو بھائیوں محمد احمد اور علی حسین میں جائیداد کے بٹوارے پر جھگڑا چل رہا تھا۔ ملزم علی حسین نے بھائی محمد احمد کو چھریاں مار کر زخمی کر دیا، ماں چھڑانے آئی تو اسے بھی زخمی کر دیا۔ 70 سال کی رضوانہ بی بی اسپتال میں دم توڑ گئی، جبکہ زخمی محمد احمد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر41)

اسلام آباد: پرانا چڑیا گھر کے قریب روزہ دار گرین بیلٹ پر بیٹھ کر روزہ افطار کر رہے ہیں

گیارہویں شریف کی محفلیں عقیدت اور محبت کا پیغام ہیں' پیر غلام جیلانی شاہ

گیارہویں شریف ہمیں بتاتی ہے حقیقی سکون اور اطمینان صرف نبی کی تعلیمات اور ذکر میں ملتا ہے

لاہور (این این آئی) آستانہ عالیہ اعلیٰ حضرت سیدنا پیر بشیر احمد شاہؒ پر زیر صدارت صاحبزادہ پیر غلام جیلانی شاہ محفل میلاد گیارہویں شریف تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں صاحبزادہ پیر غلام جیلانی شاہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گیارہویں شریف کی محفلیں عقیدت اور محبت کا پیغام ہیں، پریشانیوں اور غموں کے عالم میں، گیارہویں شریف کی محفل نے دلوں میں امید کی روشنی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر65)

THIS SHOP IS SEALED BY
REGIONAL TAX OFFICE-1
کراچی: آرٹی او ون کی ڈپٹی کمشنر ڈی ایچ اے میں ایک نمکو آؤٹ لیٹ کو سیل کر رہی ہیں

پاکستان سمیت دنیا بھر میں تھیٹر کا عالمی دن 27 مارچ کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں تھیٹر کا عالمی دن 27 مارچ کو منایا جائے گا ورلڈ تھیٹر ڈے منانے کا مقصد ڈراموں، ڈانس اور میوزک کے ذریعے فیصل آباد سمیت دنیا بھر میں اپنے خیالات و نظریات کا تبادلہ کرنا ہے اس حوالے سے مختلف ثقافتی تنظیموں اور فنی زندگی سے وابستہ افراد کی جانب سے تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا۔ تھیٹر کا مطلب عرف عام میں کسی کہانی کو ناظرین (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر61)

سندھ ہائیکورٹ، شہری علی اکبر کی گمشدگی کیخلاف درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری 26 مارچ تک جواب طلب

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے شہری علی اکبر کی گمشدگی کیخلاف درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 26 مارچ تک جواب طلب کرلیا۔ درخواست میں آئی جی سندھ، ڈی جی رینجرز، ڈی آئی جی ایسٹ اور دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ سندھ ہائیکورٹ میں شہری علی اکبر کی گمشدگی کیخلاف درخواست کی سماعت ہوئی۔ درخواستگزار کے وکیل نے موقف دیا کہ علی اکبر کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر62)

غیر امریکی غزہ، یوکرین پر مضامین شائع نہ کریں، کولمبیا یونیورسٹی کا انتباہ

پچھلے سال کے دوران کولمبیا یونیورسٹی فلسطینیوں کے حق میں مظاہروں کا گڑھ رہی

ٹرمپ انتظامیہ کی ناراضی مول لی گئی تو شخصی آزادی خطرات سے دوچار ہو سکتی ہے

واشنگٹن (این این آئی) کولمبیا یونیورسٹی کے غیر امریکی طلبہ کو خبردار کیا گیا ہے کہ وہ غزہ، یوکرین اور طلبہ کی گرفتاری پر احتجاج سے متعلق اپنے مضامین شائع نہ کریں ورنہ ٹرمپ انتظامیہ کی جانب سے انہیں سنگین صورتحال کا سامنا ہو سکتا ہے۔ امریکا کی کولمبیا یونیورسٹی کی انتظامیہ نے جرنلزم اسکول کے فیکلٹی ممبران اور طلبہ کو اکٹھا کر کے خبردار کیا ہے کہ ٹرمپ انتظامیہ کی ناراضی مول لی گئی تو تعلیمی کامیابیاں اور شخصی آزادی بھی خطرات سے دوچار ہو سکتی ہے۔ میڈیا قانون کے پروفیسر اسٹارٹ کارل نے طلبہ کو بتایا کہ ان کے سوشل میڈیا پر مشرق وسطیٰ سے متعلق تبصرے نہیں ہونے چاہئیں۔ فلسطینی طالبعلم نے اعتراض (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر50)

کراچی: قطر قونصلیت کی جانب سے مستحق افراد کیلئے راشن تقسیم کیا جا رہا ہے

مسافروں، علماء مساجد اور مدارس پر حملے لمحہ فکریہ ہیں' جے یو آئی

دہشتگردوں کا ٹرین پر حملہ اور ملک بھر میں وقفے وقفے سے دہشتگردی کے واقعات حکومتی نااہلی ہے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مسافروں، علماء مساجد اور مدارس پر حملے لمحہ فکریہ ہیں، حکومتی نااہلی اور عالمی طاقتوں پر انحصار کی پالیسی نے ملک و قوم کو تباہی کے دہانے پر کھڑا کر دیا ہے، دہشتگردوں کا ٹرین پر حملہ اور ملک بھر میں وقفے وقفے سے دہشتگردی کے واقعات حکومتی نااہلی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہئے کہ ملک سے دہشت گردی کے خاتمے سمیت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر35)

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 یاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

روزنامہ قوت
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
لاہور
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی
23 MARCH
PAKISTAN DAY
یوم پاکستان

یوم جمہوریہ پاکستان 23 مارچ کے عظیم الشان موقع پر روزنامہ ''قوت''، خصوصی اشاعت کا اہتمام کررہا ہے۔ تمام نمائندگان اپنے اشتہارات، انٹرویوز 21 مارچ 2025 تک ادارہ ہذا کو میل کردیں تاکہ اچھی کوریج دی جاسکے۔

انچارج نمائندگان: محمد اکرام اعوان
Dailyquwat786@gmail.com
PH:0302-1228000 / 0322-4181870

اعلان تقرری

ABC CERTIFIED
قوت
عبدالرزاق سید
تحصیل رپورٹر رائیونڈ
0300-0418688
مقرر کیا گیا ہے۔ سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔
ادارہ